
قندیل



اللہ ہے آسمانوں اور زمین کا نور

تو مکین و لا مکاں تو قرین و بے کراں

# قندیل

---------------م

## ہوس کے سمندر میں گھِرا اخلاص کا جزیرہ

✦

ہوں زادۂ خورشِید نہ انجُم کوئی تاباں
حیرَت ہے عجَب بات ہے اے ساقئ دوراں
شَب ہم نے جو چَراغ سرِ راہ رکھ دیا
سُنتے ہیں اُس کے نُور سے دنیا ہے درخشاں

# دعا

ہو پناہ منکرِ تام سے جو ذمیم ہے، جو رجیم ہے
شروع اُس حبیب کے نام سے جو کریم ہے، جو رحیم ہے

تو لئیقِ حمدِ خلوص گیں
مرے ربّ و خالقِ عالمیں
تو بڑا رحیم ہے یا متیں
تو ہی مالکِ دمِ یومِ دیں
ترے آستاں پہ مری جبیں
ہے تری مدد کی طلب یہیں
مری عرض ہے مرے دلنشیں
کہ مِری نگاہ ہو قبلہ بیں
ہوں ترے انعام کا میں رہیں
نہ ہوں میں زَ فرقۂ مشرکیں
وہ ہے جن پہ چشمکِ خشم گیں
وہ جو راستے میں ہیں گُم کہیں

آمیں

## SUPERNAL IS ETERNAL

### لا مکاں ہے جاوِداں

تو اَزل سے لَم یَزَل

تیرے خواہاں، حمد خواں
دونوں عالم دم بدم

جُو بہ جُو تیرا نمُو
چار سُو ظاہر ہے تُو

فَہمِ فرزیں سے بریں
تو رگِ جاں میں نِہاں

تیری قدرت سے فقط
ہے نفس میں پیش و پس

سو منازِل، ایک دِل
سو ترنگ اور ایک چنگ

سو مصائب، ایک رب
سو ترازُو، ایک ھُو

۷۸٦

یہ تنگ و تاریک کھائی متفرق خداوں کی خدائی کے لیے نہیں بنائی

## نغمۂ نبض

| | |
|---|---|
| حصۂ اوّل | سرودِ ہوش |
| حصۂ دوئم | سرودِ تدریج |
| حصۂ سوئم | سرودِ فرزیں ← |
| حصۂ چہارم | سرودِ نمود |
| حصۂ پنجم | سرودِ تعطُّر |

فوزیہ؛ دُخانِ لُوبان

ਆਖਿ ਆਖਿ ਮਨੁ ਵਾਵਣਾ ਜਿਉ ਜਿਉ ਜਾਪੈ ਵਾਇ ॥ (53-8, ਸਿਰੀਰਾਗੁ, ਮਃ 1)
aakh aakh man vaavnaa ji-o ji-o jaapai vaa-ay.
میں اپنے ذہن کے تاروں کو چھیڑ کر اُس کی حمد بیان کرتا ہوں۔ جیسے جیسے اُسے جانتا جاتا ہوں، ویسے ویسے تاروں کو مزید چھیڑتا جاتا ہوں

# فہرستِ مضامین

قندیل ........................................ سرِورق

فہرستِ مضامین........................................ح

حصۂ سوئم۔ سرُودِ فرزیں۔جدیدیّت۔شاہراہِ غروب ........................................2

ا۔ تعارف ........................................2

ب۔ قاعدہ ........................................8

ایک۔ ہنگامی بیانِ جدیدیّت........................................8

دو۔ ہنگامی ضابطۂ جدیدیّت ........................................9

تین۔ آئین........................................12

جدیدیّت........................................12

شہری اور جَیِّد........................................14

صدر........................................14

ایوانِ جدیدیَّت ........................................15

قانونِ مجالسِ ثلاثہ........................................16

اقوالِ خمسہ........................................18

ضابطہ نظام ........................................18

اساسی ادارے ........................................19

جدید انضمام / آبادیَّت........19
استعفیٰ........20
متفرّقات........20
ملکی نظام........21
ملکی صدر........21
ایوانِ جدیدیَّت بمطابقِ ترتیب زیر........21
نظامِ خطّہ........22
وزرائے ماندہ........22
عدلیہ........23
وزیرِاعظم ـ م بحیثیَّتِ فوطہ دار........23
ذیلی جدیدیَّت اور دوبارہ اندراج........23
برِصغیری نظام........24
صدر........25
ایوانِ جدیدیَّت بمطابقِ ترتیبِ نیم........25
نائب صدور........25
براعظمی نظام........25
صدر........26
صدر ایوانِ جدیدیت بمطابقِ ترتیبِ بیَن........26
نائب / معاون صدور........26
عالمی نظام........27
صدر........27

Cressetbook.com

ایوانِ جدیدیّت بمطابقِ ترتیبِ بَر ........ 27
نائب / معاون / ما تحت صدور ........ 27

**ج۔ وضاحتی تحاریر ........ 32**

**ایک۔ ہنگامی بیانِ جدیدیّت ........ 33**

ایک۔ا۔۔۔سابقہ آئین کے مطابق ........ 33

**دو۔ ہنگامی ضابطۂ جدیدیّت ........ 33**

دو۔ا۔۔۔جدول: ترتیبِ زمانہ ........ 34
دو۔ب۔۔۔بنیادی کام ........ 34
دو۔پ۔۔۔وزرائے اعظم ........ 35
دو۔ت۔۔۔ضابطہ وزرا ........ 35
دو۔ٹ۔۔۔خودمختاری ........ 35
دو۔ث۔۔۔وزیرِاعظم۔ا اور حدبندی ........ 35
دو۔ج۔۔۔ہنگامی درجہ بندی ........ 36
دو۔ج(۱)۔۔۔شاملِ فہرست ........ 36
دو۔ج(۲)۔۔۔اندراج ........ 36
دو۔چ۔۔۔ثبت اور عوامی کرنا ........ 36
دو۔ح۔۔۔جدیدی نظام کے کسی عہدے پر تقرّری کے اہل نہیں ہوں گے ........ 36

**تین۔ لائحۂ قدم بر برائے ترتیبِ زیر ........ 37**

تین۔ا۔۔۔قانونِ سنہ ........ 37
تین۔ا(۱)۔۔۔خاکہ: قانونِ سنہ ........ 38

**تین۔ب۔۔۔**قانونِ قرعہ ........ 38
**تین۔پ۔۔۔**معروضی امتحان ........ 39
**تین۔ت۔۔۔**شمولیّت ........ 40
**تین۔ٹ۔۔۔**جماعتِ جدیدیّت ........ 40
**تین۔ث۔۔۔**معروضی قابلیّت ........ 40
تین۔ث(۱)۔۔۔**خاکہ:** سہ درجاتی شہری تا جیّد کاروائی ........ 41

**چار۔ انتخاب اور لائحۂ ستّر۔تیس ........ 42**
**چار۔ا۔۔۔**۰.۹ کا معاملہ ........ 42
**چار۔ب۔۔۔**لائحۂ ستّر۔تیس ........ 43
چار۔ب(۱)۔۔۔حلقۂ کامل ........ 44
چار۔ب(۲)۔۔۔سماجی قابلیّت ........ 44
چار۔ب(۳)۔۔۔**جدول:** طبقہ ........ 45
چار۔ب(۴)۔۔۔**جدول:** تعلیمی درجات ........ 45
چار۔ب(۵)۔۔۔قطعۂ حلقہ ........ 46

**پانچ۔ خلیۂ خمسہ۔۔۔مکھیاں بھنبھنا رہی ہیں ........ 48**
**پانچ۔ا۔۔۔**جغرافیہ ........ 48
پانچ۔ا(۱)۔۔۔مرتبت ........ 48
پانچ۔ا(۱۔ا)۔۔۔**خاکہ:** کامل ذیلی۔خِطّے کی ساخت ........ 48
پانچ۔ا(۱۔ب)۔۔۔**جدول:** نردبانِ کمالت۔۔۔کامل ذیلی۔خِطّے کی ساخت ........ 50
پانچ۔ا(۲)۔۔۔انصرام ........ 51
پانچ۔ا(۳)۔۔۔سرحدی لائحہ ........ 51

پانچ۔ا(۴)۔۔۔کامل ذیلی۔خطہ ........ 51
پانچ۔ا(۵)۔۔۔**جدول**: خِطّوں کی ساخت ........ 53
پانچ۔ا(٦)۔۔۔جوزا خِطّہ ........ 53
پانچ۔ا(۷)۔۔۔**خاکے**: ایک تابیس ........ 54
پانچ۔ا(۸)۔۔۔**جدول**: اسمائے جغرافیائی و انتظامی ........ 63
**پانچ۔ب**۔۔۔انتظام ........ 64
پانچ۔ب(۱)۔۔۔ ۰.۴ ملین مربّع کلومیٹر سے کم رقبے کا انتظام ........ 64
پانچ۔ب(۱۔ا)۔۔۔وزرائے خطّہ ........ 64
پانچ۔ب(۱۔ب)۔۔۔**خاکہ**:ایک؛ ملکی نظام کا انتظام ........ 65
پانچ۔ب(۱۔ب)۔۔۔**خاکہ**:دو؛ ملکی نظام کی ساخت ........ 66
پانچ۔ب(۱۔پ)۔۔۔محافلِ خطّہ ........ 67
پانچ۔ب(۲)۔۔۔ ۰.۴ ملین مربّع کلومیٹر سے زیادہ رقبے کا انتظام ........ 67
پانچ۔ب(۲۔ا)۔۔۔**جدول**: جغرافیائی / انتظامی ساخت ........ 68
پانچ۔ب(۲۔ب)۔۔۔**خاکہ**:ایک؛صغیری نظام کا انتظام ........ 68
پانچ۔ب(۲۔ب)۔۔۔**خاکہ**:دو؛ اعظمی نظام کا انتظام ........ 69
پانچ۔ب(۲۔ب)۔۔۔**خاکہ**:تین؛ عالمی نظام کا انتظام ........ 70
پانچ۔ب(۲۔ب)۔۔۔**خاکہ**:چار؛صغیری نظام کی ساخت ........ 71
پانچ۔ب(۲۔ب)۔۔۔**خاکہ**:پانچ؛ اعظمی نظام کی ساخت ........ 71
پانچ۔ب(۲۔ب)۔۔۔**خاکہ**:چھ؛ عالمی نظام کی ساخت ........ 72
پانچ۔ب(۲۔پ)۔۔۔محافلِ عالم ........ 73
**پانچ۔پ**۔۔۔ضابطہ وزرا ........ 73

پانچ۔پ(۱)۔۔۔ضابطہ وزیر متعلقہ صدر کی رضامندی سے خدمات کی انجام دہی کرے گا ..................74
پانچ۔پ(۲)۔۔۔میعاد ..........................................................................................74
**پانچ۔ت۔۔۔اداروں کا محاصرہ**..........................................................................75
پانچ۔ت(۱)۔۔۔ضلعی محاصرہ..............................................................................76
پانچ۔ت(۱۔ا)۔۔۔ایک منطقہ کے تحت ضلع ..........................................................77
پانچ۔ت(۱۔ب)۔۔۔مختلف مناطق لیکن ایک صوبے کے تحت ضلع..............................78
پانچ۔ت(۱۔پ)۔۔۔مختلف صوبوں کے تحت ضلع......................................................79
پانچ۔ت(۲)۔۔۔مناطقی محاصرہ ...........................................................................80
پانچ۔ت(۲۔ا)۔۔۔ایک منطقہ کے تحت ضلع ..........................................................80
پانچ۔ت(۲۔ب)۔۔۔مختلف مناطق لیکن ایک صوبے کے تحت ضلع..............................81
پانچ۔ت(۲۔پ)۔۔۔مختلف صوبوں کے تحت ضلع......................................................82
پانچ۔ت(۳)۔۔۔صوبائی محاصرہ..........................................................................83
پانچ۔ت(۳۔ا)۔۔۔ایک منطقہ کے تحت ضلع ..........................................................83
پانچ۔ت(۳۔ب)۔۔۔مختلف مناطق لیکن ایک صوبے کے تحت ضلع..............................84
پانچ۔ت(۳۔پ)۔۔۔مختلف صوبوں کے تحت ضلع......................................................85
پانچ۔ت(۴)۔۔۔ملکی محاصرہ..............................................................................86
پانچ۔ت(۴۔ا)۔۔۔ایک منطقہ کے تحت ضلع ..........................................................86
پانچ۔ت(۴۔ب)۔۔۔مختلف مناطق لیکن ایک صوبے کے تحت ضلع..............................87
پانچ۔ت(۴۔پ)۔۔۔مختلف صوبوں کے تحت ضلع......................................................88
پانچ۔ت(۴۔ت)۔۔۔مختلف ممالک کے تحت ضلع......................................................89
پانچ۔ت(۵)۔۔۔انتظامی سطوح ...........................................................................90

پانچ۔ت(٦)۔۔۔بالائے ملک اداروں کا ملکی محاصرہ ........ 90
پانچ۔ت(٧)۔۔۔(غیر) اساسی ادارے کے مابین فرق ........ 92
پانچ۔ت(٧۔ا)۔۔۔اگر ایک ادارے کو بالا نظام اساسی تصوّر کرے تو اسے تمام زیریں نُظُم اساسی تصوّر کریں ........ 94
پانچ۔ت(٧۔ب)۔۔۔**جدول:** صدور کے دبیر خانوں کا رقبہ ........ 95
**پانچ۔ٹ۔۔۔قانونِ نومرز** ........ 95
پانچ۔ٹ(١)۔۔۔ارتقا ........ 95
پانچ۔ٹ(٢)۔۔۔غیر سیریاب خلیہ ........ 95
پانچ۔ٹ(٣)۔۔۔جزوی سیریاب خلیہ ........ 96
پانچ۔ٹ(٤)۔۔۔وزیرِ وقعت ........ 96
پانچ۔ٹ(٥)۔۔۔مکمّل سیریاب ........ 96
پانچ۔ٹ(٦)۔۔۔کامل سیریابی ........ 97
پانچ۔ٹ(٧)۔۔۔**جدول:** ایوان / خلیہ ارتباط ........ 98
**پانچ۔ث۔۔۔جداول: خلیہ** ........ 99
پانچ۔ث(١)۔۔۔حصّۂ اوّل: ذیلی۔خِطّے اور کمالات ........ 99
پانچ۔ث(٢)۔۔۔حصّۂ دوئم: خِطّے اور کمالات ........ 99
پانچ۔ث(٣)۔۔۔حصّۂ سوئم: دنیا اور کمالات ........ 100
پانچ۔ث(٤)۔۔۔حصّۂ چہارم: امثال ........ 100
**چھ۔ لائحۂ قدم بر برائے ترتیبِ بالا ........ 105**
چھ۔ا۔۔۔ضوابط ........ 105
چھ۔ب۔۔۔اعظمی نظام ........ 106

چھ۔ب(۱)۔۔۔پہلا مرحلہ......106
چھ۔ب(۲)۔۔۔دوسرا مرحلہ......106
**چھ۔پ۔۔۔عالمی نظام**......107
چھ۔پ(۱)۔۔۔پہلا مرحلہ......107
چھ۔پ(۲)۔۔۔دوسرا مرحلہ......107
چھ۔پ(۳)۔۔۔تیسرا مرحلہ......108
**چھ۔ت۔۔۔جدول: قابلیّت**......108

**سات۔ حلقہ قابلیّت ......109**

**سات۔ا۔۔۔روشِ حلقہ**......109
**سات۔ب۔۔۔تسخیرِ حلقہ**......109
**سات۔پ۔۔۔جدول: حلقہ سیریابی**......110
**سات۔ت۔۔۔قدم رکھنا**......110
سات۔ت(۱)۔۔۔قدم بری......110
سات۔ت(۱۔ا)۔۔۔حلقہ قدم بری......110
سات۔ت(۱۔ب)۔۔۔سلیس قدم بری......110
سات۔ت(۲)۔۔۔قدم زیری......110
سات۔ت(۳)۔۔۔قدم بدری......111
**سات۔ٹ۔۔۔تغیرِ منصب**......111
سات۔ٹ(۱)۔۔۔منصب پُری......111
سات۔ٹ(۲)۔۔۔منصب بدلی......111
سات۔ٹ(۳)۔۔۔منصب نظمی......111

Cressetbook.com

سات۔ث۔۔۔حلقہ کج روی ........ 113
سات۔ج۔۔۔(غیر) لازم انتخابات ........ 113
سات۔چ۔۔۔"کسی" لفظ کی اہمیّت ........ 114
سات۔ح۔۔۔جدول: انتخاب ........ 115
سات۔خ۔۔۔حلقہ / جیّد ارتباط ........ 115
سات۔د۔۔۔دستیابی ........ 116
سات۔ڈ۔۔۔جدول: فیصد قابلیّت ........ 118

**آٹھ۔ انتخابی مہم ........ 120**

آٹھ۔ا۔۔۔انتخابی مہم ج۔۱ (حصّہ اوّل) ........ 120
آٹھ۔ب۔۔۔انتخابی مہم ج۲ اور بعد ازاں ........ 121
آٹھ۔ب(۱)۔۔۔وزرائے خطّہ ........ 121
آٹھ۔ب(۲)۔۔۔ضابطہ وزرا ........ 122
آٹھ۔پ۔۔۔انتخابی مہم ج۔۱ (حصّہ دوئم) ........ 123

**نو۔ لائحۂ کثیر الجماعت ........ 125**

نو۔ا۔۔۔جدول: لائحۂ کثیر الجماعت ........ 125
نو۔ب۔۔۔جوہَرِ مُبدَل ........ 132
نو۔پ۔۔۔جماعتوں کا اشتراک ........ 132

**دس۔ موضوعات ........ 133**

دس۔ا۔۔۔ترجیحی طرزِ قانون سازی ........ 133
دس۔ب۔۔۔زیریں ترتیبِ زمانہ ........ 134

**گیارہ۔ وزیرِاعظم۔م بحیثیّتِ فوطہ دار ........ 134**

گیارہ۔ا۔۔۔بالا نُظم کی صورت میں فوطہ دار ........ 134

**بارہ۔ ایوان پُر کرنا ........ 134**

بارہ۔ا۔۔۔مضافی جیدّ ایوانِ زیر ........ 135

بارہ۔ا(۱)۔۔۔جدول: ایوانِ زیر میں اضافہ ........ 135

بارہ۔ب۔۔۔مضافی جیدّ ایوانِ نیم ........ 136

بارہ۔ب(۱)۔۔۔جدول: ایوانِ نیم میں اضافہ ........ 138

بارہ۔پ۔۔۔مضافی جیدّ۔اعظمی نظام میں ایوانِ بَین ........ 138

بارہ۔ت۔۔۔مضافی جیدّ ایوانِ بر ........ 139

بارہ۔ٹ۔۔۔مضافی جیدّ۔عالمی نظام میں ایوانِ بَین ........ 139

بارہ۔ث۔۔۔جدول: ایوان پُر کرنا ........ 141

**تیرہ۔ جداول: نردبانِ مسوّدہ۔۔۔مسوّدہ منظوری ........ 142**

تیرہ۔ا۔۔۔ایوانِ زیر یا نیم میں مسوّدہ منظوری ........ 142

تیرہ۔ب۔۔۔ایوانِ بَین میں مسوّدہ منظوری ........ 142

تیرہ۔پ۔۔۔ایوانِ بَر میں مسوّدہ منظوری ........ 143

**چودہ۔ ذیلی۔جدیدیّت ........ 144**

چودہ۔ا۔۔۔جدول: ذیلی۔جدیدیّت اور لاحقہ جماعتوں میں دوبارہ شمولیّت ........ 146

**پندرہ۔ تنوّع اور انطباق۔۔۔ج۔اشتراک ........ 148**

پندرہ۔ا۔۔۔ج۔انضمام ........ 149

پندرہ۔ا(۱)۔۔۔معیّن ج۔انضمام ........ 149

پندرہ۔ا(۲)۔۔۔بے طرف ج۔انضمام ............ 150
پندرہ۔ا(۲۔ا)۔۔۔سالِ اوّل ............ 150
پندرہ۔ا(۲۔ب)۔۔۔سالِ دوئم ............ 151
پندرہ۔ا(۲۔پ)۔۔۔سالِ سوئم ............ 152
پندرہ۔ا(۳)۔۔۔باطرف ج۔انضمام ............ 152
پندرہ۔ا(۳۔ا)۔۔۔تسخیرِ ساعت گرد ............ 155
پندرہ۔ا(۳۔ب)۔۔۔خاکہ: سال وار ............ 157
پندرہ۔ا(۳۔ب)۔۔۔خاکہ: جوہر ............ 158
پندرہ۔ا(۳۔پ)۔۔۔جدولِ: مساوی برائے انتخابِ قاضئ اصلاح ............ 159
پندرہ۔ا(۴)۔۔۔ج۔اضافہ ............ 159
پندرہ۔ا(۵)۔۔۔ج۔انضمام اور توسیع ............ 160
پندرہ۔ب۔۔۔ج۔آبادیّت ............ 160
پندرہ۔ب(۱)۔۔۔جدول: حقِ ج۔آبادیّت ............ 161
پندرہ۔ب(۲)۔۔۔جدول: حدِّ ج۔آبادیّت ............ 162
پندرہ۔ب(۳)۔۔۔ج۔اتّصال ............ 162
پندرہ۔ب(۳۔ا)۔۔۔پہلا مرحلہ ............ 163
پندرہ۔ب(۳۔ب)۔۔۔دوسرا مرحلہ ............ 163
پندرہ۔ب(۳۔پ)۔۔۔تیسرا مرحلہ ............ 163
پندرہ۔ب(۳۔ت)۔۔۔چوتھا مرحلہ ............ 164
پندرہ۔ب(۳۔ٹ)۔۔۔پانچواں مرحلہ ............ 164
پندرہ۔ب(۳۔ث)۔۔۔چھٹا مرحلہ ............ 164

پندرہ۔پ۔۔۔ج۔اتصال اور لائحۂ ستّر۔تیس ........................................................................164

**سورج سے جاملو ..................................................................................... 168**

Cressetbook.com



وَلَقَدْ رَءَاهُ بِٱلْأُفُقِ ٱلْمُبِينِ ﴿٢٣﴾

اور اس نے اس کو کھُلے کنارے پر دیکھا بھی ہے

۸۱:۲۳

Cressetbook.com

حصۂ سوئم۔ سرُودِ فرزیں



۔جدیدیّت۔شاہراہِ

غروب

## ا۔ تعارف

*مقامِ انسانیّت*۔ فرض کرو کہ انسانیّت ایک تہذیب، جو کہ ایک مختلف سیّارہ۔ش پر آباد ہے، کے بالمقابل ہے جو کہ ہر لحاظ سے اس دنیا کی نقل ہے۔ سیّارہ۔ش کے لوگوں نے اپنی دنیا کو تقسیم نہیں کیا، یعنی، وہاں تنوّع ہے لیکن اتنا نہیں کہ جغرافیے کو تقسیم کر دے۔ ایسی صورت میں کون زیادہ مضبوط ہو گا؟ کون بعد از سانحۂ انقراض زندہ بچ نکلنے کی بہتر صلاحیّت رکھتا ہو گا؟

*حاصلِ عسکریّت*۔ دنیا جغرافیائی لحاظ سے اکائی ہے۔ اس لیے اسے لگ بھگ دو سو ٹکڑوں میں تقسیم کر دینا اس کی فطری ہیئت کو درہم برہم کر دینے کے مترادف ہے۔ اس غیر فطری تقسیم، ذیلی تقسیم اور ذیلی در ذیلی تقسیم نے جہاں اور ساکنانِ جہاں کے جوہر کو بدرجہا کم کر دیا ہے۔ اس لیے دنیا ا۔۴ منفی ہے۔

*قربِ موزونیّت*۔ تنوّع ایک مثبت وصف ہے۔ لیکن اگر یہ اس حد تک بڑھ جائے کہ جغرافیے ہی کو نقصان پہنچا دے تو اخذ کیا جا سکتا ہے کہ نظریہ اور جغرافیہ باہم مناسبت نہیں رکھتے۔ ایک ایسا نظام موجود ہونا چاہیے جو تقسیم کی حد سے قبل تنازعات کے بہاو کی سمت کو تبدیل کر سکے۔

*ربزنِ سالمیّت*۔ ایک طویل عرصے میں تنازعات اس حد تک بڑھ گئے کہ انہوں نے بالآخر جغرافیے کو نقصان پہنچا دیا۔ یہاں تقسیم کی اصطلاح کو بطورِ عمومی استعمال کیا گیا ہے کیونکہ باوجود اس کے کہ سب انسان ہیں، اُن کے عقائد اس حد تک منقسم ہیں کہ مفاہمت کی کوئی بھی راہ سجھائی نہیں دیتی۔ مجموعی نظریہ کمزور ہے اور کوئی تسلُّط نہیں جو اکائی کی طرح اِسے ترقّی پر آمادہ کرے۔ اس ذہنی بے آہنگی کا حاصل سراسر ناامیدی ہے۔ ان نامساعد حالات میں دنیا، سیّارہ۔ش کے بالمقابل، حسبِ تابع ہے۔

*شیوۂ انانیّت*۔ دنیا ایک لمبی ریل گاڑی ہے جس میں لگ بھگ دو سو بوگیاں ہیں۔ لیکن اس ریل گاڑی کے آگے کوئی انجن نہیں اور بوگیوں کا حجم یکساں نہیں۔ علاوہ ازیں، ہر بوگی کا انجن انفرادی ہے جو ایک خاص اسپی طاقت رکھتا ہے اور بوگی کو آگے یا پیچھے کی سمت دھکیل سکتا ہے۔ موجودہ حالات میں یہ ریل گاڑی کبھی بھی اپنی منزلِ مقصود تک نہیں پہنچ سکتی۔ یہ ایسا ہے کہ جیسے ایک جسم میں دو سو دماغ ہوں؛ پس، یہ نظام قدرت سے کسی بھی قسم کی مناسبت نہیں رکھتا۔

*سایۂ ابدیّت*۔ بقا اور آگے بڑھنے کے لیے تمہارے نظریے کے لیے ضروری ہے کہ وہ قوانینِ قدرت سے مناسبت رکھتا ہو۔ قوانین برائے انصرامِ نظریہ ایسے طور پر وضع کرنے چاہییں کہ وہ قوانین برائے انصرامِ قدرت کے ماتحت ہوں، کیونکہ تم قدرت کو بدلنے کی سکت نہیں رکھتے؛ ناپائیداری ہمیشہ تر کیسے رہ سکتی ہے؟ ہر اس نظریے کا انجام سراسر تباہی ہے جو ہم ترازِ قدرت نہیں۔

*بحرِ نبودیّت*۔ کسی ناگہانی آفت کی صورت میں انسانیّت بحرِ نبود میں کھو جائے گی۔ حالات انتہائی نامساعد ہیں، لیکن تمہیں اس کا ادراک نہیں کیونکہ تم بے حسی کا شکار ہو۔ تمہیں سمت کے تعیّن کا شعور نہیں کیونکہ اس زرق برق دنیا نے تمہاری آنکھیں چندھیا دی ہیں۔ تم ایک تخیُّلاتی مسکن میں آباد ہو جو کسی بھی لمحے تحلیل ہو سکتا ہے۔ یہ تقسیم در تقسیم دنیا مزید کھڑی نہیں رہ سکتی۔ بقا کی جنگ جیتنے کے لیے دنیا کے نسب کو تبدیل کرنا پڑے گا۔

*ظہورِ احدیّت*۔ آیا ایسا نظام، کہ جس میں سب سما جائیں ممکن ہے یا تشدد ہی آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہے؟ یہ وہ سوال ہے جو ہر دور میں پوچھا گیا ہے۔ انسان تو ایک طویل عرصے سے موجود ہے، لیکن تہذیب فقط چند ہزار سال پہلے ہی معرضِ وجود میں آئی؛ اس لیے وقت کی طوالت زیادہ اہمیّت کی حامل نہیں۔ ایک طویل عرصے تک انسانیّت شکار اور تالیف کرنے والوں کی صورت میں ظہور پذیر رہی۔ لیکن پھر ایک قلیل عرصے میں کرشمہ ہو گیا۔ اگر باہمی تعاون نہ ہوتا تو تم آج بھی شکار اور تالیف کر رہے ہوتے۔ اگر حالات سازگار ہوں تو ترقی کا حصول تمہاری سوچ سے بھی تیز تر ہو سکتا ہے لیکن اگر حالات ناسازگار ہوں تو یہ ناقابلِ حصول ہی رہے گی۔ بالأختصار، سست روی کی بنیادی وجہ لائحۂ غیر مرکوز ہے۔ جیسے جیسے انسانیّت متّحد اور مرکوز ہوتی گئی، ویسے ویسے ترقی کی رفتار میں واضح تر اضافہ ہوتا گیا۔

*ثَمَرَۂ جمودیّت*۔ شاخیں بالیدگی سے قاصر ہیں؛ وہ کسی بھی لمحے مرجھا سکتی ہیں۔ اور تمہارے پاس مزید آگے بڑھنے کے لیے کوئی راستہ نہیں بچا۔ موجودہ ذہنیّت تمہیں زیادہ سے زیادہ اس مقام تک ہی پہنچا سکتی ہے۔ اس مرحلے پر یا تو تم تر ہو جاو گے یا صدائے نبود بلند ہو گی۔

*قالبِ جدیدیّت*۔ اس نظریاتی سرحد کو عبور کرنے کے لیے ایک نئے نظام کی اشد ضرورت ہے۔ جدیدیّت کا قالب موجودہ نظامِ جہاں کی راکھ پر نہیں بلکہ اس کی عمارت پر تعمیر کیا جائے گا۔ اقتدار کے کسی بھی نظام کی پرامن طریقے پر جدیدیّت کی جانب منتقلی کا امکان کم ہے۔ انسان کو ہمیشہ بدترین حالات کے مطابق تیّاری کرنی چاہیے، جو کہ ایسی صورتِ حال میں ناگزیر ہیں۔

*غالب و مغلوبیّت*۔ اصلاح عموماً ایک آمیزہ ہوتا ہے جس میں حالتِ جمود ایک جانب اور مصلحین دوسری جانب کار فرما ہوتے ہیں۔ نتیجے کے بابت پیشنگوئی نہیں کی جا سکتی؛ البتہ، اگر مصلحین کامیاب ہو جاتے ہیں تو اُس کے بعد کیا ہو گا؟ تمہارا جسم اور اِس کے علاوہ جو کچھ تمہیں درکار ہے پہلے ہی بے مول مہیّا کیا جا چکا ہے؛ بھائی بندی ہے بے بندی۔

*عبارتِ ربوبیّت*۔ کامل نظام وہ ہے جس کا انصرام ایسا قادرِ مطلق کرے جو نظام کے ساتھ کامل اخلاص رکھتا ہو اور اُس کی رعیت اُس پر مکمّل اعتماد رکھتی ہو اور اُس کی اندھی تقلید کرتی ہو—دماغ اور جسم۔ کیا کوئی ایسا نظام موجود ہے؟ کیا ایسا نظام موجود ہے جو مستقبل میں اِس ہدف کو حاصل کر سکنے کی صلاحیّت رکھتا ہو؟ دنیا کے نسب کو تبدیل کرنا پڑے گا۔

*نکتۂ صمدیّت*۔ یہی وہ نکتہ ہے جس نے کبھی ہمیں باندھ رکھا تھا۔ کیا تم ماضی کی آوازیں سُن سکتے ہو؟ تقسیم شدہ دنیا مزید کھڑی نہیں رہ سکتی۔ اِس لیے شبّانِ حقیقی جدیدیّت کی بنیاد رکھتا ہے۔ جیسے ایک لہر طلوع ہوتی ہے، ویسے ہی دوسری غروب ہو جاتی ہے۔ *ترازِ قدرت فرازِ خلقت*۔



میری بھیڑیں میری آواز سنتی ہیں اور میں اُنہیں جانتا ہوں اور وہ میرے پیچھے پیچھے چلتی ہیں



ہم ترازی



چیدگی وپیچیدگی

وَالَّذِی قَدَّرَ فَهَدَىٰ ﴿٣﴾

اور جس نے (اس کا) اندازہ ٹھہرایا (پھر اس کو) رستہ بتایا

۸۷:۳

یہ دستور ایک نمونہ جاتی خاکہ کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد تجزیاتی اور تعلیمی استعمال ہے، اور اسے کسی مخصوص دائرۂ اختیار میں براہِ راست نافذ کرنے کے لیے پیش نہیں کیا گیا ہے۔

*اے خدا مجھے وہ عطا کر جس میں لوگوں کی بہتری ہو*

## ب۔ قاعدہ

*ذمہ داری، احکامات، دساتیر اور قوانین*

*ایک

### ایک۔ ہنگامی بیانِ جدیدیّت

ہنگامی بیانِ جدیدیّت، جسے بعد ازاں بیان کہا جائے، کامیابی کے دس (۱۰) دن کے اندر جاری کیا جائے گا۔

**متن:**

اعلامیۂ جدیدیّت کے تحت، میں، قاضیُ القُضاۃ، بذریعۂ ہٰذا صدر نامزد کرتا ہوں اور حسبِ ذیل بیان دیتا ہوں:

۱۔ عہدہ سنبھالنے سے قبل، صدر، قاضی القضات کے روبرو حلف اُٹھائے گا۔

۲۔ صدر، مِنجُملہ، حلف برداری کے تیس (۳۰) دن کے اندر ہنگامی ضابطۂ جدیدیّت کے نفاذ کا ضامن ہو گا۔

۳۔ بصورتِ ناکامی، صدر کو برطرف کر دیا جائے گا اور نئے صدر کی تقرُّری اِس بیان میں مذکور طریقۂ کار کے تحت ازسرِ نو مستعمل قرار پائے گی۔

۴۔ بایں طور برطرف شدہ صدر جدیدی دفتر سنبھالنے کا اہل نہیں ہو گا۔

ایک۔۱-۵۔ نظامِ مملکت، حسبِ قاعدہ، سابقہ آئین کے مطابق چلایا جائے گا۔

* بالائی علامت متعلقہ وضاحتی تحریر کے ساتھ پڑھی جائے۔

## دو۔ ہنگامی ضابطۂ جدیدیّت

صدرِ مملکت بذریعۂ ہٰذا ہنگامی ضابطۂ جدیدیّت، جسے بعد ازاں ضابطہ کہا جائے، حسبِ ذیل نافذ کرتا ہے:

۱۔ (۱) یہ ضابطہ ایک سال کی مدّت پوری ہونے پر کالعدم قرار دے دیا جائے گا۔
(۲) قومی قانون ساز اسمبلی، صوبائی قانون ساز اسمبلیوں اور ۲-ٹ صوبوں کو منحل کیا جاتا ہے۔
دو-ب (۳) نظامِ حکومت بیان کی عبارت ۵ کے تحت چلایا جائے، تا وقتیکہ صدر سابقہ آئین کی کسی شِق یا اُس کے تحت اجرا کردہ ذیلی قوانین کو تبدیل یا درست یا منسوخ نہ کرے۔

۲۔ (۱) ایک ہنگامی جدیدی نظام، دو-ا زیریں ترتیبِ زمانہ کے مطابق تشکیل دیا جائے جس کی میعاد ضابطے کے اجرا کی تاریخ سے ایک سال تک ہو گی۔
(۲) ہنگامی جدیدی نظام، جدیدیَّت کی جماعتِ اوّل، جسے بعد ازاں ج۔۱ کہا جائے، تشکیل دے گا۔

۳۔ (۱) ہنگامی جدیدی نظام کے اراکین، جنہیں بعد ازاں اراکین کہا جائے، صدر، تین وزرائے اعظم، جنہیں بالتَّرتیب وزیرِ اعظم ا، ل اور م کہا جائے، وزرائے خِطّہ اور ضابطہ وزرا ہونگے۔
(۲) اراکین کی اجرا کردہ دستاویز، تا وقتیکہ اُس کی توثیق ج۔۱ نہ کرے، ضابطے کی مدت پوری ہونے پر کالعدم قرار دے دی جائے گی۔
(۳) اراکین:
(ا) ج۔۱ میں شمولیَّت اختیار نہیں کر سکتے؛ اور
(ب) بشرطِ اہلیَّت، لاحقہ جماعتوں میں شمولیَّت اختیار کر سکتے ہیں۔

۴۔ (۱) ہنگامی جدیدی نظام کا سربراہ صدر ہو گا جو تمام قانون ساز اور عاملانہ اختیارات کا منبع ہو گا۔

(۲) صدر؛ دس اور دس-ب خطّہ اور ضابطہ موضوعات کی فہرست جاری کرے گا۔

(۳) صدر؛ دو-پ وزرائے اعظم، دو-ب (ا) وزرائے خطّہ اور دو-ت اور پانچ-پ ضابطہ وزرا مقرّر کرے گا.

(۴) وزرا، صدر کی خوشنودی حاصل رہنے تک اپنے عہدے پر فائز رہیں گے۔

۵۔ (ا) وزرائے اعظم کے مابَین وزراتوں کی تقسیم دو-پ حکم کے مطابق ہوگی۔

(۲) وزیرا عظم۔ا دو-ث حدبندی کا انعقاد کرے گا۔

(۳) آٹھ-ا وزیرِا عظم۔ل جیّدوں کو اضلاع مختص کرے گا۔

٦۔ (ا) پہلی اور دوسری سہ ماہی کے دوران اراکین ۲-ج ہنگامی درجہ بندی کا انعقاد اور پانچ-ا(ا) مرتبتِ خلیہ کریں گے۔

(۲) تیسری سہ ماہی کے دوران ج۔ا کی تشکیل بذریعۂ تین-پ معروضی امتحان اور چار انتخاب ہوگی۔

۷۔ اگر ج۔ا کی تشکیل تیسری سہ ماہی کے آخر تک نہ ہو اور صدر قائل ہو کہ وجہِ تاخیر ممبران کی دسترس سے بالا تھی، تو صدر اِس تاخیر کو درگزر کرنے کا مجاز ہے اور وہ ج۔ا کی تشکیل کی مدت میں مزید ایک سہ ماہی کا اضافہ کر سکتا ہے، لیکن وجہِ تاخیر دو-ج ثبت اور عوامی کرنے کے بعد:

بشرطیکہ اگر ج۔ا کی تشکیل چوتھی سہ ماہی کے آخر تک نہ ہو تو صدر مزید توسیع دینے کا مجاز نہیں ہوگا۔

۸۔ (ا) مدّت پوری ہونے پر صدر اور وزرائے اعظم، معروضی امتحان ج۲ میں حصّہ نہ لینے کے مستحق قرار پائیں گے اور، بطیبِ خاطر، بلاواسطہ ج۲ انتخابات میں شمولیّت اختیار کرنے کے اہل ہونگے:

بشرطیکہ اُن کی تین-ث معروضی قابلیّت سب سے زیادہ نمبر لینے والے جیّد کے برابر تصوّر کی جائے گی۔

(۲) تین-۱ قانونِ سنہ میں مزکورہ کسی امر کے باوجود، اراکین، کامیابانہ طور پر مدّت پوری کرنے کے بعد، معروضی امتحان ج۲ میں حصّہ لینے کے مستحق قرار پائیں گے:

بشرطیکہ، یہ تعداد نو اندراج شدہ نو ہزار شہریوں کی تعداد کے علاوہ ہو گی۔

۹۔ ناکامی کی صورت میں ہنگامی جدیدی نظام منحل کر دیا جائے گا اور صدر کی تقرّری کا طریقۂ کار، جیسا کہ بیان میں مذکور ہے، ازسرِ نو مستعمل قرار پائے گا:

بشرطیکہ بصورتِ انحلال، اراکین ۲-ح جدیدی نظام کے کسی عہدے پر تقرّری کے اہل نہیں ہوں گے۔

## تین۔ آئین

چونکہ، واضح اخلاقی اقدار غیر متنازعہ اور انسانی ترقی کے لیے بنیادی اہمیّت کی حامل ہیں،
/اور چونکہ، حالاتِ حاضرہ ان اقدار کے حصول میں مانع اور ان عُہود کی تکمیل میں مزاحم ہیں،
لہٰذا، اب، ہم، جمہور، صداقت کے حصول کے ناقابلِ تلافی حق کو استعمال کرتے ہوئے اِس آئینِ جدیدیّت کو رائج کرتے ہیں۔

### جدیدیّت

۱۔ جدیدیّت، آئینِ جدیدیّت، جسے بعد ازاں آئین کہا جائے، کے مطابق کام کرے گی۔

۲۔ (۱) جدیدیّت درج ذیل پر مشتمل ہوگی، یعنی:

(ا) ملکی نظام؛

(ب) برِ صغیری نظام؛

(ج) برِ اعظمی نظام؛ اور

(د) عالمی نظام۔

(۲) نظامِ جدیدیّت، جسے بعد ازاں نظام کہا جائے، میں درج ذیل شامل ہوں گے، یعنی:

(ا) قانون ساز نظام:

ایوان ہائے جدیدیّت، جنھیں بعد ازاں ایوانات کہا جائے۔

(ب) عاملانہ نظام:

i. صدر؛

ii. وزرائے اعظم؛

iii. وزرائے خطّہ؛

iv. ضابطہ وزرا؛ اور

v. وزرائے ماندہ۔

۳۔ (ا) تین-ٹ جماعتِ جدیدیّت کی تشکیل سابقہ ملکی نظام کرے گا:

(ا) پہلے سال میں درجہ بندی؛

(ب) دوسرے سال میں مرتبتِ خلیہ؛ اور

(ج) اپنی مدّت کے تیسرے سال میں معروضی امتحان اور انتخاب کا انعقاد کرے۔

(۲) ج-۱:

(ا) صدر کے روبرو حلف اُٹھائے گی؛

(ب) ہنگامی جدیدی نظام کی مدّت پوری ہونے پر عہدہ سنبھالے گی؛

(ج) عہدہ سنبھالنے کے پچاس دن کے اندر آئینِ رائج کرے گی؛

(د) چودہ ذیلی جدیدیّت تشکیل دے گی؛ اور

(ہ) ج۲ تشکیل دے گی۔

(۳) لاحقہ جماعتیں ملکی صدر کے روبرو حلف اٹھائیں گی۔

شہری اور جیّد

۴۔ شہری---

(ا) کا اندراج بمطابقِ قانونِ سنہ کیا جائے گا؛

(ب) لائحۂ قدم برائے ترتیبِ زیر میں حصّہ لے گا:

بشرطیکہ شہری تین سے زیادہ مرتبہ لائحۂ قدم برائے ترتیبِ زیر میں حصّہ نہیں لے گا۔

(ج) لائحۂ قدم برائے ترتیبِ زیر کے نتیجے میں جماعتِ جدیدیّت میں تین-ت شمولیّت اختیار کرنے کے بعد جَیّد تصوّر کیا جائے گا۔

۵۔ جیّد---

(ا) قانون ساز یا عاملانہ نظام کے تحت جدیدیّت کی خدمت پر مامور ہو گا؛

(ب) دورانِ خدمت منفعت بخش عہدے پر فائز نہیں ہو گا؛ اور

(ج) قانونِ مجالسِ ثلاثہ کے تحت اپنے عہدے سے برطرف کیا جا سکتا ہے۔

صدر

٦۔ صدر:

(ا) نظام کا سربراہ ہو گا؛

(ب) سات-ڈ قابلیّت اور سات-د دستیابی کے مطابق عہدہ سنبھالے گا؛

(ج) ماتحت نظام کے ایوان میں شمولیّت اختیار نہیں کرے گا؛

(د) دس-ا ضرورت کے تحت، صدارتی ضابطہ جاری کر سکتا ہے جو وہی قوّت و اثر رکھے گا جو ایوان کے جاری کردہ قانون کا ہو گا؛

(ہ) ماتحت نظام کی اجرا کردہ کوئی قانون ساز دستاویز یا فرمان تبدیل یا درست یا منسوخ کر سکتا ہے؛ اور

(و) صدارتی فرمان جاری کر سکتا ہے جس کا اطلاق نظام پر ہو گا۔

۷۔ (۱) ایوان، مشترکہ اجلاس میں غور اور کل رکنیّت کی کم از کم دو تہائی اکثریّت کی اختلافی رائے کے بعد، صدارتی ضابطہ یا فرمان تبدیل یا درست یا منسوخ کر سکتا ہے۔

(۲) اِس شِق اور بعد ازاں ظاہر ہونے والی شِقّات میں مشترکہ اجلاس سے مراد تینوں مجالس کا مشترکہ اجلاس ہے۔

۸۔ اگر قانون کی کوئی دفعہ، ضابطے کی کسی دفعہ سے متناقض ہو تو ضابطہ غالب رہے گا اور قانون کی دفعہ تناقُض کی حد تک باطل قرار پائے گی۔

۹۔ (۱) مدّت پوری کرنے کے بعد، صدر، بمطابقِ سات-۱ روِش حلقہ، ذیلی جدیدیّت میں شمولیّت اختیار کرے گا۔

(۲) بحیثیّتِ ذیلی جیّد مدت پوری کرنے کے بعد، صدر، جدیدیّت میں دوبارہ شمولیّت اختیار کرنے کا اہل ہو گا۔

۱۰۔ تیرہ مسوّدہ برائے برخاستگیٔ صدر مشترکہ اجلاس میں غور اور کل رکنیّت کی کم از کم دو تہائی اکثریّت کی رضامندی سے منظور ہو گا۔

ایوانِ جدیدیّت

۱۱۔ (۱) ایک سہ مجلسی ایوانِ جدیدیّت، جسے بعد ازاں ایوان کہا جائے، نظام کا حصّہ ہو گا جو جغرافیائی (ا)، نظریاتی (ل) اور اقتصادی (م) مجالِس پر مشتمل ہو گا۔

(۲) بارہ مُضافی جیّد ایوان کی تشکیل کریں گے:

بشرطیکہ کوئی جیّد،بیک وقت، ایک سے زیادہ ایوانات میں شمولیّت اختیار نہیں کر سکتا۔

دس ۱۲ ۔ (۱) ایوان مضامین کی فہرست جاری کرے گا۔

(۲) ایوان، متعلقہ دائرۂ کار کے کسی بھی مضمون کے بابت قانون سازی کر سکتا ہے۔

۱۳۔ مجلس:

(ا) قانونِ مجالسِ ثلاثہ کے مطابق کام کرے گا؛ اور

(ب) پہلے اجتماع کے دوران مقرّر اور نائب مقرّر منتخب کرے گا۔

۱۴۔ مقرّر، مجلِس کے انصرامِ کار کے بابت دساتیر وضع کرے گا:

بشرطیکہ صدر، جب اور جہاں درکار ہو، ایک یا ایک سے زائد مجالس کا اجلاس طلب کر سکتا ہے:

مزید شرطیکہ صدر، مشترکہ اجلاس کے انصرامِ کار کے بابت دساتیر وضع کرے گا۔

قانونِ مجالِسِ ثلاثہ

۱۵۔ (۱) نظام میں اقتصادی امر کے بابت مسوّدے کی ابتداء مجلِس۔م میں ہوگی اور، اگر اسے ترمیم کے بغیر اراکین کی اکثریّت منظور کرلے، تو اسے مجلِس۔ل کو ارسال کر دیا جائے گا، اور، اگر اسے ترمیم کے بغیر کُل رکنیّت کی کم از کم ایک چوتھائی اکثریّت منظور کرلے، تو اسے مجلِس۔ا کو ارسال کر دیا جائے گا، اور، اگر اسے ترمیم کے بغیر کُل رکنیّت کی کم ازکم ایک چوتھائی اکثریّت منظور کرلے، تو اسے منظوری کے لیے صدر کو پیش کر دیا جائے گا۔

(۲) نظام میں نظریاتی امر کے بابت مسوّدے کی ابتداء مجلِس۔ل میں ہوگی اور، اگر اسے ترمیم کے بغیر اراکین کی اکثریَّت منظور کرلے، تو اسے مجلِس۔ا کو ارسال کردیا جائے گا، اور، اگر اسے ترمیم کے بغیر کُل رکنیَّت کی کم از کم ایک چوتھائی اکثریَّت منظور کرلے، تو اسے منظوری کے لیے صدر کو پیش کردیا جائے گا۔

(۳) نظام میں جغرافیائی امر کے بابت مسوّدے کی ابتداء مجلِس۔ا میں ہوگی اور، اگر اسے ترمیم کے بغیر اراکین کی اکثریَّت منظور کرلے، تو اسے منظوری کے لیے صدر کو پیش کردیا جائے گا۔

(۴) اگر کسی مجلس کو ارسال کردہ مسوّدہ ترمیم کے ساتھ منظور کرلیا جائے تو اسے واپس اسی مجلس کو ارسال کردیا جائے گا جہاں اس کی ابتداء ہوئی تھی اور اگر وہ مجلس اسے ترمیم کے ساتھ منظور کرلے تو اس پر مزید کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(۵) اگر کسی مجلس کو ارسال کردہ مسوّدہ مسترد ہو جائے یا کسی مجلس کو ترمیم کے ساتھ ارسال کردہ مسوّدہ مزکورہ ترمیم کے ساتھ منظور نہ کیا جائے یا صدر اختلاف کرے تو مسوّدہ اس مجلس میں کہ جس میں اس کی ابتداء ہوئی تھی، کی درخواست پر مشترکہ اجلاس میں زیرِ غور لایا جائے گا اور اگر موجود ارکان کی اکثریتِ رائے سے منظور ہو جائے تو اسے موثر قرار دے دیا جائے گا:

بشرطیکہ اگر مجلس کو ارسال کردہ یا صدر کو پیش کردہ مسوّدہ وہ مجلس، یا جیسی بھی صورت ہو، صدر، پچاس دن کے اندر منظور نہ کرے تو اُسے منظور تصوّر کیا جائے گا۔

(٦) ایک مجلس اپنے قانون سازی کے اختیار کو ایسے طور پر استعمال کرے کہ وہ دوسری مجلس کے قانون سازی کے اختیار میں مُخِل نہ ہو۔

(۷) قانونِ مجالِس ثلاثہ ترجیحی طرزِ حکومت ہے۔

١٦۔ مجلِس۔اپانچ۔ٹ قانون نومرز رائج کرسکتی ہے۔

## اقوالِ خمسہ

۱۷۔ اقوالِ خمسہ کے پانچ ضوابط، کارہائے جدیدیّت کی انجام دہی کے لیے ناگزیر ہیں اور بحسبہٖ موثر ہوں گے:۔

۱۔ نظام اختیارات کا استعمال اپنے دائرۂ کار کی حد تک کرے گا۔

۲۔ ایوان سے منظور شُدہ مسوّدے کو صدر مسترد کر سکتا ہے۔

۳۔ صدر کے اختلاف کو ایوان کا مشترکہ اجلاس کُل رکنیّت کی کم از کم دو تہائی اکثریّت سے مسترد کر سکتا ہے۔

۴۔ ما تحت ایوان کے مشترکہ اجلاس کی کُل رکنیّت کی کم از کم دو تہائی اکثریّت، اپنے دائرۂ کار کی حد تک، بالا نظام کا کوئی عمل، تبدیل یا درست یا منسوخ کر سکتی ہے۔

۵۔ بالا ایوان کے مشترکہ اجلاس کی کُل رکنیّت کی کم از کم دو تہائی اکثریّت ما تحت ایوان کا کوئی عمل، تبدیل یا درست یا منسوخ کر سکتی ہے۔

دو-ت، پانچ-پ اور آٹھ-ب(۲)

## ضابطہ نظام

۱۸۔ (۱) ضابطہ وزارت:

پانچ-پ (ا) کی تشکیل متعلقہ ایوان کی متعلقہ مجلس کرتی ہے؛ اور

(ب) کا سربراہ ضابطہ وزیر ہو گا۔

(۲) ضابطہ وزیر:

(ا) معروضی قابلیّت اور ملکی صدر کی ترجیح کے مطابق بحیثیّتِ ملکی وزیر اپنا عہدہ سنبھالے گا؛

(ب) ایوان میں شرکت اختیار نہیں کر سکتا؛ اور

(ج) شق ۵ (ج) میں مزکورہ کسی امر کے باوجود، ملکی صدر کی خوشنودی حاصل رہنے تک اپنے عہدے پر، جس کی میعاد پانچ سال کی مدّت سے زیادہ نہیں ہوگی، فائز رہے گا:
بشرطیکہ اس میعاد کو متعلقہ صدر، قدم وار، سات، نو اور پندرہ سال تک مزید بڑھا سکتا ہے۔

پانچ۔ت(۷)

اساسی ادارے

۱۹۔ (۱) نظام اتنے اساسی ادارے وضع کر سکتا ہے جتنے متعلقہ مجلِس، خلیے کی ضرورت کے مطابق متعیَّن کرے:
پانچ۔ت(۷۔ا) بشرطیکہ اگر بالا نظام کسی ادارے کو اساسی تصوّر کرتا ہے تو تمام زیریں نُظُم بھی اُس ادارے کو اساسی تصوّر کریں گے۔
(۲) مجلس، متعلقہ اساسی اداروں کے انصرامِ کار کے بابت دساتیر اور طریقہ ہائے کار وضع کرے گی۔

۲۰۔ (۱) اساسی ادارے کے سربراہ کو اساسی عہدہ دار کہا جائے گا۔
(۲) اساسی عہدہ دار:
(ا) صدر کی خوشنودی حاصل رہنے تک خدمات سر انجام دے گا؛ اور
(ب) تاآلِ یثاق یا بازنِشستگی کی صورت میں عہدے سے دست برداری اختیار کرے گا۔

جدید انضمام / آبادیّت

۲۱۔ پندرہ۔ا جدید۔انضمام اور پندرہ۔ب جدید۔آبادیّت میں مُندَرِج اقدار آئین کا لازمی جزو ہیں اور بحسبہٖ موثر ہوں گے۔

استعفیٰ

۲۲۔ جَیّد، اوّلین اعلیٰ افسر کے نام دستخطی تحریر کے ذریعے اپنے عہدے سے مستعفی ہو سکے گا:
بشرطیکہ ایسا جَیّد جدیدی نظام کے تحت کوئی عہدہ سنبھالنے کا اہل نہیں ہو گا۔

متفرّقات

۲۳۔ صدر، وزرائے اعظم اور پانچ-ٹ(۴) وزرائے وقعت، لائحۂ قدم برائے ترتیبِ زیریں حصّہ نہ لینے کے مستحق قرار پائیں گے اور، بطیبِ خاطر، بلاواسطہ چودہ-۱ لاحقہ انتخاب میں شمولیّت اختیار کرنے کے اہل ہونگے:
بشرطیکہ اُن کی معروضی قابلیّت سب سے زیادہ نمبر لینے والے جیّد کے برابر تصوّر کی جائے گی۔

۲۴۔ اگر جدیدی عہدے پر نظام کی میعاد کے دوران ایک سے زیادہ جَیّد فائز رہیں تو ایسے تمام جَیّد اس عہدے سے وابستہ مفاد کے حُصول کیلئے اہل قرار پائیں گے۔

تشریح:

۱۔ اگر نظام کی میعاد کے دوران ضلع پانچ-ٹ(۳) جُزوی سیر ہو جائے اور وزیرِ ضلع کے عہدے پر ایک سے زیادہ جَیّد فائز رہے ہوں تو تمام عہدہ داران وزرائے وقعت تصوّر کئے جائیں گے۔
۲۔ اگر نظام کی میعاد کے دوران وزیرِ اعظم کے عہدے پر ایک سے زیادہ جَیّد فائز رہے ہوں تو تمام عہدہ داران لائحۂ قدم برائے ترتیبِ زیریں حصّہ نہ لینے کے مستحق قرار پائیں گے اور بلاواسطہ انتخاب میں شمولیّت اختیار کرنے کے اہل ہونگے۔

۲۵۔ ایک ماتحت دفترشاہی نظام ہو گا۔

## ملکی نظام

۲۶۔ (۱) ملکی نظام ملکی صدر، ایوانِ زیر، وزرائے اعظم، وزرائے خطّہ، ملکی وزرا اور وزرائے ماندہ پر مشتمل ہو گا۔

(۲) ملکی نظام کی میعاد پانچ سال کی مدّت تک ہو گی:

بشرطیکہ ج۔۱ کی میعاد تین سال کی مدّت تک ہو گی۔

۲۷۔ ملکی نظام میں پانچ۔ت(۴) فوج اور عدلیہ ملکی محاصرہ شدہ اساسی ادارے تصوّر کیے جائیں گے:

بشرطیکہ ایک ملک پر مشتمل جدیدیّت کی صورت میں فوج اور عدلیہ صوبائی محاصرہ شدہ اساسی ادارے تصوّر کیے جائیں گے۔

## ملکی صدر

۲۸۔ (۱) ملکی نظام کا سربراہ ملکی صدر ہو گا:

بشرطیکہ بالا صدر کا دبیر خانہ اور ایوان، ملکی صدر کے دائرۂ کار سے خارج تصوّر کیا جائے گا۔

(۲) ملکی صدر کسی بھی وقت نو لائحۂ کثیر الجماعت متعارف کر سکتا ہے۔

## ایوانِ جدیدیَّت بمطابقِ ترتیب زیر

۲۹۔ تین مجالس پر مشتمل ایک ایوانِ جدیدیَّت بمطابقِ ترتیبِ زیر ملک کا حصّہ ہو گا۔

پانچ-ب

## نظامِ خطّہ

۳۰- نظامِ خطّہ:

(ا) ملک، صوبوں، منطقوں اور ضلعوں پر مشتمل ہوگا؛

(ب) کو بمطابقِ قابلیّت ملکی صدر، اور اتنے صوبائی، مناطقی، اور ضلعی وزراء اور مجالس پُر کریں گے جتنے سابقہ ملکی نظام کی مجلِس-ا، خلیے کی ضرورت کے مطابق، متعیّن کرے؛

(ج) کے عاملانہ اختیارات کا منبع وزرائے خطّہ ہوں گے؛ اور

(د) کے قانون ساز اختیارات کا منبع، ذیلی قوانین کے اجرا کی حد تک، محافل ہوں گی۔

## وزرائے ماندہ

۳۱- (۱) وزرائے ماندہ:

(ا) معروضی قابلیّت کے مطابق شمولیّت اختیار کریں گے؛

(ب) بوقتِ ضرورت، معروضی یا حلقہ قابلیّت کے مطابق سات-ت(ا) قدم بر ہوں گے؛ اور

(ج) ملکی صدر کے تفویض کردہ کسی بھی نوع کے فرض کی انجام دہی کریں گے:

بشرطیکہ اگر مندرجہ بالا عبارت (ب) کے تحت وزیرِ ماندہ کو قدم بر ہونا پڑے تو وہ ملکی صدر کے تفویض کردہ کسی بھی فرض کو ترک کردے۔

(۲) بوجہِ ناگزیریٔ حالات، ملکی صدر کسی بھی وقت کم از کم ننانوے وزرائے ماندہ کا دستہ، بمطابقِ معروضی قابلیّت، شامل کر سکتا ہے۔

عدلیہ

۳۲۔ (۱) مجلسِ۔ل عدلیہ کے انصرامِ کار کے بابت قوانین وضع کرے گی۔

(۲) ہر ضلع میں ایک ضلعی عدالت، ہر منطقے میں ایک مناطقی عدالت، ہر صوبے میں ایک صوبائی عدالت اور ملک میں ایک ملکی عدالت ہو گی۔

(۳) فریقِ متضرر، ما تحت عدالت کے فیصلے کے خلاف اعلیٰ عدالت سے رجوع کر سکتا ہے۔

(۴) ملکی عدالت کے جاری کردہ فیصلے پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا:

بشرطیکہ کوئی بھی مجلسِ یا مشترکہ اجلاس کسی بھی عدالت کے جاری کردہ کسی بھی فیصلے کو کُل رکنیّت کی کم از کم ایک چوتھائی اکثریّت سے، نوّے دن کے اندر، تبدیل یا درست یا منسوخ کر سکتی ہے:

مزید شرطیکہ ملکی صدر کسی بھی عدالت کے جاری کردہ کسی بھی فیصلے کو کسی بھی وقت تبدیل یا درست یا منسوخ کر سکتا ہے۔

وزیرِاعظم۔م بحیثیّتِ فوطہ دار

گیارہ۳۳۔ وزیرِاعظم۔م، ملک کا فوطہ دار ہو گا۔

چودہ

ذیلی جدیدیّت اور دوبارہ اندراج

۳۴۔ (۱) ج۔۱ ذیلی جدیدیّت کی تشکیل کرے گی:

بشرطیکہ بصورتِ ناکامی لاحقہ جماعت ذیلی جدیدیّت کی تشکیل کرے گی:

مزید شرطیکہ ذیلی جدیدیَّت کی تشکیل نہ کر پانے والے ملکی نظام کے اراکین کو جدیدی نظام میں کسی منصب کے لیے اہل تصوّر نہیں کیا جائے گا۔

(۲) میعاد ختم ہونے پر جیّد، ذیلی جدیدیَّت میں بمطابقِ قابلیّت شمولیّت اختیار کرے گا جس کی مدّت اُس کے عہدے کی میعاد یا پانچ سال، جو بھی کم ہو، کے برابر ہو گی:

بشرطیکہ ج۔ ا پانچ سال تک خدمات سرانجام دے گی۔

(۳) میعاد کے اختتام پر ذیلی جیّد حقدار ہو گا:۔

(ا) حقوقِ باز نشستگی؛ اور

(ب) بحیثیّتِ جیّد دوبارہ شمولیّت اختیار کرنے کا۔

(۴) عہدہ سنبھالنے سے قبل جماعتِ جدیدیّت کی تربیّت، ذیلی جدیدی ادارے میں دو سال کی مدّت تک ہو گی۔

(۵) قانونِ سنہ میں مزکورہ کسی امر کے باوجود، جماعتِ جدیدیّت، مدّت پوری کرنے کے بعد، چودہ۔ا لاحقہ معروضی امتحان میں حصّہ لینے کی مستحق قرار پائے گی:

بشرطیکہ، یہ تعداد نواندراج شدہ نو ہزار شہریوں کی تعداد کے علاوہ ہو گی۔

## برِصغیری نظام

۳۵ (۱) پانچ۔ت بالائے ملک نُظُم کا انصرام صدور کریں گے۔

(۲) صغیری نظام؛ صدر، ایوانِ نیم، صغیری وزرا اور اتنے ملکی نُظُم پر مشتمل ہو گا جتنے ایوانِ نیم کی مجلِس۔اخلیے کی ضرورت کے مطابق، متعیّن کرے۔

## صدر

۳۶۔ (۱) صغیری نظام کا سربراہ صدر ہو گا۔

(۲) چھ موضوعی امتحان۔اوّل کے نتیجے میں صدر سات سال کی مدّت تک عہدہ سنبھالے گا۔

## ایوانِ جدیدیّت بمطابقِ ترتیبِ نیم

۳۷۔ (۱) تین مجالس پر مشتمل ایک ایوانِ جدیدیّت بمطابقِ ترتیبِ نیم، برِصغیر کا حصّہ ہو گا۔

گیارہ۔ا (۲) ایوانِ نیم کی مجلسِ۔م کا اعلیٰ ترین ۷۔ڈ(حصہ دوئم۔۲) ایوان فیصد قابلیّت کا حامل مضافی جیّد، برِصغیر کا فوطہ دار ہو گا۔

## نائب صدور

۳۸۔ برِصغیر کے ہر ملک میں ایک نائب صدر ہو گا جو صدر کو جوابدہ ہو گا اور اختیارات کا استعمال حسبِ آئین کرے گا۔

## برِاعظمی نظام

۳۹۔ اعظمی نظام، صدر، ایوانِ بَین، اعظمی وزرا اور اتنے صغیری نُظُم، بدون ایوانِ نیم، پر مشتمل ہو گا جتنے ایوانِ بَین کی مجلسِ۔اخلیے کی ضرورت کے مطابق، متعیّن کرے۔

صدر

۴۰۔ (۱) اعظمی نظام کا سربراہ صدر ہو گا۔
(۲) موضوعی امتحان۔دوئم کے نتیجے میں صدر نو سال کی مدّت تک عہدہ سنبھالے گا۔

صدر ایوانِ جدیدیت بمطابقِ ترتیبِ بَین

۴۱۔ (۱) تین مجالس پر مشتمل ایک ایوانِ جدیدیَّت بمطابقِ ترتیبِ بَین، ملک کا حصہ ہو گا۔
(۲) ایوانِ بَین کے مجلِس۔م کا بالاترین ایوان فیصد قابلیّت کا حامل مُضافی جیَّد، برِاعظم کا فوطہ دار ہو گا۔

نائب / معاون صدور

۴۲۔ برِاعظم کے ہر برِصغیر میں ایک نائب صدر ہو گا جو صدر کو جوابدہ ہو گا اور اختیارات کا استعمال حسبِ آئین کرے گا۔

۴۳۔ برِصغیر کے ہر ملک میں ایک معاون صدر ہو گا جو نائب صدر کو جوابدہ ہو گا اور اختیارات کا استعمال حسبِ آئین کرے گا۔

Cressetbook.com

## عالمی نظام

۴۴۔ (۱) عالمی نظام صدر، عالمی وزراء اور تین اعظمی نُظُم پر مشتمل ہو گا۔
(۲) بِر اعظموں کا حجَم اور ان کی ہیئت عالَمی نظام کے ایوانِ بَر کی مجلِس۔ا متعیّن کرے گی۔

## صدر

۴۵۔ (۱) عالم کا سربراہ صدر ہو گا۔
(۲) موضوعی امتحان۔سوئم کے نتیجے میں صدر پندرہ سال کی مدّت تک عہدہ سنبھالے گا۔

## ایوانِ جدیدیَّت بمطابقِ ترتیبِ بَر

۴۶۔ (۱) تین مجالس پر مشتمل ایک ایوانِ جدیدیَّت بمطابقِ ترتیبِ بر، عالم کا حصہ ہو گا۔
(۲) ایوانِ بر کے مجلِس۔م کا بالاترین ایوان فیصد قابلیّت کا حامل مُضافی جیَّد، عالم کا فوطہ دار ہو گا۔

## نائب / معاون / ما تحت صدور

۴۷۔ عالم کے تینوں بِر اعظموں میں ایک نائب صدر ہو گا جو صدر کو جوابدہ ہو گا اور اختیارات کا استعمال حسبِ آئین کرے گا۔

۴۸۔ برِاعظم کے ہر برِصغیر میں ایک معاون صدر ہو گا جو نائب صدر کو جوابدہ ہو گا اور اختیارات کا استعمال حسبِ آئین کرے گا۔

۴۹۔ برِصغیر کے ہر ملک میں ایک ماتحت صدر ہو گا جو معاون صدر کو جوابدہ ہو گا اور اختیارات کا استعمال حسبِ آئین کرے گا۔

۵۰۔ عالمی نظام پانچ۔ٹ(۶) سوئم مکمّل سیر یابی کے بعد جدید۔آقا شاہی کی جانب قدم بر ہو گا۔







ترتیب و تحریک

دیکھو، ایک مکڑی اپنا جالا بُن رہی ہے
میں سرافیل پھونکتا ہوں صور

## ج۔ وضاحتی تحاریر

قاعدے میں تین احکامات دیے گئے ہیں:

I. ہنگامی جدیدی بیان،
II. ہنگامی ضابطۂ جدیدیّت، اور
III. آئین۔

احکامات میں درج شدہ انفرادی اقوال کو مندرجہ ذیل نام دیے گئے ہیں:

| ع ش | قول | نام |
|---|---|---|
| ۱ | بیان | عبارت |
| ۲ | ضابطہ | دفعہ |
| ۳ | آئین | شق |

قاعدے اور وضاحتی تحاریر میں مندرج اسماء عمومی ہیں جنہیں، بطیبِ خاطِر، علاقائی / ترجیحی اسماء سے تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

Cressetbook.com

### ایک۔ ہنگامی بیانِ جدیدیّت

اعلامیۂ جدیدیَّت کو ممتاز انقلابیوں کی جانب سے صادر کیا جائے گا۔ انقلابی ایک ہادی، یعنی جدیدیَّت کا صدریا بالاختصار، صدر، منتخب کریں گے۔بیان کا اجرا قاضی القضاۃ کرے گا۔ اگر عدالتِ عالیہ برقرار نہ ہو تو (نیم) عدالتی / دفتر شاہی / (نیم) فوجی یا کوئی بھی نظام جو اُس وقت فعال ہو،بیان صادر کر سکتا ہے۔

### ایک۔ا۔۔سابقہ آئین کے مطابق

جہاں تک ممکن ہو سابقہ آئین کی فعالیت میں مداخلت نہ کی جائے۔ بنیادی حقوق، عدلیہ اور عاملانہ کاروائی، کوئی ضابطہ، قانون، فرمان، ذیلی قانون، دساتیر یا کوئی اور دستاویز، جو کہ اس وقت فعال ہو، کو منسوخ نہ کیا جائے۔ بالاختصار، نظام اضطراب پیدا کیے بغیر انصرامِ کار کرے۔

حسبِ قاعدہ: سابِقہ آئین اور ذیلی دستاویزات کو ایسی پابندی کی حد تک جو قاعدے کی روح سے متصادم ہو، جیسا کہ بعد ازاں واضح کیا گیا ہے، منسوخ کر دیا جائے۔

### دو۔ ہنگامی ضابطۂ جدیدیّت

بیان کی عِبارت ٢ کے مطابق، صدر حلف برداری کے تیس (٣٠) دن کے اندر ضابطے کا اجرا کرے گا۔ نتیجتاً، ہنگامی جدیدی نظام، جو کہ زیریں ترتیبِ زمانہ کے مطابق تشکیل دی گئی جدیدیَّت ہے، حسبِ ذیل فعال ہو جائے گا:

| ع ش | عہدہ | ذمّہ |
|---|---|---|
| ١ | صدر | سربراہ |
| ٢ | وزیرِ اعظم۔ا | جغرافیائی |
| ٣ | وزیرِ اعظم۔ل | نظریاتی |
| ٤ | وزیرِ اعظم۔م | اقتصادی |
| ٥ | وزرائے خطّہ | صوبہ/منطقہ/ضلّع (مقامی معاملات) |
| ٦ | ضابطہ وزرا | وفاقی اور سابقہ صوبائی وزارتیں |

دو۔ا۔۔۔جدول: ترتیبِ زمانہ

| ترتیبِ زمانہ | تشکیل بہ توسُّط | حسبِ | میعاد | عمر |
|---|---|---|---|---|
| زیریں | صدر | ضابطہ؛ دفعہ (۱) ۲ | ۱ | خُرد سال |
| میانہ؛ ج۔۱ | ہنگامی جدیدی نظام | ضابطہ؛ دفعہ (۲) ٦ | ۳ | ایضاً |
| بالائی | متعلقہ سابقہ ملکی نظام | آئین؛ شِق (۱) ۳ | ۵ | کلاں سال |

دو۔ب۔۔۔بنیادی کام

ہنگامی جدیدی نظام کا بنیادی کام ج۔۱ کی تشکیل ہے جو کلاں سال جدیدی نظام کی فعالیَّت کے لیے راہ ہموار کرے گی۔ مزید برآں، وہ صرف روزمرّہ کے معاملات کی انجام دہی کا ذمّہ دار ہے۔ ادارے سابقہ بندوبست کے تحت کام کر سکتے ہیں تاوقتیکہ وہ ج۔۱ کی تشکیل کو متاثر نہ کریں؛ مثال کے طور پر:

۱۔ صدر، صوبائی سربراہ یا صوبائی اور مناطقی سربراہان یا صوبائی، مناطقی اور چیدہ ضلعی سربراہان کو وزرائے خطّہ دفعہ (۳) ۴ سے تبدیل کرے اور بقیہ نظام کو سابقہ بندوبست کے تحت چلنے دے۔ مزید برآں، صدر کسی بھی مقامی عہدے پر کسی بھی وزیرِ خطّہ کو تعیُّنات کر سکتا ہے۔

۲۔ صدر، وزارتی سطح پر (غیر) منتخب نمائندوں کو وزرائے ضابطہ سے تبدیل کرے اور بقیہ نظام کو سابقہ بندوبست کے تحت چلنے دے۔

وسیلہ جو بھی ہو لیکن مقصد سابقہ نظام میں دخل انداز ہوئے بغیر انصرامِ کار اور ج۔۱ کی تشکیل ہے۔

دو۔پ۔۔۔وزرائے اعظم

برضائے صدر اپنی خدمات سرانجام دیں گے۔ وزیرِاعظم۔ا؛ جغرافیائی، وزیرِاعظم۔ل؛ نظریاتی اور وزیرِاعظم۔م؛ اقتصادی معاملات کی انجام دہی کا ذمّہ دار ہو گا۔ اس لیے وزرائےاعظم کے مابین وزارتوں کی تقسیم، وزارتوں کی نوعیّت کے مطابق ہوگی؛ مثال کے طورپر:

| ع ش | اسم | وزیرِاعظم |
| --- | --- | --- |
| ١ | ا | دفاع |
| ٢ | ل | انصاف |
| ٣ | م | خزانہ |

دو۔ت۔۔۔ضابطہ وزرا

صدر، ضابطہ وزرا کی تقرّری کرے گا تاکہ وہ ضابطہ وزارتوں اور منسلک محکموں کی نگرانی کریں۔ وہ برضائے صدر اپنے فرائض کی انجام دہی کریں گے۔

دو۔ٹ۔۔۔خودمختاری

صوبائی یا کسی بھی نوع کے خودمختار نظام کو منسوخ کر دیا جائے تاکہ ہر سرکاری محکمہ ہنگامی جدیدی نظام کا ماتحت ہو۔ جغرافیائی لحاظ سے صوبے اپنی سابقہ حدبندی برقرار رکھ سکتے ہیں لیکن انتظامی لحاظ سے وہ کُلی طورپر ہنگامی جدیدی نظام کے ماتحت ہوں گے اور انہیں کسی بھی قسم کی خودمختاری حاصل نہیں ہوگی۔

دو۔ث۔۔۔وزیرِاعظم۔ا اور حدبندی

وزیرِاعظم۔ا، وزرائے خطّہ کے دائرۂ اختیار کی حدبندی، منجُملہ، آبادی اور سابقہ ضلعی، مناطقی اور صوبائی حدود کی بنیاد پر کرے گا۔

دو۔ج۔۔۔ہنگامی درجہ بندی

خواندہ شہریوں کی ہنگامی درجہ بندی، ہنگامی درجہ بندی دساتیر، جن کا اجرا وزیرِاعظم۔ل کرے گا، کے تحت ہو گی۔

دو۔ج(۱)۔۔۔شاملِ فہرست

شہری متعلقہ دفتر میں اسناد، جن میں آبائی ضلّع کا نام، تعلیمی قابلیّت اور کچھ اساسی معلومات ہوں، برخط، اگر یہ سہولت یسر نہ ہو تو بذریعۂ چِٹّھی اور اگر یہ سہولت بھی یسر نہ ہو تو بادست جمع کرائیں تاکہ وہ شاملِ فہرست۔جدیدیّت ہو سکیں۔

دو۔ج(۲)۔۔۔اندراج

اگلے مرحلے میں، بمطابقِ قانونِ سنہ تین۔۱، شہریوں کا اندراج کیا جائے گا تاکہ وہ، بطوعِ خاطر، جدیدیّت کی جماعتِ اوَّل (ج۔۱) میں شمولیّت کے لیے مقابلے میں شرکت اختیار کریں۔ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ جمع شدہ اسناد مصدِّقہ ہوں۔

دو۔چ۔۔۔ثبت اور عوامی کرنا

"ثبت" کا مطلب ہے قومی جَریدے اور اخبارات میں شائع ہونا اور "عوامی" کا مطلب ہے کہ صدر ایک عوامی بیانِ نااہلی جاری کرے جس میں عوام کو وجۂ تاخیر بتائی جائے۔

دو۔ح۔۔۔جدیدی نظام کے کسی عہدے پر تقرُّری کے اہل نہیں ہوں گے

"جدیدی نظام کے کسی عہدے پر تقرری کے اہل نہیں ہوں گے" کا مطلب ہے کہ جَیِّد حال یا مستقبل کے جدیدی نُظُم میں کسی بھی عہدے پر تقرری کے لیے اہل نہیں ہو گا۔

## تین۔ لائحۂ قدم بر برائے ترتیبِ زیر

### تین۔ ا۔۔۔قانونِ سنہ

قانونِ سنہ کے مطابق شہری کے اندراج کے لیے بہترین عمر ۵۰ سال، صفر مہینے اور صفر دن (۰۔۰۔۵۰) ہے، اور اندراج شدہ شہریوں کی تعداد ۹۰۰۰ ہونی چاہیے۔ مزید بر آں، بوقتِ اندراج شہری اعلیٰ تعلیم چار۔ب(۴) یافتہ ہونا چاہیے۔

اندراج کا آغاز ۰۔۰۔۵۰ سے ہو گا اور وہ ۰۔۰۔۷۰ کی جانب قدم بر ہو گا۔ جیسے ہی ۹۰۰۰ شہری پورے ہو جائیں تو مزید اندراج نہیں ہو گا۔ اگر ۰۔۰۔۷۰ تک پہنچنے کے باوجود تعداد پوری نہ ہو تو مزید اندراج قدم بر نہیں بلکہ ۰۔۰۔۵۰ سے ۰۔۰۔۳۰ کی جانب قدم زیر ہو گا۔ جیسے ہی ۹۰۰۰ شہری پورے ہو جائیں تو مزید اندراج نہیں ہو گا۔ اگر ۰۔۰۔۳۰ تک پہنچنے کے باوجود تعداد پوری نہ ہو تو اندراج مزید قدم زیر نہیں ہو گا۔ اس کے بعد ثانوی تعلیم رکھنے والے شہریوں کو زیرِ غور لایا جائے اور یہی کاروائی دہرائی جائے۔ اگر ۹۰۰۰ کی تعداد اب بھی پوری نہ ہو تو ابتدائی تعلیم رکھنے والے شہریوں کو زیرِ غور لایا جائے اور یہی کاروائی دہرائی جائے۔ اگر ۹۰۰۰ کی تعداد اب بھی پوری نہ ہو تو غیر تعلیم یافتہ شہریوں کو زیرِ غور لایا جائے اور یہی کاروائی دہرائی جائے۔ کسی بھی صورت ۹۰۰۰ کی تعداد پوری ہونی چاہیے۔ اگر ایک ملک کے شہریوں کی کُل تعداد ۹۰۰۰ سے کم ہے تو زیادہ سے زیادہ شہریوں کا اندراج ہونا چاہیے۔

تین۔ا(ا)۔۔۔خاکہ: قانونِ سنہ




علاوہ ازیں شہریوں کو نامۂ اندراج ارسال کیا جائے گا، جس میں انہیں امتحان میں شمولیّت اختیار کرنے کی پیشکش کی جائے گی۔ اگر پیشکش قبول کرلی جائے تو مزید اندراج نہیں ہوگا۔ بصورتِ دیگر، اندراج اُس وقت تک جاری رہے گا جب تک ۹۰۰۰ شہری اس پیشکش کو قبول نہ کرلیں۔

تین۔ب۔۔۔قانونِ قرعہ

قانونِ قرعہ کے مطابق اگر ۹۰۰۰ کے نمبر پر ایک سے زیادہ شہری ایک ہی تاریخ کوپیدا ہوئے ہوں، تو با دست قرعہ اندازی منعقد کی جائے گی اور جو جیتے محض اُسی کا اندراج کیا جائے گا۔ مُندرج شہریوں کی تعداد نہ ۹۰۰۰ سے کم ہوگی اور نہ ہی زیادہ۔

اِس قانون کے مقصد کے حصول کیلئے اور جہاں بھی کسی دوسرے مرحلے پر ضرورت محسوس کی جائے تو با دست قرعہ اندازی کا انعقاد کیا جا سکتا ہے۔

قانونِ سنہ و قرعہ، دائرۂ عام میں ہوں گے۔

## تین۔پ۔۔۔معروضی امتحان

تعداد میں مزید کمی کا طریقۂ کار ایک معروضی امتحان ہے جس کا انعقاد ملکی وزیر برائے تعلیم ایسے طور پر کرے گا جو اُس کے خیال میں شفاف ہو۔ پرچوں کے مندرجات اور ترتیب کا تعیّن، وزیر اپنے دستے کی مشاورت سے کرے گا؛ البتّہ، مندرجہ ذیل اساسی قواعد کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے:

(ا) پرچے میں ۳۰۰ معروضی سوالات ہوں گے،

(ب) ۱۰۰ معروضی سوالات جغرافیے، ۱۰۰ نظریے اور ۱۰۰ اقتصاد کے،

(ج) ۱+ جغرافیے کے ہر صحیح جواب کے لیے اور ۵۔ ہر غلط جواب کے لیے؛ (۱+ اور ۵۔)، نظریہ؛ ۱+ اور ۳۔، اقتصاد؛ ۱+ اور ۱۔ اور غیر محاوَلہ: ۵۔' اور

(د) پرچے کا دورانیہ ۳ گھنٹے ہو گا۔

مندرجہ بالا (ب) میں الفاظ جغرافیہ، نظریہ اور اقتصاد کو، قدم وار، جدیدیّت کی لاحقہ جماعتوں میں عمومی الفاظ، جیسا کہ ہیئت، مذہب اور حُلیہ، سے تبدیل کر دیا جائے۔ اس امتحان کا نہ تو کوئی نصاب ہو گا اور نہ ہی تربیّتی ادارے۔ جدیدیّت ہر ممکنہ اقدام کرے کہ معروضی امتحان جنسِ بازاری نہ بنے۔ امتحان کا انعقاد کرنے والے وزیر کے دستے کو اُس امتحان کے لیے مندرج نہیں کیا جائے گا۔ نتیجہ بذریعۂ کمپیوٹر تیّار کیا جائے گا۔ اگر یہ سہولت میسر نہیں تو کَلیدی پرچہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ معروضی امتحان، مندرج شہریوں کی تعداد میں حسبِ ذیل طریقے سے کمی واقع کرے گا:

| معروضی پرچہ | تعداد میں کمی | | نتیجے کا وقت (دن) |
|---|---|---|---|
| | سے | تک | |
| ۱ | ۹۰۰۰ | ۵۰۰۰ | ۵ |
| ۲ | ۵۰۰۰ | ۱۵۰۰ | |
| ۳ | ۱۵۰۰ | ۹۰۰ | |
| ۴ | ۹۰۰ | ۶۰۰ | |
| ۵ | ۶۰۰ | ۵۰۰ | ۳ |
| ۶ | ۵۰۰ | ۹۰ | ۱ |
| ۷ | ۹۰ | ۶۰ | |
| ۸ | ۶۰ | ۲۳ | |
| ۹ | ۲۳ | ۵ | |

پہلے سے چوتھے پرچے تک کے نتائج کا اعلان پانچ دنوں میں، پانچویں کا تین دنوں میں اور چھٹے سے نویں تک کا ایک دن میں کیا جائے۔ یہ کاروائی ایک مہینے کے اندر پایۂ تکمیل تک پہنچائی جائے۔

پرچوں میں شمولیّت کی تعداد سے قطعِ نظر، حتمی فہرستِ قابلیّت، کُل، جو کہ ۲۷۰۰ = ۳۰۰x۹ ہے، میں سے حاصل کردہ نمبروں کی بنا پر تیّار کی جائے گی۔ قدم بر نہ ہونے والے شہریوں کے نمبر منجمد ہو جائیں گے۔ قدم بر ہونے والے شہریوں کو تین سو معروضی سوالات کا اضافی فائدہ یا نقصان ہو گا؛ نقصان غلط جوابات دینے یا غیر محاوَلۃ جوابات کی صورت میں ہو گا۔ نتیجتاً جدیدیَّت کی جماعتِ اوَّل یعنی ج۔۱ میں زیادہ نمبر لینے والے امیدواران، جنھیں بعد ازاں جَیَّد کہا جائے، تین۔ت۔۔۔ شمولیّت اختیار کر لیں گے۔ شامل جَیَّدوں کی تعداد وزرائے ضلّع پانچ۔ب(۱) کی تعداد، جو کہ خلیے کو پُر کرنے کے لیے ضروری ہو، کے دوگُنّہ ہونی چاہیے۔ یہ ہے ج۔۱؛ جدیدیّت کی جماعتِ اوَّل۔ تین۔ٹ۔۔۔جماعتِ جدیدیّت میں وہ سارے جَیَّد شامل ہوں گے جو ایک ہی معروضی امتحان یعنی، لائحۂ قدم بر

برائے ترتیبِ زیر، کے نتیجے میں شامل ہوئے ہوں۔ بمطابقِ معروضی امتحان، جیّد کی قابلیت کو **تین۔ث۔۔۔** معروضی قابلیّت کہتے ہیں۔

**تین۔ث(۱)۔۔۔خاکہ:** سہ درجاتی شہری تا جیّد کاروائی




اگرج۔۱ کا انتخاب صرف معروضی امتحان کی بنیاد پر ہو تو اس نظام کو قابل شاہی کہا جائے گا۔ اس نظام میں (فاضلانہ) معروضی قابلیّت، یعنی، مُسابقت، محنت، مستقل مزاجی، خود محوری، جاہ طلبی وغیرہ کو پرکھا جاتا ہے۔ یہ ایک سرد خون نظامِ حکومت ہے جس میں احساسِ پرداخت، قربانی، درد مندی، قیادت، شخصیّت، پختگی، سماجی رویّے وغیرہ جیسے اوصاف کو خاطر میں نہیں لایا جاتا۔ لائحۂ ستّر۔تیس قابل شاہی اور جیّد شاہی کے درمیان واحد فرق ہے۔

## چارـ انتخاب اور لائحۂ ستر۔تیس

### چارـاـــ ۰.۹ کا معاملہ

زیریں اور بالا ترتیب تہاذیب کے درمیان ایک اہم فرق انسانی ترقیاتی اشاریہ ہے، جس کی نمایندگی حکم میں م۔۴ کرتا ہے۔یہ غیر آمدنیاتی معاشی ترقی، جو کہ جغرافیائی استحکام اور نظریاتی پختگی کے نتیجے میں حاصل ہوئی، کی عکّاس ہے۔

تعلیمی ادارے ترقّی کے لیے بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ صرف خواندہ معاشرہ ہی، بطفیلِ پختگی، فی کس آمدنی بڑھانے اور تعلیمی، صحتِ عامہ اور دیگر اداروں کو مضبوط بنانے کی سکت رکھتا ہے، اور نتیجتاً اس انتھک محنت کا حتمی ثمر معیار و مقدارِ زندگی میں بہتری کی صورت میں وصول کرتا ہے۔

موجودہ نظام کا انتخابی معیار ۰.۹ عنصر کو یکسر نظر انداز کر دیتا ہے۔یہ محنت کے ثمر کو پھینک دینے کے مترادف ہے۔یہ نظام ۰.۹ یا زیادہ انسانی ترقیاتی اشاریہ رکھنے والی تہاذیب میں تو کامیاب ہو سکتا ہے، کیونکہ وہ حکومتی نمایندوں کو زیادہ پختگیِ خیال کے ساتھ منتخب کر سکتی ہیں، لیکن اُن کا انتخاب بھی صرف چند ہی نمایندوں تک محدود ہو کر رہ جاتا ہے۔ البتّہ، ۰.۹ سے کم کوئی بھی عدد ایسے نظام کی باصلاحیّت نمایندوں کو منتخب کرنے کی استعداد محدود کر دے گا۔یہ حاصل شدہ ۰.۹ اشاریے کی نگہداری یا بہتری کے لیے تو موزوں ہو سکتا ہے لیکن حکم کو بدلنے سے قاصر ہے۔ مثال کے طورپر، یہ انسانی ترقیاتی اشاریے کو ۰.۱ سے ۰.۹ تک نہیں لے جا سکتا۔کم انسانی ترقیاتی اشاریے والی تہاذیب کے لیے یہ نظام اسطرح ہے جیسے *روضۂ اطفال میں قاتل*۔

انسانی ترقّیاتی اشاریے میں تخفیف سے مراد زیادہ اور کم اشاریے والی آبادی کا اختلاط ہے۔ بجائے تخفیفِ اشاریہ، نظام کو ترکیزِ اشاریہ کی ضرورت ہے۔ خوارِج میں کم اشاریے والی آبادی زیادہ، اور زیادہ اشاریے والی آبادی کم تعداد میں موجود ہوتی ہے۔ ان کے اختلاط کی صورت میں خواندہ طبقہ غیر مؤثر ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت میں زیادہ

اشاریے والی آبادی، جو کہ نظام کو ترقّی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے، زندہ لاش بن جاتی ہے۔ وہ اپنے روزمرّہ کے کاموں میں مصروف ہوتی ہے اور اردگرد کے ماحول میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتی۔ وہ حکمت سازی کا حصّہ نہیں ہوتی اور ایک الگ طبقے کے نمایندے ان پر حکومت کرتے ہیں۔ ہادی، جنہیں کم اشاریے والی آبادی منتخب کرتی ہے، اسی آبادی کی افزائش کی کوشش کرتے ہیں اور زیادہ اشاریے والی آبادی، بوجہِ چاکری، ان کی مدد کرنے پر مامور ہوتی ہے۔ اس دوران کسی ناگہانی واردات کے نتیجے میں تہذیب تنزّل پذیر ہو جاتی ہے؛ حلقۂ بے پایاں۔

افراطِ اشاریہ سے مراد رائے بہ ثقل ہے۔ زیادہ اشاریہ رکھنے والے شہری کی رائے کا ثقل زیادہ ہو گا۔ اس لیے:

I. پہلا قدم: آبادی کی خواندہ اور ناخواندہ طبقات میں تقسیم،
II. دوسرا قدم: خواندہ آبادی کی، بمطابقِ خواندگی، مختلف درجات میں تقسیم، اور
III. تیسرا قدم: ۰.۹ اشاریے کے حصول تک، ستّر۔تیس رائے کے تناسب کی نگہداری ہے۔

چار۔ب۔۔۔لائحۂ ستّر۔تیس

شہریوں کو، بمطابقِ معیارِ جدولِ طبقہ، پہلے اور دوسرے طبقے میں تقسیم کر دیتا ہے۔ پہلے طبقے کا ثقلِ رائے ۷۰ اور دوسرے کا ۳۰ فیصد ہے۔ یہ حاصل کرنے کے لیے، شہریوں کی (ہنگامی) درجہ بندی کے تحت حاصل کی گئی معلومات ملحوظِ خاطر رکھی جائیں۔ البتّہ، یہ افراطِ اشاریہ کے لیے محض ایک ہنگامی بندوبست ہے، اس لیے اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ جب حلقہ کامل چار۔ب(۱) بن جائے تو یہ نظام مؤثر طور پر ختم کر دیا جائے اور مساوی ثقلِ رائے کا نظام (دوبارہ) متعارف کرایا جائے۔

جدولِ طبقہ میں مندرج طبقات، معاشرے کے کسی مخصوص طبقے، جس میں عوام داخل نہیں ہو سکتے، کی نمایندگی نہیں کرتے۔ یہ سیال طبقے ہیں اس لیے ناامیدی ایک خاص حد سے تجاوز نہیں کر سکتی۔ ہر باشعور ہستی اپنے

اردگرد سے آگاہ ہے اور ضرورت کے مطابق اپنا راستہ تبدیل کرنے کی صلاحیّت رکھتی ہے؛ *چونکنا* / *اور بچنا*۔ جدیدیّت میں یہ لچک ہر درجے پر موجود ہے۔ اس کا کام تفاوت سے قبل تنازعات کے بہاو کی سمت کو تبدیل کرنا ہے۔

لائحۂ ستّر۔تیس کے مطابق شہریوں کو حقِّ رائے دہی حاصل ہے؛ البتّہ، ان کی رائے بقدرِ ثقل مساوی تصوّر نہیں کی جاتی۔ رائے دہندگان کو دو طبقات میں تقسیم کیا جاتا ہے؛ شاملِ فہرست اور خارجِ فہرست۔ شاملِ فہرست اور خارجِ فہرست رائے دہندگان کی رائے کا مجموعی وزن بالتّرتیب، ۷۰ اور ۳۰ فیصد ہے۔ مثال کے طور پر اگر دس میں سے دو رائے دہندگان شاملِ فہرست اور آٹھ خارجِ فہرست ہیں تو دو شاملِ فہرست رائے دہندگان کا ثقلِ رائے ۷ تقسیم ۲ برابر ۳.۵؛ جبکہ، آٹھ خارجِ فہرست رائے دہندگان کا ثقلِ رائے ۳ تقسیم ۸ برابر ۰.۳۷۵ فی رائے ہو گا۔ اس کا مطلب ہے کہ شاملِ فہرست رائے دہندگان کا ثقلِ رائے ۷۰ فیصد تک کشاد اور خارجِ فہرست کا ۳۰ فیصد تک بست ہو جائے گا۔ البتّہ، دورانِ درجہ بندی اگر پتا چلے کہ خارجِ فہرست رائے دہندگان کی کُل تعداد شاملِ فہرست سے ۵۰ فیصد سے زیادہ نہیں ہے (مثال کے طور پر آٹھ شاملِ فہرست؛ جبکہ، بارہ سے کم خارجِ فہرست ہیں) تو لائحۂ ستّر۔تیس کے مطابق، پہلا اور دوسرا طبقہ، جدولِ طبقہ کے عدد شمار دوئم کے تحت ہو گا۔ اسی طرح عدد شمار سوئم اور پھر عدد شمار چہارم کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔ عدد شمار چہارم میں مندرج طبقات تبدیل نہیں ہوں گے تاوقتیکہ دوسرے طبقے کے شہریوں کی تعداد پہلے طبقے کے شہریوں کی تعداد کے نصف سے کم ہو جائے۔ اس کے بعد لائحۂ ستّر۔تیس کا اطلاق نہیں ہو گا اور رائے کو بقدرِ ثقل مساوی تصوّر کیا جائے گا۔ چار۔ب(۱)۔۔۔حلقۂ کامل اس قطعۂ حلقہ چار۔ب(۵) کو کہتے ہیں جس میں رائے بقدرِ ثقل مساوی ہو۔ لائحۂ ستّر۔تیس کی اقدار کے مطابق جیِّد کی قابلیّت کو چار۔ب(۲)۔۔۔سماجی قابلیّت کہتے ہیں۔

ترجیحاً، ہنگامی درجہ بندی شہریوں کو شاملِ فہرست اور خارجِ فہرست طبقوں میں تقسیم کرے؛ جبکہ، درجہ بندی شہریوں کو تعلیمی قابلیّت کے مطابق تقسیم کرے۔

چار۔ب(۳)۔۔۔جدول: طبقہ

| ع ش | طبقۂ اوّل | طبقۂ دوم |
|---|---|---|
| ایک | شاملِ فہرست | خارج فہرست |
| دو | شاملِ فہرست ابتدائی تعلیم | خارج فہرست/ نا خوانده شاملِ فہرست |
| تین | شاملِ فہرست ثانوی تعلیم | خارجِ فہرست/ نا خوانده یا ابتدائی تعلیم رکھنے والے شاملِ فہرست |
| چار | شاملِ فہرست اعلیٰ تعلیم | خارجِ فہرست/ نا خوانده یا ابتدائی یا ثانوی تعلیم رکھنے والے شاملِ فہرست |

چار۔ب(۴)۔۔۔جدول: تعلیمی درجات

| تعلیمی درجہ | عرصہ (سال) |
|---|---|
| ابتدائی | ۸ سے ۱۰ |
| ثانوی | ۱۱ سے ۱۲ |
| اعلیٰ | ۱۳ اور زیادہ |

ہنگامی درجہ بندی دساتیر کے تحت شہریوں کی فہرست میں شمولیّت، ہنگامی جدیدی نظام وقعہ (ا) ٦ کی دوسری سہ ماہی کے اختتام کے بعد بھی، معلومات اکٹّھی کرنے کی حد تک، جاری رہ سکتی ہے۔ البتّہ، لائحۂ ستّر۔تیس کے اطلاق کے لیے، وہ شہری جو دوسری سہ ماہی کے اختتام کے بعد شاملِ فہرست ہوئے ہوں، خارجِ فہرست تصوّر کیے جائیں گے۔

اسی طرح، درجہ بندی دساتیر کے تحت شہریوں کی فہرست میں شمولیّت، جدید نظام شق ۳(ا-ا) کے پہلے سال کے اختتام پر بھی، معلومات اکٹّھی کرنے کی حد تک، جاری رہ سکتی ہے۔ البتّہ، لائحۂ ستّر-تیس کے اطلاق کے لیے، وہ شہری جو پہلے سال کے اختتام کے بعد شاملِ فہرست ہوئے ہوں، خارجِ فہرست تصوّر کیے جائیں گے۔

علاوہ ازیں، لائحۂ ستّر-تیس کا اطلاق ہر خِطّے پہ انفرادی طور پر کیا جائے۔ مثال کے طور پر، یہ ممکن ہے کہ ایک ضلّع پانچ-ب(ا) میں طبقات کی تقسیم عدد شمار اوّل؛ جبکہ، دوسرے ضلّع میں، جس کا اشاریہ زیادہ ہو، عدد شمار چہارم کے تحت ہو۔ چار-ب(۵)---قطعۂ حلقہ اُس خطّۂ زمین کو کہتے ہیں جس پر لائحۂ ستّر-تیس کے ایک عدد شمار کا اطلاق ہو؛ یہ ضلع، منطقہ، صوبہ یا ایک ملک ہو سکتا ہے۔ انتخابی مہم کو آٹھ کے تحت بیان کیا گیا ہے۔



## پانچ۔ خلیۂ خمسہ ۔۔۔مکھیاں بھنبھنا رہی ہیں

پانچ۔ا۔۔۔جغرافیہ صدر خلیے کی ملکہ زنبور ہے اور جیّد کارکن زنبور ہیں۔ ہنگامی جدیدی نظام پہلی دو سہ ماہیوں کے دوران ج۔ا کے لیے خلیہ مرتّب کرے گا دفعہ (ا) ٦ ۔ ناکامی کی صورت میں نظام منحل کر دیا جائے گا دفعہ ۹ ۔ لاحقہ جماعتِ جدیدیّت کے لیے خلیہ، سابقہ متعلقہ ملکی نظام کی مجلسِ۔اشق۔۳(ب)، ارتقا پانچ۔ٹ(ا) کی ضرورت کے مطابق مرتّب کرے گی۔ حاضرِ خدمت جماعت اپنے لیے خلیہ مرتّب نہیں کر سکتی۔

پانچ۔ا(ا)۔۔۔مرتبت: خلیے میں متعدّد خانے اور ہر خانے کے چھ رکن (مسدّس) ہوتے ہیں۔ ۳، ۵، ۷، ۹، یا ۱۵ خانوں کے گروہ کو ذیلی۔علاقہ کہتے ہیں۔ اسی طرح ۳، ۵، ۷، ۹، یا ۱۵ ذیلی۔علاقوں سے ایک علاقہ بنتا ہے، اور ۵، ۷، ۹، یا ۱۵ علاقوں سے ایک کامل ذیلی۔خطّہ بنتا ہے۔ اس عمل کو خلیہ مرتّب کرنا یا خلیے کی مرتبت یا مرتبتِ خلیہ کہتے ہیں۔ مرتبتِ خلیہ کی لاتعداد تراکیب ہیں۔ مندرجہ بالا عبارت سے واضح ہے کہ کامل ذیلی۔خطّہ؛ خانے، ذیلی۔علاقے اور علاقے سے مل کر بنتا ہے۔

پانچ۔ا(ا۔ا)۔۔۔خاکہ: کامل ذیلی۔خطّے کی ساخت




دو: ذیلی۔خطّہ اور اُس میں تین خانے




ایک: خانہ



تین: خطّہ اور اُس میں ۳ ذیلی۔خطے اور ۹ خانے



چار: کامل ذیلی۔خطّہ اور اُس میں ۵ خطے، ۳x۵=۱۵
ذیلی۔خطے اور ۹x۵=۴۵ ۴۵ خانے

پانچ۔ا(ا۔ب)۔۔۔جدول: نردبانِ کمالت۔۔۔کامل ذیلی۔خِطّے کی ساخت

رقبہ ملین مربّع کلومیٹرمیں

| ع ش | اسم | | کامل۔خِطّے کی ساخت اور رقبہ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | کامل خانہ | کامل ذیلی۔علاقہ | کامل علاقہ | کامل ذیلی۔خطّہ |
| ایک | خانہ | ساخت | ۱ | - | - | - |
| | | رقبہ کم ترین | ۰.۰۰۱ | - | - | - |
| دو | ذیلی۔علاقہ | | ۳ | ۱ | - | - |
| | | | - | ۰.۰۰۳ | - | - |
| تین | علاقہ | | ۹ | ۳ | ۱ | - |
| | | | - | - | ۰.۰۰۹ | - |
| چار | کامل ذیلی۔خطّہ | | ۴۵ | ۱۵ | ۵ | ۱ |
| | | | - | - | - | ۰.۰۴۵ |

- کامل ذیلی۔خطے کا کم سے کم رقبہ ۴۵۰۰۰ اور زیادہ سے زیادہ رقبہ ۴۰۵۰۰۰ مربع کلومیٹر ہے۔

خانے کی کم سے کم ضرورتِ رقبہ ۱۰۰۰ مربّع کلومیٹر ہے۔ اسی طرح، ذیلی۔علاقے کی ۳۰۰۰ مربّع کلومیٹر، علاقے کی ۹۰۰۰ مربّع کلومیٹر، اور کامل ذیلی۔خطے کی ۴۵۰۰۰ مربّع کلومیٹر ہے۔ اگر رقبہ کمالت کی ضرورت سے کم ہو تو ایسے قطعۂ جغرافیائی کو جوزا سمجھا جائے گا۔ بعض صورتوں میں خانے کو ذیلی۔خانوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ ذیلی۔خانے کا

رقبہ ۱۰۰۰ مربّع کلومیٹر سے کم ہوتا ہے۔ جہاں تک ممکن ہو، کامل ذیلی۔خطے میں، جوزا خانے، پھر جوزا ذیلی۔علاقے اور آخرتاً، جوزا علاقے تشکیل نہ دیے جائیں، یعنی، کمالت کو ترجیح دینی چاہیے؛ پانچ۔ث(۴)۔

پانچ۔ا(۲)۔۔۔انصرام: خانے دو طرح کے ہوتے ہیں: (۱) قابلِ بود اور (۲) ناقابلِ بود ۔ ان کی ہیئت (لمبائی اور چوڑائی کے لحاظ سے)، وضع (ساعت گرد یا پادساعت گرد) اور ان کا رقبہ (۱۰۰۰، ۳۰۰۰، ۵۰۰۰، ۷۰۰۰، ۹۰۰۰ یا ۱۵۰۰۰ مربّع کلومیٹر) ہر کامل ذیلی۔خِطّے کے لیے یکساں ہوتا ہے۔ دو یا زیادہ خانوں کو، اگر وہ کسی جغرافیائی خصلت (جیسے سمندر) کی وجہ سے نا قابلِ بود ہوں یا بوجہِ کم آبادی، ضم کیا جا سکتا ہے۔ انتظامی نقطۂ نظر سے ضم خانے یا خانوں کا رقبہ، کُل رقبے میں حساب نہیں ہو گا۔ مثال کے طور پر، اگر ۵۰۰۰ مربّع کلومیٹر کے دو خانوں کو ضم کیا گیا؛ تو بجائے ۱۰۰۰۰ مربّع کلومیٹر کے ان کے رقبے کو ۵۰۰۰ مربّع کلومیٹر ہی تصوّر کیا جائے۔ علاوہ ازیں، ضم خانے کی خدمت پر ایک وزیرِ خطّہ مامور ہو گا پانچ۔ب(۱)۔ اس عبارت کے تحت انضمام اور انعدام کو انصرامِ خلیہ کہتے ہیں۔ متعدّد ایوانات کی صورت میں خلیے کا انصرام متعلقہ نظام کی مجلسِ۔ا کرے گی شق۳(ا۔ب)، (۲) ۳۵ ، ۳۹/اور (۲) ۴۴۔ آخرتاً، اس امر کی وضاحت ضروری ہے کہ انضمام فقط انتظامی امور کی حد تک ہے، جغرافیائی لحاظ سے ہر (نا) قابلِ بود خانہ اپنی حد برقرار رکھے گا۔

جدیدیّت کی سرحد خانوں کی ساخت کو متاثر کر سکتی ہے، یعنی، ہو سکتا ہے کہ سرحدی خانے مسدّس نہ ہوں۔ اگر خانے کا رقبہ ۱۰۰۰ مربّع کلومیٹر سے کم ہو تو اسے ضم کیا جا سکتا ہے۔ اگر اس سے زیادہ ہو تو مجلسِ۔ا اس بابت فیصلہ کرے گی۔ اسے پانچ۔ا(۳)۔۔۔سرحدی لائحہ کہتے ہیں۔

ایک پانچ۔ا(۴)۔۔۔کامل ذیلی۔خطّے کا رقبہ ۰.۴ ملین (۴۰۵۰۰۰) مربّع کلومیٹر ہوتا ہے۔ اگر یہ ۰.۴ سے زیادہ اور ۱.۲ = ۰.۴x۳ سے کم ہو تو اسے تین جوزا ذیلی۔خِطّوں پانچ۔ا(٦) میں تقسیم کیا جائے گا۔ اسے ذیلی۔خطّہ جوزیّت کہتے ہیں۔ اگر یہ عین ۱.۲ ہو تو تین کامل ذیلی۔خِطّے بنائے گا۔ اگر یہ ۱.۲ سے زیادہ اور ۲= ۰.۴x۵ سے کم ہو تو اسے پانچ جوزا ذیلی۔خِطّوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ اگر یہ عین ۲ ہو تو پانچ کامل ذیلی۔خِطّے بنائے گا اور اسی طرز پر اس کلُیے کا اطلاق



آگے بھی ہو گا۔ ایک ذیلی۔خِطّے میں تین، پانچ، سات، نو یا پندرہ جوزا یا کامل ذیلی۔خِطّے ہو سکتے ہیں۔ یہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ ٦ = ١٥x ٠.٤ ملین مربّع کلومیٹر کے رقبے پر محیط ذیلی۔خطّہ جغرافیائی لحاظ سے سیر ہو جاتا ہے۔ جب ذیلی۔خطّہ اس رقبے سے تجاوز کر جائے تو اسے تین جوزا خِطّوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے؛ خطّہ جوزیّت۔ رقبے کے لحاظ سے تین، پانچ، سات، نو یا پندرہ جوزا یا کامل۔خِطّے ہو سکتے ہیں۔ یہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ ٩٠ = ١٥x٦ ملین مربّع کلومیٹر کے رقبے پر محیط خطّہ جغرافیائی لحاظ سے سیر ہو جاتا ہے۔ جب خطّہ اس رقبے سے تجاوز کر جائے تو اسے تین جوزا عالمی خِطّوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے؛ پانچ۔ث۔

پانچ۔ا(۵)۔۔۔جدول: خِطّوں کی ساخت

| نام | ساخت | | | |
|---|---|---|---|---|
| | کامل ذیلی۔خطّہ | کامل ذیلی۔خِطّے | کامل۔خِطّے | عالمی خِطّے |
| کامل ذیلی۔خطّہ | ✔ | ✘ | ✘ | ✘ |
| ذیلی۔خطّہ | ✘ | ✔ | ✘ | ✘ |
| خطّہ | ✘ | ✔ | ✔ | ✘ |
| دنیا | ✘ | ✔ | ✔ | ✔ |

پانچ۔ا(٦)۔۔۔جوزا خِطّے کا رقبہ ہم مرتبہ کامل۔خِطّے کے رقبے سے کم ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ٠.٤ ذیلی۔خطّہ کامل ہے؛ جبکہ، ٠.٩ ذیلی۔خِطّے میں تین جوزا ذیلی۔خِطّے ہونگہ کیونکہ ہر تین کا رقبہ ٠.٣ ہو گا۔ جہاں تک ممکن ہو، جوزا ذیلی۔خِطّے، پھر جوزا خِطّے اور آخرتاً، جوزا عالمی خِطّے تشکیل نہ دیے جائیں یعنی کمالت کو ترجیح دینی چاہیے؛ پانچ۔ث(۴)۔ اور جہاں تک ممکن ہو، قطعۂ جدیدیّت کا رقبہ، جدولِ خلیہ پانچ۔ث کے حصّۂ اوّل، دوئم یا سوئم میں مندرج کسی بھی کامل۔خِطّے کے برابر ہونا چاہیے۔ خلیے میں مخفی توانائی ہوتی ہے۔ یہ چابی شدہ حلقہ دار کمانی کی طرح ہوتا ہے اور اپنے تناو سے

استخلاص کے لیے ہر دم تیّار رہتا ہے۔ جوزا خِطّوں میں، بوجہِ انبوہ، کامل خِطّوں کی نسبت زیادہ توانائی ہوتی ہے۔ بطورِ عام یہ کہا جا سکتا ہے کہ جوزا کی ضرورت اوپر اُٹھنے اور کامل کی ضرورت بحالی کے لیے ہوتی ہے۔

پانچ۔ا(۷)۔۔۔خاکے:ایک تا بیس

پانچ۔ا(۷)۔۔۔خاکے:ایک تا سات؛ ۱، ۳، ۵ اور ۷ جوزا / کامل ذیلی۔خطوں والا ذیلی۔خطّہ




ایک کامل ذیلی۔خطّہ ہے جس کا رقبہ ۰.۴ ملین مربع کلومیٹر ہے۔ اگر ایک کا رقبہ ۰.۴ سے زیادہ اور ۱.۲ سے کم ہو جائے تو، جیسا کہ دو میں دکھایا گیا ہے، وہ تین جوزا ذیلی۔خطوں والا ذیلی۔خطّہ بن جائے گا۔ مثال کے طور پر اگر اُس کا رقبہ ۰.۵ ہے تو اسے تین جوزا ذیلی۔خطوں میں تقسیم کر دیا جائے گا اور ان میں سے ہر ایک کا رقبہ ۰.۱٦ = ۰.۵/۳ ہو گا۔ یہ رقبہ ۱.۲ تک تین جوزا ذیلی۔خطوں میں تقسیم ہوتا رہے گا۔ ۱.۲ کے رقبے پر، جیسا کہ تین میں دکھایا گیا ہے، تین جوزا ذیلی۔خطوں کے تین کامل ذیلی۔خطے بن جائیں گے۔ اگر تین کا رقبہ ۱.۲ سے زیادہ اور ۲ سے کم ہو تو، جیسا کہ چار میں دکھایا گیا ہے، وہ پانچ جوزا ذیلی۔خطوں والا ذیلی۔خطّہ بن جائے گا۔ مثال کے طور پر، اگر اُس کا رقبہ ۱.۷ ہے تو اسے پانچ جوزا ذیلی۔خطوں میں تقسیم کر دیا جائے گا اور ان میں سے ہر ایک کا رقبہ ۰.۳۴ = ۱.۷/۵ ہو گا۔ یہ رقبہ ۲ تک پانچ جوزا ذیلی۔خطوں میں تقسیم ہوتا رہے گا۔ ۲ کے رقبے پر، جیسا کہ پانچ میں دکھایا گیا ہے، پانچ جوزا ذیلی۔خطوں کے پانچ کامل ذیلی۔خطے بن جائیں گے۔ اگر پانچ کا رقبہ ۲ سے زیادہ اور ۲.۸ سے کم ہو تو، جیسا کہ چھ میں دکھایا گیا ہے، وہ ایک سات جوزا ذیلی۔خطوں والا ذیلی۔خطّہ بن جائے گا۔ ۲.۸ کے رقبے پر، جیسا کہ سات میں دکھایا گیا ہے، سات جوزا

ذیلی۔خطوں کے سات کامل ذیلی۔خطے بن جائیں گے۔ مزید اضافے کے بعد، اس رقبے کو نو جوزا ذیلی۔خطوں اور پھر نو کامل ذیلی۔خطوں (آٹھ) اور پھر پندرہ جوزا ذیلی۔خطوں اور پھر پندرہ کامل ذیلی۔خطوں (نو) میں تقسیم کر دیا جائے گا۔

### پانچ۔ا(۷)۔۔۔**خاکے**: *آٹھ اور نو*؛ ۱۵ جوزا / کامل ذیلی۔خطوں والا ذیلی۔خطّہ




اب یہ امر واضح ہے کہ جوزا خِطّے کا رقبہ ہم مرتبہ کامل۔خِطّے کے رقبے سے کم ہوتا ہے۔ کامل ذیلی۔خطے کا رقبہ ۰.۴ ہونا چاہیے۔ چونکہ، دو، چار، چھ اور آٹھ میں سِلوں کا رقبہ ۰.۴ سے کم ہے، اس لیے وہ جوزا ذیلی۔خطے ہیں۔ جبکہ، ایک، تین، پانچ، سات اور نو میں سِلوں کا رقبہ ۰.۴ کے برابر ہے اس لیے وہ کامل ذیلی۔خطے ہیں۔

### پانچ۔ا(۷)۔۔۔**خاکہ**: *دس*؛ ۱۵ کامل ذیلی۔خطوں والے ذیلی۔خطے کی مہر



پانچ۔ا(۷)۔۔۔خاکہ: گیارہ؛ ۳ کامل ذیلی۔خطوں والے ذیلی۔خطے کی مہر



پانچ۔ا(۷)۔۔۔خاکہ: بارہ؛ ۳ جوزا خطوں والا خطّہ




نو کی ایک سِل ۰.۴ ملین مربّع کلومیٹر کے برابر ہے۔ اس لیے یہ ۶ = ۱۵x۰.۴ ملین مربّع کلومیٹر کا رقبہ ہے۔ نو پندرہ کامل ذیلی۔خطوں والا ذیلی۔خطّہ ہے۔ اگر نو کا رقبہ ۶ سے زیادہ اور ۱۸ سے کم ہو تو، جیسا کہ بارہ میں دکھایا گیا ہے، وہ تین جوزا خطوں، جس میں ہر جوزا خطے میں نو کامل ذیلی۔خطے ہونگہ، والا خطّہ بن جائے گا۔ مثال کے طور پر اگر اُس کا رقبہ ۱۰.۸ ہے تو اسے تین جوزا خطوں میں تقسیم کر دیا جائے گا اور ان میں سے ہر ایک کا رقبہ ۳.۶ = ۱۰.۸/۳ ہو گا۔

پانچ۔ا(ے)۔۔۔خاکہ:تیرہ؛ ۳ کامل خطوں والا خطّہ




یہ رقبہ ۱۸ تک تین جوزا خطوں میں تقسیم ہوتا رہے گا۔ ۱۸ کے رقبے پر، جیسا کہ تیرہ میں دکھایا گیا ہے، تین جوزا خطوں کے تین کامل خطے بن جائیں گے۔ ہر کامل خطے میں پندرہ کامل ذیلی۔خطے ہونے چاہییں۔ بارہ میں تین جوزا خطے اس لیے ہیں کیونکہ اُس کے ہر جوزا خطے میں نو کامل ذیلی۔خطے ہیں۔۔ تیرہ میں تین کامل خطے اس لیے ہیں کیونکہ اُس کے ہر کامل خطے میں پندرہ کامل ذیلی۔خطے ہیں۔ اگر تیرہ کا رقبہ ۱۸ سے زیادہ اور ۳۰ سے کم ہو تو، جیسا کہ چودہ میں دکھایا گیا ہے، وہ پانچ جوزا خطوں، جس میں ہر جوزا خطے میں نو کامل ذیلی۔خطے ہونگہ، والا خطّہ بن جائے گا۔ مثال کے طور پر، اگر اُس کا رقبہ ۲۰ ہے تو اسے پانچ جوزا خطوں میں تقسیم کر دیا جائے گا اور ان میں سے ہر ایک کا رقبہ ۴ = ۲۰/۵ ہو گا۔ چار کے رقبے کو ضم کیا جائے گا تاکہ وہ ۳.۶ کے برابر ہو جائے۔ بعد ازاں، ہر جوزا خطے کو نو کامل ذیلی۔خطوں میں تقسیم کر دیا جائے گا۔

### پانچ-ا(۷)---خاکہ: چودہ؛ ۵ جوزا خطوں والا خطّہ




یہ رقبہ ۳۰ تک پانچ جوزا خطوں میں تقسیم ہوتا رہے گا۔ ۳۰ کے رقبے پر، جیسا کہ پندرہ میں دکھایا گیا ہے، پانچ جوزا خطوں کے پانچ کامل خطے بن جائیں گے۔ ہر کامل خطے میں پندرہ کامل ذیلی-خطے ہونے چاہییں۔ چودہ میں پانچ جوزا خطے اس لیے ہیں کیونکہ اُس کے ہر جوزا خطے میں نو کامل ذیلی-خطے ہیں۔ پندرہ میں پانچ کامل خطے اس لیے ہیں کیونکہ اُس کے ہر کامل خطے میں پندرہ کامل ذیلی-خطے ہیں۔

### پانچ-ا(۷)---خاکہ: پندرہ؛ ۵ کامل خطوں والا خطّہ



آخرتاً، ۹۰ = ۱۵x۶ ملین مربّع کلومیٹر کے رقبے پر خطّہ سیر ہو جائے گا۔ اس مرحلے پر وہ کچھ یوں دکھائی دے گا:

پانچ۔ا(۷)۔۔۔خاکہ:سولہ؛ ۱۵ کامل خطوں والا خطّہ




پانچ۔ا(۷)۔۔۔خاکہ:سترہ؛ خطے کی مہر



Cressetbook.com

سترہ خطے کی مہر ہے۔ اگر سولہ کا رقبہ ۹۰ سے زیادہ اور ساری دنیا سے کم ہو تو، جیسا کہ اٹھارہ اور اُنّیس میں دکھایا گیا ہے، وہ تین عالمی جوزا خطوں، جس میں ہر جوزا عالمی خطے میں کامل خطے اور کامل ذیلی۔ خطے ہوں گے، والی ذیلی۔ دنیا بن جائے گی۔ مثال کے طور پر، اگر ذیلی۔ دنیا کا رقبہ ۱۶۲ ہے تو اسے تین ۵۴ والے جوزا عالمی خطوں میں تقسیم کر دیا جائے گا۔ ہر جوزا عالمی خطے میں نو کامل خطے اور ہر کامل خطے میں پندرہ کامل ذیلی۔ خطے ہوں گے۔

پانچ۔ا(۷)۔۔۔**خاکہ**: اٹھارہ؛ عالمی جوزا




چونکہ، ذیلی۔دنیا میں تین جوزا عالمی خطے ہونگہ تو وہ کچھ یوں دکھائی دے گی:

### پانچ۔ا(ے)۔۔۔خاکہ:اُنیس؛ ذیلی۔دنیا



ذیلی۔دنیا

اگر اُنّیس کا رقبہ ساری دنیا پر محیط ہو جائے تو، جیسا کہ بیس میں دکھایا گیا ہے، وہ تین کامل عالمی خطوں والی دنیا بن جائے گی۔ ہر کامل عالمی خطے میں پندرہ کامل خطے اور ہر کامل خطے میں پندرہ کامل ذیلی۔خطے ہوں گے۔ دنیا کا رقبہ ۲۷۰ ملین مربّع کلومیٹر ہونا چاہیے۔ اسلیے وہ کچھ یوں دکھائی دے گی:

### پانچ۔ا(ے)۔۔۔خاکہ:بیس؛ بجری اور گارے کی مہر



بیس متّحد دنیا کی مہر ہے۔ اِسے بجری اور گارے کی مہر بھی کہتے ہیں۔ یہ ہے دنیا کی ا۔ خصلت؛ منصّۂ شہود۔



پانچ۔ا(۸)۔۔۔جدول: اسمائے جغرافیائی و انتظامی

| ع ش | اسم | | ہادیٔ احمر |
|---|---|---|---|
| | جغرافیائی | انتظامی | |
| ۱ | خانہ | ضلع | - |
| ۲ | ذیلی۔علاقہ | منطقہ | - |
| ۳ | علاقہ | صوبہ | - |
| ۴ | جوزا/کامل ذیلی۔خطّہ | ملک | ملکی |
| ۵ | ذیلی۔خطّہ | برِصغیر | صغیری |
| ٦ | جوزا/کامل خطّہ | ایضاً | اعظمی |
| ۷ | خطّہ | براعظم | ایضاً |
| ۸ | جوزا/کامل عالمی خطّہ | ایضاً | عالمی |
| ۹ | ذیلی۔ کہکشاں | دنیا | ایضاً |

نِقاطِ جدول:

i. لفظ "نظام" محض اسمائے انتظامی کے زُمرے میں مستعمَل ہے جیسے کہ مناطقی نظام، ملکی نظام، صغیری نظام وغیرہ۔

ii. بالا جدول میں عدد شمار ۵، ٦، ۷ اور ۸ کے مابین فرق کو سمجھنا ضروری ہے۔ کسی بھی نظام میں صدر (نائب، معاون، یا ماتحت صدر نہیں) کو ہادیٔ احمر کہتے ہیں۔ صدر، جو کہ ہادیٔ احمر ہوتا ہے، جدیدی نظام کے اعلیٰ ترین مرتبے پر فائز ہوتا ہے۔ جغرافیائی نقطۂ نظر سے عدد شمار ۵ اور ٦ دونوں برِصغیر ہیں۔ فرق یہ ہے کہ عدد شمار ۵ کا ہادیٔ احمر صغیری صدر؛ جبکہ، عدد شمار ٦ کا ہادیٔ احمر اعظمی صدر ہے۔ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ عدد شمار ۵ کا رقبہ ٦ ملین مربّع کلومیٹر سے کم؛ جبکہ، عدد شمار ٦ کا رقبہ اِس سے زیادہ ہے۔ عدد شمار ۵ ذیلی۔خطّہ ہے جس میں جوزا / کامل ذیلی۔خطے ہیں؛ جبکہ، عدد شمار ٦ خطّہ ہے جس میں جوزا / کامل خطے اور کامل ذیلی۔خطے ہیں۔ جغرافیائی

نقطۂ نظر سے ذیلی۔خطّہ اور جوزا / کامل خطّہ ہم مرتبہ ہیں کیونکہ دونوں ہی بر صغیر ہیں۔ فرق انتظام میں ہے؛ ذیلی۔ خطے کی صورت میں صغیری صدر ہادیٔ احمر ہے جبکہ جوزا / کامل خطے کی خدمت نائب صدر کرتا ہے جو کہ اعظمی صدر، ہادیٔ احمر، کو جوابدہ ہوتا ہے۔

iii. اِسی کُلیے کا اطلاق عدد شمار ۷ و ۸ پر بھی ہوتا ہے۔ جغرافیائی نقطۂ نظر سے دونوں بِرا عظم ہیں۔ فرق یہ ہے کہ عدد شمار ۷ کا ہادیٔ احمر اعظمی صدرپ؛ جبکہ، عدد شمار ۸ کا ہادیٔ احمر عالمی صدر ہے۔ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ عدد شمار ۷ کا رقبہ ۹۰ ملین مربّع کلومیٹر سے کم؛ جبکہ، عدد شمار ۸ کا رقبہ اِس سے زیادہ ہے۔ عدد شمار ۷ خطّہ ہے جس میں جوزا / کامل خطے اور کامل ذیلی۔ خطے ہیں؛ جبکہ، عدد شمار ۸ دنیا ہے جس میں تین جوزا / کامل عالمی خطے، کامل خطے اور کامل ذیلی۔ خطے ہیں۔ جغرافیائی نقطۂ نظر سے خطّہ اور جوزا / کامل عالمی خطّہ ہم مرتبہ ہیں کیونکہ دونوں ہی بر اعظم ہیں۔ فرق انتظام میں ہے؛ خطے کی صورت میں اعظمی صدر ہادیٔ احمر ہے؛ جبکہ، جوزا / کامل عالمی خطے کی خدمت نائب صدر کرتا ہے جو کہ عالمی صدر، ہادیٔ احمر، کو جوابدہ ہوتا ہے۔

## پانچ۔ب۔۔۔انتظام

### پانچ۔ب(۱)۔۔۔۴۰ ملین مربّع کلومیٹر سے کم رقبے کا انتظام

پانچ۔ب(۱۔ا)۔۔۔وزرائے خطّہ: خلیے کی خدمت کی ذمہ داری وزرائے خطّہ اور محافلِ خطّہ کی ہے۔ وزرائے خطّہ کی تین سطوح ہوتی ہیں۔ نچلی میں وزرائے ضلع اور محافلِ ضلع (سطحِ ششم)، درمیانی میں وزرائے منطقہ اور محافلِ منطقہ (سطحِ پنجم)، اور اوپری (سطحِ چہارم) میں وزرائے صوبہ اور محافلِ صوبہ ہوتے ہیں۔ ہر خانے/ضلع پانچ۔ا(۸)؛ عدد شمار ۱ کا انتظام وزیرِ ضلع سنبھالتا ہے جو وزیرِ منطقہ کو جوابدہ ہوتا ہے۔ ایک وزیرِ منطقہ کے تحت ۳، ۵، ۷، ۹، یا ۱۵ وزیرِ ضلع ہوتے ہیں۔ ہر ذیلی۔ علاقے/ منطقے کا انتظام وزیرِ منطقہ سنبھالتا ہے جو وزیرِ صوبہ کو جوابدہ ہوتا

ہے۔ ایک وزیرِ صوبہ کے تحت ۳، ۵، ۷، ۹، یا ۱۵ وزیرِ منطقہ ہوتے ہیں۔ ہر علاقے/ صوبے کا انتظام وزیرِ صوبہ سنبھالتا ہے جو صدر کو جوابدہ ہوتا ہے۔ صدر کے تحت ۵، ۷، ۹، یا ۱۵ وزیرِ صوبہ ہوتے ہیں۔ ۳، ۵، ۷، ۹، یا ۱۵ کوئی مستقل نمبر نہیں۔ ایک ملک کے اندر، صدر کے دائرۂ اختیار میں، ایک وزیرِ صوبہ کے زیرِ قیادت ۳؛ جبکہ، دوسرے کے زیرِ قیادت ۱۵ وزیرِ منطقہ ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح، ایک صوبے کے اندر، وزیرِ صوبہ کے دائرۂ اختیار میں، ایک وزیرِ منطقہ کے زیرِ قیادت ۳؛ جبکہ، دوسرے کے زیرِ قیادت ۱۵ وزیرِ ضلع ہو سکتے ہیں۔ مرتبتِ خلیہ ایوان کے مجلِس۔اکی صوابدید ہے۔ انتظامی ضروریات کے پیشِ نظر، وہ ملک تشکیل دینے کے لیے وزرائے ضلع، منطقہ، اور صوبہ کی تعداد کا انتخاب خودمختاری کے ساتھ کر سکتا ہے۔ ملک کی خدمت صدر کرتا ہے اور صدر کی مدد ملکی نظام کرتا ہے۔

پانچ۔ب(۱۔ب)۔۔۔**خاکہ**: *ایک*؛ ملکی نظام کا انتظام



پانچ۔ب(ا۔ب)۔۔۔خاکہ:دو، ملکی نظام کی ساخت




**حواشیِ خاکہ:** وزیرِ صوبہ ۱ کے دائرۂ اختیار میں ۱۵ وزرائے منطقہ جبکہ وزیرِ صوبہ ۵ کے دائرۂ اختیار میں فقط ۳ وزرائے منطقہ ہیں۔ اسی طرح، وزیرِ منطقہ ۱۳ کے دائرۂ اختیار میں فقط ۳ وزرائے ضلع جبکہ وزیرِ منطقہ ۳ کے دائرۂ اختیار میں ۱۵ وزرائے ضلع ہیں

پانچ۔ب(۱۔پ)۔۔۔ محافلِ خطّہ: ضلعی محفل میں ایک وزیرِ منطقہ کے تحت تمام ضلعی وزرا شامل ہوتے ہیں۔ اس لیے ایک ضلعی محفل اور متعلقہ وزیرِ منطقہ کا دائرۂ اختیار یکساں ہے۔ متعلقہ وزیرِ منطقہ، ضلعی محفل کو اپنے دائرۂ اختیار میں کوئی بھی ذمّہ داری سونپ سکتا ہے۔ اسی طرح، مناطقی محفل میں ایک وزیرِ صوبہ کے تحت تمام مناطقی وزرا شامل ہوتے ہیں۔ اس لیے ایک مناطقی محفل اور متعلقہ وزیرِ صوبہ کا دائرۂ اختیار یکساں ہے۔ متعلقہ وزیرِ صوبہ، مناطقی محفل کو اپنے دائرۂ اختیار میں کوئی بھی ذمّہ داری سونپ سکتا ہے۔ اور اسی طرح، صوبائی محفل میں صدر کے تحت تمام صوبائی وزرا شامل ہوتے ہیں۔ اس لیے ایک صوبائی محفل اور صدر کا دائرۂ اختیار یکساں ہے۔ صدر، صوبائی محفل کو ملک کے اندر کوئی بھی ذمّہ داری سونپ سکتا ہے۔ ضلعی محفل کا رئیس متعلقہ وزیرِ منطقہ ہو گا، مناطقی محفل کا رئیس متعلقہ وزیرِ صوبہ ہو گا اور صوبائی محفل کا رئیس صدر ہو گا۔

پانچ۔ب(۲)۔۔۔ ۴۔۰ ملین مربّع کلومیٹر سے زیادہ رقبے کا انتظام: مندرجہ بالا منظر نامہ ملکی نظام کی وضاحت کرتا ہے۔ اگر رقبہ ۴۔۰ سے زیادہ اور ۱.۲ کے برابر یا اس سے کم ہو تو تین جوزا یا کامل ذیلی۔خِطّے ہوں گے، ملکی صدور کو بحیثیّتِ نائب صدور نامزد کیا جائے گا اور وہ ایک صغیری صدر کو جوابدہ ہوں گے جس کا دائرۂ اختیار برِصغیر/ذیلی۔خطّہ ہو گا۔ ایک برِصغیر میں زیادہ سے زیادہ پندرہ ممالک ہو سکتے ہیں۔ جب برِ صغیر/ذیلی۔خطّہ جغرافیائی لحاظ سے سیر ہو جائے تو یہ برِاعظم/خطّہ کہلائے گا اور بحسابِ رقبہ ۳، ۵، ۷، ۹، یا ۱۵ جوزا یا کامل خِطّوں میں تقسیم ہو جائے گا۔ ایسی صورت میں ملکی صدور کو بحیثیّتِ معاون صدور اور صغیری صدور کو بحیثیّتِ نائب صدور نامزد کیا جائے گا جو کہ ایک اعظمی صدر کو جوابدہ ہوں گے، جو کہ براِعظم/خِطّے کا سربراہ ہو گا۔ ایک براِعظم میں زیادہ سے زیادہ پندرہ برِصغیر ہو سکتے ہیں۔ جب براِعظم/خطّہ جغرافیائی لحاظ سے سیر ہو جائے تو یہ دنیا/ذیلی۔کہکشاں کہلائے گا اور تین جوزا / کامل عالمی خِطّوں میں تقسیم ہو جائے گا۔ ایسی صورت میں ملکی صدور کو بحیثیّتِ ماتحت صدور، صغیری صدور کو بحیثیّتِ معاون صدور، اعظمی صدور کو بحیثیّتِ نائب صدور نامزد کیا جائے گا اور وہ تینوں ایک عالمی صدر کو جوابدہ ہوں گے جو کہ دنیا/ذیلی۔کہکشاں کا سربراہ ہو گا۔

پانچ۔ب(٢۔ا)۔۔۔**جدول:** جغرافیائی / انتظامی ساخت

| ع ش | اسمِ جغرافیائی | جغرافیائی ساخت | اسمِ انتظامی | انتظامی ساخت | صدور |
|---|---|---|---|---|---|
| ١ | کامل ذیلی۔خطّہ | کامل ذیلی۔خطّہ | ملکی | ملک | صدر |
| ٢ | ذیلی۔خطّہ | کامل ذیلی۔خِطّے اور ذیلی۔خطّہ | صغیری | ممالک اور برِصغیر | نائب صدور اور صدر |
| ٣ | خطّہ | کامل ذیلی۔ خِطّے، کامل خِطّے اور خطّہ | اعظمی | ممالک ، کئی برِ صغیر اور برِاعظم | معاون صدور، نائب صدور اور صدر |
| ۴ | ذیلی۔ کہکشاں | کامل ذیلی۔ خِطّے، کامل خِطّے، تین کامل عالمی خطے اور ذیلی۔ کہکشاں | عالمی | ملک، کئی برِصغیر، تین برِاعظم اور دنیا | ماتحت صدور، معاون صدور، تین نائب صدور اور صدر |

پانچ۔ب(٢۔ب)۔۔۔**خاکہ:** ایک: صغیری نظام کا انتظام



## پانچ۔ب(۲۔ب)۔۔۔خاکہ:دو؛ اعظمی نظام کا انتظام



## پانچ-ب(۲-ب)---خاکہ تین؛ عالمی نظام کا انتظام



## پانچ۔ب(۲۔ب)۔۔۔خاکہ: چار؛ صغیری نظام کی ساخت




## پانچ۔ب(۲۔ب)۔۔۔خاکہ: پانچ؛ اعظمی نظام کی ساخت



پانچ۔ب(۲۔ب)۔۔۔خاکہ:چھ؛عالمی نظام کی ساخت



پانچ۔ب(۲۔پ)۔۔۔محافلِ عالم: دنیا کے اندر ماتحت صدوری محفل میں ایک معاون صدر کے تحت تمام ماتحت صدور شامل ہوتے ہیں۔ اس لیے ایک ماتحت صدوری محفل اور متعلقہ معاون صدر کا دائرۂ اختیار یکساں ہے۔ متعلقہ معاون صدر، ماتحت صدوری محفل کو اپنے دائرۂ اختیار میں کوئی بھی ذمّہ داری سونپ سکتا ہے۔ اسی طرح، معاون صدوری محفل میں ایک نائب صدر کے تحت تمام معاون صدور شامل ہوتے ہیں۔ اس لیے ایک معاون صدوری محفل اور متعلقہ نائب صدر کا دائرۂ اختیار یکساں ہے۔ متعلقہ نائب صدر، معاون صدوری محفل کو اپنے دائرۂ اختیار میں کوئی بھی ذمّہ داری سونپ سکتا ہے۔ اور اسی طرح، نائب صدوری محفل میں صدر کے تحت تینوں نائب صدور شامل ہوتے ہیں۔ اس لیے ایک نائب صدوری محفل اور صدر کا دائرۂ اختیار یکساں ہے۔ صدر، نائب صدوری محفل کو دنیا کے اندر کوئی بھی ذمّہ داری سونپ سکتا ہے۔ ماتحت صدوری محفل کا رئیس متعلقہ معاون صدر ہو گا، معاون صدوری محفل کا رئیس متعلقہ نائب صدر ہو گا اور نائب صدوری محفل کا رئیس صدر ہو گا۔ مندرجہ بالا مجالس برِصغیری ہادئ احمر اور براِعظمی ہادئ احمر نظم میں بعینہٖ مثل کارفرما ہوں گی، فقط صدور کی نامزدگی نظام کی ضرورت کے مطابق کی جائے گی۔

پانچ۔پ۔۔۔ضابطہ وزرا: کے مندرجہ ذیل درجات ہیں:

I. ملکی وزرا
II. صغیری وزرا
III. اعظمی وزرا
IV. عالمی وزرا

ضابطہ وزارت کی تشکیل متعلقہ ایوان کا متعلقہ خانہ کرتا ہے۔ یہ نظام میں تفویض شدہ عاملانہ اختیارات کا استعمال کرتی ہے۔ مثال کے طور پر خزانہ، داخلہ، خارجہ وغیرہ۔ ضابطہ وزارت کی سربراہی ضابطہ وزیر کرتا ہے۔

ہنگامی جدیدی نظام کی صورت میں وہ ضابطے کی دفعہ (۳) ؛ جبکہ، ج۔ ۱ اور بالائی جماعتوں کی صورت میں وہ آئین کی شق ۱۸ (۲۔ا) کے تحت شمولیّت اختیار کرتا ہے۔

پانچ۔پ(۱)۔۔۔ضابطہ وزیر متعلقہ صدر کی رضامندی سے خدمات سرانجام دیتا ہے۔ ملک کے اندر ضابطہ وزیر کو ملکی وزیر کہا جاتا ہے۔ ملکی وزیر متعلقہ وزیرِ اعظم کو جوابدہ ہے البتّہ، ملکی صدر اسے کسی بھی وقت قدم بدر کر سکتا ہے۔ یہ وزرائے خطّہ کی قدم بدری کے بالکل برعکس ہے جنہیں محض آئین کی شق ۵ (ج) کے مطابق ہی قدم بدر کیا جا سکتا ہے۔ ملکی وزیر سے بالا صغیری، اعظمی اور عالمی وزیر ہوتے ہیں جن کا انتخاب متعلقہ صدر کرتا ہے پانچ۔پ(۲)۔ ایسی صورت میں ملکی وزیر قدم بر ہو گا اور اس کے منصب کو وزیرِ ماندہ، معروضی قابلیّت اور صدر کی ترجیح کے بمطابق پُر کرے گا۔ ترجیح سے مراد یہ ہے کہ بحیثیّتِ ضابطہ وزیر، جیّد کی شمولیّت معروضی قابلیّت کے مطابق ہو گی۔ البتّہ، صدر اپنی مرضی کے کسی ضابطہ وزیر کو کوئی بھی وزارت دے سکتا ہے۔ بالاختصار، شمولیّت معروضی قابلیّت کے مطابق اور وزارتوں کی تقسیم صدر کی مرضی کے مطابق ہو گی۔

متعلقہ ۔صدر، صغیری، اعظمی یا عالمی وزیر کی قدم بدری کا فرمان جاری کر سکتا ہے۔ ضابطہ وزرا، جیّد ہیں لیکن ایوان کا حصّہ نہیں ہیں۔ خدمات کی انجام دہی یا قدم بدری کے بعد وہ متعلقہ ذیلی۔جدیدیّت میں شمولیّت اختیار کرتے ہیں۔

پانچ۔پ(۲)۔۔۔میعاد: وزیرِ ضابطہ کو کم سے کم پانچ سال کی مدّت کے لیے شامل کیا جاتا ہے۔ اس میعاد کا حساب، خواہ پانچ سال ہو یا اس سے زیادہ، ہمیشہ شمولیّت کے پہلے دن سے کیا جاتا ہے۔ متعلقہ صدر پانچ سال کی میعاد میں توسیع کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، صغیری صدر اس میں دو سال کی توسیع کر سکتا ہے (کُل سات سالہ دورانِ خدمت)۔ اسی طرح، اعظمی صدر اس میعاد میں نو سال، اور عالمی صدر پندرہ سال کی توسیع کر سکتا ہے۔

توسیع قدم واردی جائے گی۔ ملکی وزیر بلاواسطہ بحیثیَّتِ عالمی وزیر شمولیّت اختیار نہیں کر سکتا۔ پانچ سال یا اس سے کم عرصے تک خدمات انجام دینے کے بعد، وہ، متعلقہ صغیری صدر کی رضا سے بحیثیَّتِ صغیری وزیر شمولیّت اختیار کر سکتا ہے، بصورتِ دیگر، اس میعاد کے اختتام پر وہ قدم بدر ہو جائے گا۔ شمولیّت کے بعد اس کی میعاد کو پانچ سے سات سال تک بڑھا دیا جائے گا۔ سات سال یا اس سے کم عرصے تک خدمات انجام دینے کے بعد، وہ، متعلقہ اعظمی صدر کی رضا سے بحیثیَّتِ اعظمی وزیر شمولیّت اختیار کر سکتا ہے۔ بصورتِ دیگر، اس میعاد کے اختتام پر وہ قدم بدر ہو جائے گا۔ شمولیّت کے بعد اس کی میعاد کو سات سے نو سال تک بڑھا دیا جائے گا۔ اگر دو یا زیادہ ذیلی۔صدور ایک ہی وزیر ضابطہ کی خدمات سے استفادہ حاصل کرنا چاہتے ہوں تو ایسی صورت میں متعلقہ اعلیٰ صدر کے فیصلے کو حتمی تصوّر کیا جائے گا۔ نو سال یا اس سے کم عرصے تک خدمات انجام دینے کے بعد، وہ، عالمی صدر کی رضا سے بحیثیَّتِ عالمی وزیر شمولیّت اختیار کر سکتا ہے۔ بصورتِ دیگر، اس میعاد کے اختتام پر وہ قدم بدر ہو جائے گا۔ شمولیّت کے بعد اس کی میعاد کو نو سے پندرہ سال تک بڑھا دیا جائے گا۔

وضاحت: اگر ملکی وزیر ا، صغیری وزیر کی جانب قدم بر ہوتا ہے تو اس کے منصب کو وزیرِ ماندہ ب پُر کرے گا۔ اگر بوقتِ قدم بری اس نے چار سال تک خدمت کی ہے تو وہ بجائے ۵ = ۱+۴ سال، مزید ۷ =۳+۴ سال خدمت کرے گا۔ جبکہ، ب مزید ایک سال تک خدمت کرے گا، کیونکہ وہ ا کے منصب پر قدم بر ہوا ہے اس لیے ا کی بقایا میعاد اسے ورثے میں ملے گی۔

**پانچ۔ت۔۔۔** اداروں کا محاصرہ: غریزۂ بقا کے تحت ادارے اپنے دائرۂ اختیار سے تجاوز کرنے پر مائل ہوتے ہیں۔ جدیدیّت کا کام ہے کہ ایسا ہونے نہ دے، کیونکہ اگر اداروں کو اپنی مرضی پر چھوڑ دیا جائے تو وہ بالآخر سب غصب کر لیں گے۔

ہر (غیر) اساسی ادارے پانچ-ت(۷) کو متعلقہ مجلس ملک کے اندر محصور کرتی ہے اور اس درجے سے بالا انطباق صدور کرتے ہیں؛ یہی آئین کی شق (ا) ۳۵ کی روح ہے۔ صدر اپنے دائرۂ اختیار میں موجود تمام (غیر) اساسی اداروں کا سربراہ ہے۔ (غیر) اساسی عہدہ داران جیّد نہیں ہوتے؛ وہ ملکی صدر کو جوابدہ ہوتے ہیں اور اس کی رضا سے خدمات کی انجام دہی کرتے ہیں؛یہی آئین کی شق ۲۰ (۲-ا) کی روح ہے۔

پانچ-ت(ا)---ضلعی محاصرہ: پولیس کو ضلعی سطح پر محصور کیا جا سکتا ہے۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ ضلعی پولیس سربراہ، وزیرِ ضلع کو جوابدہ ہو گا۔ ضلعی پولیس سربراہان متعلقہ وزرائے ضلع اور وزیرِ منطقہ کے ذریعے انطباق کر سکتے ہیں پانچ-ت(ا-ا)۔ اگر ضلعے مختلف مناطق کے تحت ہوں تو وزیرِ صوبہ پانچ-ت(ا-ب)، اور اگر مختلف صوبوں کے تحت ہوں تو ملکی صدر پانچ-ت(ا-پ) کے ذریعے انطباق ہو گا۔

مندرجہ ذیل جداول میں وزیرِ صوبہ، ملکی ضابطہ وزیر برائے داخلہ کو جوابدہ ہے، جو کہ وزیرِ اعظم-ا کو جوابدہ ہے، جو کہ صدر کو جوابدہ ہے۔ البتہ، یہ بات ملحوظِ خاطر رکھی جائے کہ صدر، وزیرِ اعظم-ا اور ضابطہ وزیر برائے داخلہ کا دائرۂ اختیار، امن و امان کی نگہداری کی حد تک ایک ہی ہے، یعنی، پورا ملک۔ اسلیے اخذ کیا جا سکتا ہے کہ وزیرِ اعظم-ا اور ضابطہ وزیر، صدر کے تحت ہیں۔ ان کا کام فرائضِ منصبی کی ادائیگی میں صدر کی مدد کرنا ہے۔ مذکورہ بالا کی روشنی میں، ایک طرح سے، وزیرِ صوبہ، صدر کو جوابدہ ہے۔

پانچ۔ت(ا۔ا)۔۔۔ایک منطقہ کے تحت ضلع



پانچ-ت(ا-ب)---مختلف مناطق لیکن ایک صوبے کے تحت ضلع



پانچ-ت(ا-پ)---مختلف صوبوں کے تحت ضلع



پانچ۔ت(۲)۔۔۔مناطقی محاصرہ: اسی طرح، تعلیم کو مناطقی سطح پر محصور کیا جا سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ضلعی تعلیمی سربراہ، وزیرِ ضلع کو نہیں بلکہ مناطقی تعلیمی سربراہ کو براہِ راست جوابدہ ہوگا۔ اور مناطقی تعلیمی سربراہ، وزیرِ منطقہ کو جوابدہ ہوگا۔ ضلعی تعلیمی سربراہان، مناطقی تعلیمی سربراہ کے ذریعے انطباق کر سکتے ہیں پانچ۔ت(۲۔ا)۔ اگر ضلع مختلف مناطق کے تحت ہوں تو وزیرِ صوبہ پانچ۔ت(۲۔ب)، اور اگر مختلف صوبوں کے تحت ہوں تو ملکی صدر کے ذریعے انطباق ہوگا پانچ۔ت(۲۔پ)۔

پانچ۔ت(۲۔ا)۔۔۔ایک منطقہ کے تحت ضلع



پانچ۔ت(۲۔ب)۔۔۔مختلف مناطق لیکن ایک صوبے کے تحت ضلع



پانچ۔ت(۲۔پ)۔۔۔ مختلف صوبوں کے تحت ضلع



پانچ۔ت(۳)۔۔۔صوبائی محاصرہ: اسی طرح، صحت کو صوبائی سطح پر محصور کیا جا سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ضلعی صحت سربراہ، وزیرِ ضلع کو نہیں بلکہ مناطقی صحت سربراہ کو براہِ راست جوابدہ ہو گا۔ اور مناطقی صحت سربراہ، وزیرِ منطقہ کو نہیں بلکہ صوبائی صحت سربراہ کو براہِ راست جوابدہ ہو گا۔ اور صوبائی صحت سربراہ، وزیرِ صوبہ کو جوابدہ ہو گا۔ ضلعی صحت سربراہان، مناطقی صحت سربراہ کے ذریعے انطباق کر سکتے ہیں پانچ۔ت(۳۔ا)۔ اگر ضلع مختلف مناطق کے تحت ہوں تو صوبائی صحت سربراہ پانچ۔ت(۳۔ب) اور اگر مختلف صوبوں کے تحت ہوں تو ملکی صدر کے ذریعے انطباق ہو گا پانچ۔ت(۳۔پ)۔

پانچ۔ت(۳۔ا)۔۔۔ایک منطقہ کے تحت ضلع



پانچ-ت(۳-ب)---مختلف مناطق لیکن ایک صوبے کے تحت ضلع



پانچ۔ت(۳۔پ)۔۔۔ مختلف صوبوں کے تحت ضلع



پانچ۔ت(۴)۔۔۔ملکی محاصرہ: فوج ملکی سطح پر محصور ہو گی شق ۲۷۔ اس کا مطلب ہے کہ ضلعی، مناطقی اور صوبائی عسکری سربراہان، بالتّرتیب، وزیرِ ضلع، منطقہ یا صوبہ کو نہیں بلکہ مناطقی، صوبائی اور ملکی عسکری سربراہان کو جوابدہ ہوں گے۔ اور ملکی عسکری سربراہ، ملکی صدر کو جوابدہ ہو گا۔ ضلعی عسکری سربراہان، مناطقی عسکری سربراہ کے ذریعے انطباق کر سکتے ہیں پانچ۔ت(۴۔ا)۔ اگر ضلع مختلف مناطق کے تحت ہوں تو صوبائی عسکری سربراہ پانچ۔ت(۴۔ب) اور اگر مختلف صوبوں کے تحت ہوں تو ملکی عسکری سربراہ کے ذریعے انطباق ہوگا پانچ۔ت(۴۔پ)۔ اور اگر ممالک مختلف ہوں تو صغیری صدر پانچ۔ت(۴۔ت) اور اگر برِصغیر مختلف ہوں تو اعظمی صدر اور اگر برِاعظم مختلف ہوں تو عالمی صدر کے ذریعے انطباق ہو گا۔ جارحیّت، یعنی جدیدیّت کی جغرافیائی حدود سے باہر جنگ کی صورت میں متعلقہ عسکری سربراہ، ہادیٔ احمر کو جوابدہ ہو گا۔

پانچ۔ت(۴۔ا)۔۔۔ایک منطقہ کے تحت ضلع



پانچ۔ت(۴۔ب)۔۔۔مختلف مناطق لیکن ایک صوبے کے تحت ضلع



پانچ-ت(۴-پ)--- مختلف صوبوں کے تحت ضلع



## پانچ-ت(۴-ت)---مختلف ممالک کے تحت ضلع



پانچ-ت(۵)---انتظامی سطوح: ایک (غیر) اساسی ادارے کی، نظام کی ضرورت کے مطابق، جو کہ صدر متعیّن کرے گا، ایک یا دو یا تین یا چاروں انتظامی سطوح ہو سکتی ہیں؛ مثال کے طور پر:

- سطحِ اوّل انتظام: ملکی،
- سطحِ دوئم انتظام: ملکی اور صوبائیٰ،
- سطحِ سوئم انتظام: ملکی، صوبائیٰ اور مناطقی، اور
- سطحِ چہارم انتظام: ملکی، صوبائیٰ، مناطقی اور ضلعی۔

اگر صحت کو سطحِ سوئم انتظامی ادارہ تصوّر کیا جائے تو اخذ کیا جا سکتا ہے کہ اُس کا ضلعی انتظام نہیں ہو گا، یعنی، اُس کا انتظام منطقہ کی سطح پر ختم ہو جائے گا۔

پانچ-ت(٦)---بالائے ملک اداروں کا ملکی محاصرہ: ملکی صدر اپنے دائرۂ اختیار کی حد تک تمام اداروں کا سربراہ ہے۔ اس میں نہ صرف ملک کے اندر موجود (غیر) اساسی ادارے شامل ہیں بلکہ وہ ادارے بھی شامل ہیں جو کہ ایک بالا صدر کے تحت ہوں لیکن جغرافیائی لحاظ سے ملکی صدر کے دائرۂ اختیار میں موجود ہوں۔ اس بابت استثنا، فقط بالا صدر کے دبیر خانے اور ایوانِ جدیدیّت کو حاصل ہے۔

مثال کے طور پر، صغیری جدیدیّت کی صورت میں در/بر آمدات کا انتظام صغیری صدر کے تحت ایک صغیری موضوع ہو سکتا ہے۔ اسلیے ضلعی، مناطقی اور صوبائیٰ گمرک سربراہان، وزرائے خطّہ کو نہیں بلکہ ملکی گمرک سربراہ کو براہِ راست جوابدہ ہوں گے۔ ملکی گمرک سربراہ، ملکی صدر کو اور ملکی صدر، صغیری صدر کو جوابدہ ہو گا۔ ایک صغیری گمرک سربراہ ہو سکتا ہے جو ملکی گمرک سربراہان کے ساتھ صغیری صدر اور متعلقہ صدر کے ذریعے انطباق کر سکتا ہے۔


ضلعی گمرک سربراہ
ضلعی گمرک سربراہ
تعلُقی گمرک سربراہ
صوبائی گمرک سربراہ
ملکی گمرک سربراہ
ضابطہ وزیر برائے اقتصاد
وزیراعظم
ملکی صدر
صغیری صدر

پانچ۔ت(ﮊ)۔۔۔(غیر) اساسی ادارے کے مابین فرق: اساسی ادارے انطباق فقط متعلقہ وزیرِ خطّہ یا صدر کے ذریعے کرتے ہیں۔ جبکہ، غیر اساسی ادارے، اگر متعلقہ صدر یا ہادیٔ احمر مناسب سمجھے، تو انطباق ان کے نمائندوں کے ذریعے بھی کر سکتے ہیں۔ متعلقہ صدر، اپنے دائرۂ اختیار کی حد تک اور ہادیٔ احمر مکمّل قطعۂ جدیدیّت کی حد تک اس بات کا تعیّن کرے گا کہ کوئی ادارہ اساسی ہے یا غیر اساسی۔

مثال کے طور پر اگر پولیس کو اساسی ادارہ تصوّر کیا جائے تو وہ انطباق اسی طرز پر کرے گا جیسا کہ بالا سطور میں واضح کیا جا چکا ہے۔ البتّہ، اگر اسے غیر اساسی ادارہ تصوّر کیا جائے تو ضلعی وزیر اپنے اختیارات ضلعی پولیس دفتر میں موجود اپنے نمائندے یا ضلعی پولیس سربراہ کو تفویض کر سکتا ہے۔ اسی طرح باقی وزرائے خطّہ بھی اپنے اختیارات نمائندوں کو تفویض کر سکتے ہیں۔ اس لیے ایسی صورتحال میں وزیرِ ضلع کا پولیس نمائندہ یا ضلعی پولیس سربراہ، وزیرِ منطقہ / صوبہ کے نمائندے کے ذریعے انطباق کرے گا۔ صدر بھی پولیس کے معاملات کے بارے میں اپنے اختیارات وزیرِاعظم۔ایا ضابطہ وزیر برائے داخلہ کو تفویض کر سکتا ہے۔




اسی طرح اگر گمرک کو اساسی ادارہ تصوّر کیا جائے تو وہ انطباق اسی طرز پر کرے گا جیسا کہ بالا سطور میں واضح کیا جا چکا ہے۔ البتّہ، اگر اسے غیر اساسی ادارہ تصوّر کیا جائے تو ملکی صدر اپنے اختیارات وزیرِ اعظم۔م یا ملکی ضابطہ وزیر برائے اقتصاد کو تفویض کر سکتا ہے۔ اسی طرح صغیری صدر اپنے اختیارات دبیر خانے کے اندر موجود اپنے نمائندے کو تفویض کر سکتا ہے۔ اس لیے ایسی صورتِ‌حال میں صدور کے نمائندے انطباق کریں گے۔




پانچ۔ت(۷۔ا)۔۔۔اگر ایک ادارے کو بالا نظام اساسی تصوّر کرے تو اسے تمام متعلقہ زیریں نُظُم اساسی تصوّر کریں گے۔ مثال کے طور پر اگر اعظمی صدر ایک اعظمی تفتیشی ادارے کے اساسی ہونے کا اعلامیہ جاری کرے تو ملکی اور صغیری صدور اس ادارے کو اپنے دائرۂ اختیار میں اساسی تصوّر کریں گے۔ پس، ایسی صورت میں صدور اپنے اختیارات تفویض نہیں کر سکتے۔ ادارے کا ملکی سربراہ، ضابطہ وزیر برائے داخلہ اور وزیر اعظم۔اکی وساطت سے ملکی صدر، ملکی صدر صغیری صدر اور صغیری صدر اعظمی صدر کو جوابدہ ہو گا۔ اس ادارے کے صغیری اور اعظمی دفاتر، صغیری اور اعظمی صدور کے دبیر خانوں میں موجود ہوں گے۔ اگر اس ادارے کا کوئی دفتر، دبیر خانے کی حدود سے باہر ہو تو وہ متعلقہ ملکی صدر کے ذریعے ہی انطباق کرے گا۔

پانچ۔ت(ے۔ب)۔۔۔جدول: صدور کے دبیر خانوں کا رقبہ

| ع ش | صدر | رقبہ (مربّع کلومیٹر میں) |
|---|---|---|
| ۱ | ملکی | ۱۰۰ |
| ۲ | صغیری | ۳۰۰ |
| ۳ | اعظمی | ۵۰۰ |
| ۴ | عالمی | ۷۰۰ |

پانچ۔ٹ۔۔۔قانونِ نومرز

"خاک اوراک"، "خلیہ آگہہ" ۔ جیِّد، جہاں اور جب ضرورت ہو، خلیے میں ایسے طور پر کامل خِطّوں کی سرحدیں اور خانوں کی تعداد، حجم اور وضع کو تبدیل کریں کہ لاحقہ کامل خطّہ یا خانہ، جہاں تک ممکن ہو، زیادہ سے زیادہ سابقہ کامل خِطّوں یا خانوں کا مرکّب ہو۔

جدیدیّت، گروہ بندی توڑنے اور تنوّع کی تحصیل کے لیے قانونِ نومرز پر عمل پیرا ہوتی ہے۔ اس امر کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے کہ خلیۂ خمسہ کی معیاری ترتیب ۹۰۰۰ مربّع کلومیٹر ہے۔

پانچ۔ٹ(۱)۔۔۔خلیے کے ارتقا سے مراد ہے کہ خلیہ ہمیشہ کم تر سے زیادہ تر؛ غیر سیریاب سے کامل سیریاب خلیے کی جانب ارتقا پذیر ہو گا۔

پانچ۔ٹ(۲)۔۔۔غیر سیریاب خلیہ

ایک ایسا حلقہ ہے جس کا انسانی ترقّیاتی اشاریہ ۰.۹ سے کم ہو۔ مثال کے طور پر جوزا / کامل ذیلی۔خطّے کی صورت میں ج۔۱، ۱۰۰۰ کے خانوں والا خلیہ مرتّب کر سکتی ہے۔ اسطرح زیادہ سے زیادہ جیّدوں کی شمولیّت کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ وقت کے ساتھ، خانہ، ذیلی۔علاقہ، علاقہ اور آخرتاً جوزا / کامل ذیلی۔خطّہ جزوی سیر ہو جائے گا۔

پانچ۔ٹ(۳)۔۔۔جزوی سیریاب خلیہ

ایک حلقۂ کامل ہے جسکا انسانی ترقّیاتی اشاریہ ۰.۹ یا اس سے زیادہ ہوتا ہے۔ جزوی سیر جوزا / کامل ذیلی۔خِطّے کی سطح پر، ذیلی۔علاقوں کے تحت خانوں، علاقوں کے تحت ذیلی۔علاقوں اور جوزا / کامل ذیلی۔خِطّے کے تحت علاقوں کی تعداد کو تبدیل کیا جائے گا۔ ایک وقت آئیگا جب یہ تبدیلی خلیے کی سیریابی کو متاثر نہیں کرے پائے گی۔ اسکے بعد خانوں کے حَجم کو ۱۰۰۰ سے ۳۰۰۰ کیا جائے۔ جزوی سیریابی کے بعد خانوں، ذیلی۔علاقوں اور علاقوں کی تعداد کو پھر سے تبدیل کیا جائے۔یہی وتیرہ ۵۰۰۰، ۷۰۰۰، ۹۰۰۰ اور ۱۵۰۰۰ کی سطح پر دہرایا جائے گا۔ اسے پانچ۔ٹ(۱۔ا)۔۔۔قدم وار ارتقا کہتے ہیں۔ اگر متعلقہ مجلِس۔ایہ سمجھتی ہو کہ وہ یہ تمام یا ۳۰۰۰ یا ۵۰۰۰ یا ۷۰۰۰ یا ۹۰۰۰ میں سے کسی بھی سطح کے اطلاق کو ترک کر سکتی ہے تو وہ یہ کر گزرے۔ اس کا مطلب ہے کہ ۳۰۰۰ کا خلیہ براہِ راست ۱۵۰۰۰ کے خلیے کی جانب ارتقا پذیر ہو سکتا ہے۔ اسے پانچ۔ٹ(۱۔ب)۔۔۔ارتقائی جست کہتے ہیں۔ وہ جَیّد

پانچ۔ٹ(۴)۔۔۔وزیرِ وقعت

کہلایا جائے گا کہ جس کہ دورِ خدمت میں خلیے کا وہ حصّہ جو کہ اس کے دائرۂ اختیار میں ہو، جزوی سیریابی حاصل کر لے، یعنی، قطعۂ حلقہ، حلقۂ کامل قرار پائے اور اس کے عوام کا انسانی ترقیاتی اشاریہ ۰.۹ یا اس سے زیادہ ہو جائے۔ اگر خلیہ ۱۵۰۰۰ مربّع کلومیٹر کی سطح پر جزوی سیر ہو اور خانوں، ذیلی۔علاقوں یا علاقوں کی تعداد میں تبدیلی اس کی سیریابی پر اثر انداز نہ ہو تو اسے

پانچ۔ٹ(۵)۔۔۔مکمّل سیریاب

جوزا / کامل ذیلی۔خطّہ کہتے ہیں۔ اگر یہ جوزا / کامل ذیلی۔خطّہ، ذیلی۔خطّے کے تحت ہو تو، اِس جوزا / کامل ذیلی۔خطّے کی مکمّل سیریابی کے بعد ذیلی۔خطّے کے اندر موجود تمام جوزا / کامل ذیلی۔خِطّوں کی تعداد، حَجم اور وضع کو تبدیل کیا جائے گا۔ اسطرح مکمّل سیریاب جوزا / کامل ذیلی۔خِطّے کا خلیہ، بقیہ جزوی جوزا / کامل ذیلی۔خِطّوں کے خلیوں سے اختلاط کرے گا۔یہ عمل اس وقت تک جاری رہے گا جب تک ذیلی۔خِطّے کا خلیہ مکمّل سیریاب نہیں ہو جاتا۔

پانچ۔ٹ(٦) ۔۔۔کامل سیریابی

ذیلی۔خِطّے کی سطح پر مکمّل سیریاب خلیے کو

پانچ۔ٹ(٦) اوّل۔۔۔کامل سیریاب خلیہ کہا جاتا ہے۔ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ ایک خاص جغرافیائی قطعے میں جدیدیّت بالا ترین سطح پر براجمان ہے اس لیے مزید آگے بڑھنے کی گنجائش نہیں۔ اس سطح پر مجلِس۔ا، خانوں کے انضمام کے ذریعے رقبے کو، بمطابقِ جدولِ خلیہ، قریب ترین رقبے کے برابر کر سکتی ہے۔ مثال کے طور پر ۱.5 کو کم کر کے ۱.۲ کیا جا سکتا ہے۔ اسطرح پانچ جوزا ذیلی۔خِطّوں کے تین کامل ذیلی۔خِطّے بن جائیں گے۔ مزید برآں، خلیہ ۱۵۰۰۰ سے ۹۰۰۰، یعنی اپنی معیاری ترتیب کی جانب رجعت کرے گا۔ اس مرحلے پر جدیدیّت کو ج۔اشتراک کی اشد ضرورت ہے۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو اندرونی ہجرت کی حکمتِ عملی میں نرمی اختیار کی جائے یا نقل مکانی کرائی جائے۔

اسی طرح خطّے کی صورت میں، اوّلاً، جوزا / کامل ذیلی۔خطّہ مکمل سیریابی حاصل کرے گا۔ اس کے بعد، اس جوزا / کامل ذیلی۔خِطّے کا خلیہ، بقیہ جزوی جوزا / کامل ذیلی۔خِطّوں کے خلیوں سے اختلاط کرے گا تاوقتیکہ جوزا / کامل خطّہ مکمل سیریابی حاصل کرلے۔ اس کے بعد، اس جوزا / کامل۔خِطّے کا خلیہ، بقیہ جزوی جوزا / کامل خِطّوں کے خلیوں سے اختلاط کرے گا تاوقتیکہ خطّہ مکمل سیریابی حاصل کر لے۔ خِطّے کی سطح پر مکمّل سیریاب خلیے کو پانچ۔ٹ(٦) دوئم۔۔۔کامل سیریاب خلیہ کہا جاتا ہے۔

اسی طرح دنیا کی صورت میں، اوّلاً، جوزا / کامل ذیلی۔خطّہ مکمل سیریابی حاصل کرے گا۔ اس کے بعد، اس جوزا / کامل ذیلی۔خِطّے کا خلیہ، بقیہ جزوی جوزا / کامل ذیلی۔خِطّوں کے خلیوں سے اختلاط کرے گا تاوقتیکہ جوزا / کامل خطّہ مکمل سیریابی حاصل کرلے۔ اس کے بعد، اس جوزا / کامل۔خِطّے کا خلیہ، بقیہ جزوی جوزا / کامل خِطّوں کے خلیوں سے اختلاط کرے گا تاوقتیکہ جوزا / کامل عالمی خطّہ مکمل سیریابی حاصل کرلے۔ اس کے بعد، اس جوزا / کامل عالمی خِطّے کا خلیہ، بقیہ جزوی جوزا / کامل عالمی خِطّوں کے خلیوں سے اختلاط کرے گا تاوقتیکہ تینوں عالمی خِطّے مکمل سیریابی حاصل

کر لیں۔ اس سطح پر دنیا کا خلیہ پانچ۔ٹ(٦) سوئم۔۔۔کامل سیریاب خلیہ ہو جائے گا۔ عالمی کامل سیریابی نوآقاشاہی کا آغاز ہے۔

اس امر کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے کہ مرتبتِ خلیہ متعلقہ ایوان کے مجلِس۔اکی ذمّہ داری ہے۔ مطلب یہ کہ ایوانِ نیم، کامل ذیلی۔خِطّوں کی تعداد، حجَم اور وضع میں تبدیلی کر سکتا ہے۔ اسی طرح خانوں، ذیلی۔علاقوں اور علاقوں کے لیے ایوانِ زیر متعلقہ ہے۔یہی کلیہ ایوانِ بر اور بَین پر بھی لاگو ہو گا۔

پانچ۔ٹ(٧)۔۔۔جدول: ایوان / خلیہ ارتباط

| ع ش | ایوان | متعلقہ خلیہ | کاملات | عرصہ (سال) |
|---|---|---|---|---|
| ١ | بر | عالمی | تین کامل عالمی خِطّے | ٣٠ |
| ٢ | بَین | اعظمی | کامل۔خِطّے اور کامل ذیلی۔خِطّے | ١٥ |
| ٣ | نیم | صغیری | کامل ذیلی۔خِطّے | ١٠ |
| ۴ | زیر | ملکی | خانے، ذیلی۔علاقے اور علاقے | ۵ |

آخرتاً، ملکی خلیے کا اطلاق پانچویں سال کے آخر، یعنی، نئے ملکی نظام کے پہلے سال کے شروع میں ہونا چاہیے۔ صغیری خلیے کا اطلاق پانچویں یا دسویں سال کے آخر میں ہونا چاہیے۔ اعظمی خلیے کا اطلاق پانچویں، دسویں یا پندرہویں سال کے آخر میں ہونا چاہیے۔ اور عالمی خلیے کا اطلاق پانچویں، دسویں، پندرہویں، بیسویں، پچّیسویں یا تیسویں سال کے آخر میں ہونا چاہیے۔ بالا نظام کے خلیے کی مرتبت زیریں نظام سے پہلے ہونی چاہیے۔ جدیدیّت کی استقامت کے بعد ترجیحاً، ملکی خلیے کا اطلاق ۵ سال، صغیری کا ١٠ سال، اعظمی کا ١۵ سال اور عالمی خلیے کا اطلاق ٣٠ سال بعد ہونا چاہیے۔ یہ خلیے کے اطلاق کا موزوں وقت ہے۔

*گملے میں درخت نہ لگاو۔ اپنا قبلہ درست کرو۔* جوزا ایک پنجرہ ہے۔ کیا تم اپنے گھر والوں کے ساتھ ایک پنجرے میں رہنے کے بارے میں سوچ بھی سکتے ہو۔ غاروں میں رہنے والے بھی غار کا انتخاب کرتے وقت اُس کی کشادگی کو ملحوظِ خاطر رکھتے تھے اور تم، باوجود اس دمک کے، جوزیّت کی حدود سے ناواقف ہو۔ *زمین اور آئین پر توجہ دو؛ تزئین تمھیں بے حساب ملے گی۔*

## پانچ۔ث۔۔۔جداول: خلیہ

### پانچ۔ث(۱)۔۔۔حصّۂ اوّل: ذیلی۔خطّے اور کمالت

| رقبہ (ملین مربّع کلومیٹر میں) | کامل ذیلی۔خطّوں کی تعداد | رقبے کے لحاظ سے صدور کی تقسیم | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | ماتحت | رقبہ | معاون | رقبہ | نائب | رقبہ | صدر | رقبہ |
| ۰.۴ | ۱ | ۰ | - | ۰ | - | ۰ | - | ۱ | کـذ۔خطّہ |
| ۱.۲ | ۳ | ۰ | - | ۰ | - | ۳ | کـذ۔خطّہ | ۱ | ذ۔خطّہ |
| ۲ | ۵ | ۰ | - | ۰ | - | ۵ | ایضاً | ۱ | ایضاً |
| ۲.۸ | ۷ | ۰ | - | ۰ | - | ۷ | ایضاً | ۱ | ایضاً |
| ۳.٦ | ۹ | ۰ | - | ۰ | - | ۹ | ایضاً | ۱ | ایضاً |
| ٦ | ۱۵ | ۰ | - | ۰ | - | ۱۵ | ایضاً | ۱ | ایضاً |

### پانچ۔ث(۲)۔۔۔حصّۂ دوئم: خطّے اور کمالت

| رقبہ (ملین مربّع کلومیٹر میں) | کامل خطّوں کی تعداد | رقبے کے لحاظ سے صدور کی تقسیم | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | ماتحت | رقبہ | معاون | رقبہ | نائب | رقبہ | صدر | رقبہ |
| ٦ | ۰ | ۰ | - | ۰ | - | ۱۵ | کـذ۔خطّہ | ۱ | ذ۔خطّہ |
| ۱۸ | ۳ | ۰ | - | ۴۵ | کـذ۔خطّہ | ۳ | کـخطّہ | ۱ | خطّہ |
| ۳۰ | ۵ | ۰ | - | ۷۵ | ایضاً | ۵ | ایضاً | ۱ | ایضاً |
| ۴۲ | ۷ | ۰ | - | ۱۰۵ | ایضاً | ۷ | ایضاً | ۱ | ایضاً |
| ۵۴ | ۹ | ۰ | - | ۱۳۵ | ایضاً | ۹ | ایضاً | ۱ | ایضاً |
| ۹۰ | ۱۵ | ۰ | - | ۲۲۵ | ایضاً | ۱۵ | ایضاً | ۱ | ایضاً |

Cressetbook.com

## پانچ۔ث(۳)۔۔۔حصّۂ سوئم: دنیا اور کمالت

| رقبہ (ملین مربّع کلومیٹر میں) | کامل عالمی خِطّوں کی تعداد | رقبے کے لحاظ سے صدور کی تقسیم | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | ماتحت | رقبہ | معاون | رقبہ | نائب | رقبہ | صدر | رقبہ |
| ۹۰ | - | ۰ | - | ۲۲۵ | ک۔ذ۔خطّہ | ۱۵ | ک۔خطّہ | ۱ | خطّہ |
| ۲۷۰ دنیا کا رقبہ | ۳ | ۶۷۵ | ک۔ذ۔خطّہ | ۳۵ | ک۔خطّہ | ۳ | ک۔عالمی خطّہ | ۱ | دنیا |

## پانچ۔ث(۴)۔۔۔حصّۂ چہارم: امثال

| ع ش | رقبہ | جغرافیائی تقسیم | انتظامی تقسیم |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۰.۲ | جوزا ذیلی۔خطّہ | ملکی نظام:<br>صدر |
| ۲ | ۰.۴ | کامل ذیلی۔خطّہ | ایضاً |
| ۳ | ۰.۹ | ۰.۳ کے تین جوزا ذیلی۔خِطّے اور ذیلی۔خطّہ | ملکی نظام:<br>۱۔ ہر جوزا ذیلی۔خِطّے کے لیے ایک نائب صدر<br>۲۔ ایک ذیلی۔خِطّےمیں ۳ جوزا ذیلی۔خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۳ نائب صدور ہوں گے۔<br>صغیری نظام:<br>صدر |
| ۴ | ۶ | ۱۵ کامل ذیلی۔خِطّے اور ذیلی۔خطّہ | ملکی نظام:<br>۱۔ ہر کامل ذیلی۔خِطّے کے لیے ایک نائب صدر<br>۲۔ ایک ذیلی۔خِطّے میں ۱۵ کامل ذیلی۔خِطّے ہوں گے اس |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | لیے اس میں ۱۵ نائب صدور ہوں گے۔<br>صغیری نظام:<br>صدر |
| ۵ | ۱۱ | خِطّے کے رقبے کو ایوانِ بَین کی مجلسِ۔ا ۱۱ سے ۱۰.۸ تک بذریعۂ انضمام کم کر سکتی ہے (انضمام آبادیاتی تقسیم یا کسی جغرافیائی کمی کی وجہ سے کیا جا سکتا ہے)۔ نتیجتاً ۳.۶ والے ۳ جوزا خِطّے تشکیل پذیر ہوں گے۔ ہر جوزا خِطّے میں ۹ کامل ذیلی۔خِطّے ہوں گے۔<br><br>اگر رقبہ، مثال کے طور پر، ۱۲ ہو تو بجائے اس کے کہ انضمام کیا جائے، مناسب ہو گا اگر بذریعۂ انعدام اسے ۱۸ تک بڑھا دیا جائے، اگر ممکن ہو تو۔ | ملکی نظام:<br>۱۔ ہر کامل ذیلی۔خِطّے کے لیے ایک معاون صدر<br>۲۔ ہر جوزا خِطّے میں ۹ کامل ذیلی۔خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۹ معاون صدور ہوں گے۔<br>۳۔ خِطّے میں ۳ جوزا خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۹x۳=۲۷ معاون صدور ہوں گے۔<br>صغیری نظام:<br>۳ جوزا خِطّوں کے لیے ۳ نائب صدور<br>اعظمی نظام:<br>صدر |
| ٦ | ۳۲ | خِطّے کے رقبے کو ایوانِ بَین کی مجلسِ۔ا ۳۲ سے ۳۰ تک بذریعۂ انضمام کم کر سکتی ہے۔ نتیجتاً ۵ کامل۔خِطّے تشکیل پذیر ہوں گے۔ ہر کامل۔خِطّے میں ۱۵ کامل ذیلی۔خِطّے ہوں گے۔ | ملکی نظام:<br>۱۔ ہر کامل ذیلی۔خِطّے کے لیے ایک معاون صدر<br>۲۔ ہر کامل۔خِطّے میں ۱۵ کامل ذیلی۔خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۱۵ معاون صدور ہوں گے۔<br>۳۔ خِطّے میں ۵ کامل۔خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۱۵x۵=۷۵ معاون صدور ہوں گے۔<br>صغیری نظام:<br>۵ کامل خِطّوں کے لیے ۵ نائب صدور<br>اعظمی نظام:<br>صدر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷ | ۴۰ | خِطّے کے رقبے کو ایوانِ بَین کی مجلسِ ا ۴۰ سے ۴۲ تک بذریعۂ انعدام بڑھا سکتی ہے۔ نتیجتاً ۷ کامل۔خِطّے تشکیل پذیر ہوں گے۔ ہر کامل۔خِطّے میں ۱۵ کامل ذیلی۔خِطّے ہوں گے۔ | <u>ملکی نظام:</u><br>۱۔ ہر کامل ذیلی۔خِطّے کے لیے ایک معاون صدر<br>۲۔ ہر کامل۔خِطّے میں ۱۵ کامل ذیلی۔خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۱۵ معاون صدور ہوں گے۔<br>۳۔ خِطّے میں ۷ کامل۔خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۱۵x۷=۱۰۵ معاون صدور ہوں گے۔<br><u>صغیری نظام:</u><br>۷ کامل خِطّوں کے لیے ۷ نائب صدور<br><u>اعظمی نظام:</u><br>صدر |
| ۸ | ۹۰ | خطّہ، ۱۵ کامل۔خِطّے، ہر کامل۔خِطّے میں ۱۵ کامل ذیلی۔خِطّے | <u>ملکی نظام:</u><br>۱۔ ہر کامل ذیلی۔خِطّے کے لیے ایک معاون صدر<br>۲۔ ہر کامل۔خِطّے میں ۱۵ کامل ذیلی۔خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۱۵ معاون صدور ہوں گے۔<br>۳۔ خِطّے میں ۱۵ کامل۔خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۱۵x۱۵=۲۲۵ معاون صدور ہوں گے۔<br><u>صغیری نظام:</u><br>۱۵ کامل خِطّوں کے لیے ۱۵ نائب صدور<br><u>اعظمی نظام:</u><br>صدر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹ | ۱۶۲ | باطرف دنیا، ۵۴ کے ۳ جوزا عالمی خِطّے، ہر جوزا عالمی خِطّے میں ۹ کامل خِطّے، ہر کامل خِطّے میں ۱۵ کامل ذیلی خِطّے | ملکی نظام:<br>۱۔ ہر کامل ذیلی خِطّے کے لیے ایک ماتحت صدر<br>۲۔ ہر کامل خِطّے میں ۱۵ کامل ذیلی خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۱۵ ماتحت صدور ہوں گے۔<br>۳۔ عالمی جوزا خِطّے میں ۹ کامل خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۱۵x۹=۱۳۵ ماتحت صدور ہوں گے۔<br>۴۔ دنیا میں ۳ جوزا عالمی خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۱۳۵x۳=۴۰۵ ماتحت صدور ہوں گے<br>صغیری نظام:<br>۱۔ ہر کامل خِطّے کے لیے ایک معاون صدر<br>۳۔ عالمی جوزا خِطّے میں ۹ کامل خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۹ معاون صدور ہوں گے۔<br>۴۔ دنیا میں ۳ جوزا عالمی خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ۹x۳=۲۷ معاون صدور ہوں گے۔<br>اعظمی نظام:<br>۳ جوزا عالمی خِطّوں کے لیے ۳ نائب صدور<br>عالمی نظام:<br>صدر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٠ | ٢٤٠ | بےطرف دنیا، ٣ کامل عالمی خِطّے، ہر کامل عالمی خِطّے میں ١٥ کامل خِطّے، ہر کامل خِطّے میں ١٥ کامل ذیلی خِطّے | <u>ملکی نظام:</u><br>١۔ ہر کامل ذیلی خِطّے کے لیے ایک ماتحت صدر<br>٢۔ ہر کامل خِطّے میں ١٥ کامل ذیلی خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ١٥ ماتحت صدور ہوں گے۔<br>٣۔ کامل عالمی خِطّے میں ١٥ کامل خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ١٥x١٥=٢٢٥ ماتحت صدور ہوں گے۔<br>٤۔ دنیا میں ٣ کامل عالمی خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ٢٢٥x٣=٦٧٥ ماتحت صدور ہوں گے۔<br><u>صغیری نظام:</u><br>١۔ ہر کامل خِطّے کے لیے ایک معاون صدر<br>٣۔ کامل عالمی خِطّے میں ١٥ کامل خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ١٥ معاون صدور ہوں گے۔<br>٤۔ دنیا میں ٣ کامل عالمی خِطّے ہوں گے اس لیے اس میں ١٥x٣=٤٥ معاون صدور ہوں گے۔<br><u>اعظمی نظام:</u><br>٣ کامل عالمی خِطّوں کے لیے ٣ نائب صدور<br><u>عالمی نظام:</u><br>صدر |

چھ۔ لائحۂ قدم بر برائے ترتیبِ بالا

اس لائحے پر اس وقت عمل پیرا ہوا جاتا ہے جب قطعۂ جدیدیّت کا رقبہ ۰.۴ سے زیادہ ہو، یعنی، ممالک کی تعداد ایک سے زیادہ (۳ تا ۱۵) ہو۔ ملکی (نائب) صدور موضوعی امتحان۔اوّل میں حصّہ لیں گے۔ سب سے زیادہ نمبر لینے والے کا انتخاب بحیثیّتِ صغیری صدر کیا جائے گا۔ امتحان کے انعقاد کے لیے ذیلی بنیادی ضوابط ملحوظِ خاطر رکھے جائیں:

چھ۔ا۔۔۔ ضوابط

ا) تین تحریری پرچے ہوں گے اور ہر پرچے کا دورانیہ تین گھنٹے ہو گا؛ جغرافیہ (۵۰۰ نمبر)، نظریہ (۳۰۰ نمبر)، اور اقتصاد (۱۰۰ نمبر)۔ در مرحلۂ بعد، ان پرچوں کے اسما کو عمومی اسما سے تبدیل کیا جائے۔ مثال کے طور پر، شکل، کیش اور شان،

ب) ہر پرچے کے لیے، تین دیانتدار ماہرینِ تعلیم کے ناموں کو ہر ملک کا ملکی وزیرِ ضابطہ برائے تعلیم، اپنے ملک کے وزیرِاعظم۔ل کو ارسال کرے گا (ایک ملک سے کُل ۹ نام)،

ج) مجوّزہ فہرست سے وزرائے اعظم۔ل بذریعۂ بادست قرعہ اندازی ایک مہتمم منتخب کریں گے،

د) بعد ازاں، مجوّزہ فہرست سے وزرائے اعظم۔ل بذریعۂ بادست قرعہ اندازی (جس کا انعقاد تین مرتبہ کیا جائے گا) ہر پرچے کے لیے تین مُمتحِن منتخب کریں گے؛ نو ممتحن + ایک مہتمم = ۱۰ منتظمین،

ہ) پرچے کا متن اور اس کی ساخت منتظمین طے کریں گے،

و) نتیجے کا اعلان تین دنوں میں ہو گا،

ز) نمبر دینے کے بعد پرچوں اور جوابی بیاض کی نقول کو عوامی کیا جائے گا،

ح) منتظمین امتحان کے انعقاد اور نمبر دینے کے معیار کے بابت اپنے بیانات ثبت اور عوامی کریں گے، اور

ط) آخرتاً، منتظمین کا کام اپنے علاقے کو فروغ دینا نہیں بلکہ منصفانہ اور شفاف امتحانات کا انعقاد ہے۔

چھ۔ب۔۔۔اعظمی نظام: محض ایک ملک کی صورت میں موضوعی امتحان۔اوّل کی ضرورت نہیں۔ البتہ، برِصغیر اور اس کے تحت متعدّد ممالک کی صورت میں، صدر منتخب کرنے کے لیے نائب صدور سے امتحان لیا جائے گا۔ جب ذیلی۔خطّہ جغرافیائی لحاظ سے سیر ہو جائے تو وہ خِطّے کی جانب ارتقا پذیر ہو گا۔ بمطابقِ حَجَم خِطّے کو ۱۵۔۳ جوزا / کامل خِطّوں میں تقسیم کیا جائے گا، ہر ایک میں متعدّد کامل ذیلی۔خِطّے ہوں گے۔ اس میں ملکی (معاون) صدور، صغیری (نائب) صدور اور اعظمی صدر ہو گا۔ امتحانی عمل کو مندرجہ ذیل مراحل میں تقسیم کیا جائے گا:

چھ۔ب(۱)۔۔۔پہلا مرحلہ: موضوعی امتحان۔اوّل لینے والے منتظمین کا تعلق مختلف جوزا / کامل۔خِطّے سے ہونا چاہیے، مطلب یہ کہ اُنھیں ایک جوزا / کامل خطّہ منتخب کرے گا اور وہ اپنی خدمات کسی دوسرے جوزا / کامل۔خِطّے میں انجام دیں گے۔ اس کا اہتمام معاون صدور بذریعۂ بادست قرعہ اندازی کریں گے۔ معاون صدور موضوعی امتحان۔اوّل میں حصّہ لیں گے اور سب سے زیادہ نمبر لینے والا بحیثیّتِ نائب صدر مُنتخَب ہو جائے گا۔

چھ۔ب(۲)۔۔۔دوسرا مرحلہ: اوپر دی گئی عبارت "د" کے مطابق، جوزا / کامل۔خِطّے میں موضوعی امتحان۔اوّل لینے کی ذمّہ داری ۱۰ منتظمین کی ہوگی۔ اگر ایک خِطّے میں پانچ جوزا / کامل۔خِطّے ہیں تو یہ ذمّہ داری ۵۰ منتظمین کی بنتی ہے۔ ان ۵۰ منتظمین کے درمیان، اُن ۱۰ منتظمین کے انتخاب کے لیے جو کہ موضوعی امتحان۔دوئم منعقد کریں گے، نائب صدور، عبارت "ج" اور "د" میں دیے گئے طریقۂ کار کے مطابق، بادست قرعہ اندازی کریں گے۔ اس کے بعد ۵ نائب صدور موضوعی امتحان۔دوئم میں حصّہ لیں گے اور سب سے زیادہ نمبر لینے والا بحیثیّتِ (اعظمی) صدر منتخب ہو جائے گا۔

چھ۔پ۔۔۔عالمی نظام: جب خطّہ جغرافیائی لحاظ سے سیر ہو جائے تو وہ با / بے طرف دنیا کی جانب ارتقا پذیر ہو گا۔ دنیا کو ۳ جوزا / کامل عالمی خِطّوں میں تقسیم کیا جائے گا، ہر ایک میں متعدّد کامل۔خِطّے اور کامل ذیلی۔خِطّے ہوں گے۔ اس میں ملکی (ماتحت) صدور، صغیری (معاون) صدور، تین اعظمی (نائب) صدور اور ایک عالمی صدر ہو گا۔ امتحانی عمل کو مندرجہ ذیل مراحل میں تقسیم کیا جائے گا:

چھ۔پ(۱)۔۔۔پہلا مرحلہ: موضوعی امتحان۔اوّل لینے والے منتظمین کا تعلق مختلف کامل۔خِطّے سے ہونا چاہیے، مطلب یہ کہ اُنھیں ایک کامل خطّہ منتخب کرے گا اور وہ اپنی خدمات کسی دوسرے کامل۔خِطّے میں انجام دیں گے۔ اس کا اہتمام ماتحت صدور بذریعۂ بادست قرعہ اندازی کریں گے۔ ماتحت صدور موضوعی امتحان۔اوّل میں حصّہ لیں گے اور سب سے زیادہ نمبر لینے والا بحیثیّتِ معاون صدر منتخب ہو جائے گا۔

چھ۔پ(۲)۔۔۔دوسرا مرحلہ: موضوعی امتحان۔دوئم لینے والے منتظمین کا تعلق مختلف جوزا / کامل عالمی خِطّے سے ہونا چاہیے، مطلب یہ کہ اُنھیں ایک جوزا / کامل عالمی خطّہ منتخب کرے گا اور وہ اپنی خدمات کسی دوسرے جوزا / کامل عالمی خِطّے میں انجام دیں گے۔ اس کا اہتمام معاون صدور بذریعۂ بادست قرعہ اندازی کریں گے۔ اوپر دی گئی عبارت "د" کے مطابق، کامل۔خِطّے میں موضوعی امتحان۔اوّل لینے کی ذمّہ داری ۱۰ منتظمین کی ہو گی۔ اگر ایک عالمی جوزا / کامل۔خِطّے میں پندرہ کامل۔خِطّے ہیں تو یہ ذمّہ داری ۱۵۰ = ۱۵x۱۰ منتظمین کی بنتی ہے۔ ان ۱۵۰ منتظمین کے درمیان، اُن ۱۰ منتظمین کے انتخاب کے لیے جو کہ موضوعی امتحان۔دوئم منعقد کریں گے، معاون صدور، عبارت "ج" اور "د" میں دیے گئے طریقۂ کار کے مطابق بادست قرعہ اندازی کریں گے۔ اس کے بعد ۱۵ معاون صدور موضوعی امتحان۔دوئم میں حصّہ لیں گے اور سب سے زیادہ نمبر لینے والا بحیثیّتِ نائب صدر منتخب ہو جائے گا۔

چھ۔پ(۳)۔۔۔تیسرا مرحلہ: اوپر دی گئی عبارت کے مطابق، نائب صدر کے انتخاب کیلئے، جوزا / کامل عالمی خِطّے میں موضوعی امتحان۔دوئم لینے کی ذمّہ داری ۱۰ منتظمین کی ہوگی۔ چونکہ دنیا میں تین جوزا / کامل عالمی خِطّے ہیں تو یہ ذمّہ داری ۳۰ منتظمین کی بنتی ہے۔ ان ۳۰ منتظمین کے درمیان، اُن ۱۰ منتظمین کے انتخاب کے لیے جو کہ موضوعی امتحان۔سوئم منعقد کریں گے، نائب صدور، عبارت "ج" اور "د" میں دیے گئے طریقۂ کار کے مطابق، بادست قرعہ اندازی کریں گے۔ اس کے بعد ۳ نائب صدور موضوعی امتحان۔سوئم میں حصّہ لیں گے اور سب سے زیادہ نمبر لینے والا بحیثیّتِ (عالمی) صدر منتخب ہو جائے گا۔

مختلف جوزا / کامل۔خِطّے افزائش کے مختلف مراحل میں ہو سکتے ہیں۔ اس لیے ضروری نہیں کہ ایک جوزا / کامل۔خِطّے سے تعلق رکھنے والے منتظمین کسی دوسرے جوزا / کامل۔خِطّے میں امتحان لینے کے لیے ہر دم تیّار ہوں۔ ایسی صورت میں، منتظمین کو یا تو اوپر دیے گئے طریقۂ کار کے مطابق منتخب کیا جائے یا منتظمین کا وہ آخری دستہ جو کہ پہلے ہی منتخب ہو چکا ہے اور کم سے کم ایک مرتبہ امتحان لے چکا ہے، کو اس مقصد کے حصول کے لیے زیرِ غور لایا جائے۔

چھ۔ت۔۔۔جدول: قابلیّت

| ع ش | معروضی امتحان | انتخاب | موضوعی امتحان | قابلیّت |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ✓ | - | - | معروضی |
| ۲ | - | ✓ | - | سماجی |
| ۳ | - | - | ✓ | موضوعی |
| ۴ | ✓ | ✓ | - | علاقائی یا ج |
| ۵ | ✓ | - | ✓ | عالمانہ |
| ٦ | ✓ | ✓ | ✓ | عالمی |

لائحۂ قدم بر برائے ترتیبِ بالا کے مطابق جیّد کی قابلیّت کو موضوعی قابلیّت کہتے ہیں۔ محض معروضی اور سماجی قابلیّت کو علاقائی یا ج۔قابلیّت کہتے ہیں؛ جبکہ، معروضی، سماجی اور موضوعی قابلیّت کو عالمی قابلیّت کہتے ہیں۔ معروضی قابلیّت، جیّد کی جماعتِ جدیدیّت میں شمولیّت، سماجی قابلیّت ضلَع سے ملکی سطح تک حلقہ قدم بری سات۔ت(ا۔ا) اور آخرتاً، موضوعی قابلیّت بِرصغیر سے عالمی سطح تک حلقہ قدم بری کے لیے ضروری ہے۔

## سات۔ حلقہ قابلیّت

حلقہ وہ رقبہ ہے جہاں سے ایک جیّد ضلعی، مناطقی، صوبائی اور ملکی انتخابات اور بعد ازاں، صغیری، اعظمی اور عالمی سطح پر بالتّرتیب موضوعی امتحان اوّل، دوئم اور سوئم میں حصّہ لیتا ہے۔ سات۔ا۔ا۔روِش حلقہ میں وہ تمام حلقے شامل ہیں جہاں سے ایک جیّد انتخابات یا موضوعی امتحان میں حصّہ لیتا ہے۔ نظامِ خطّہ کے مناصب کو ج (معروضی + امتحان) اور حلقہ قابلیّت کے مطابق پُر کیا جاتا ہے۔

حلقہ قابلیّت سے مرادیہ ہے کہ ایک خاص سطح پر حلقے کو ج۔قابلیّت پر ترجیح دی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر دو مقامی جیّد دو۔ج، جماعتِ جدیدیّت سے ضلعی انتخاب میں شمولیّت کے لیے منتخب ہونے چاہییں، خواہ ان کی ج۔قابلیّت کم ہی کیوں نہ ہو۔ اگر جماعتِ جدیدیّت میں مقامی جیّد، بوجہِ کم معروضی قابلیّت، امتحان میں غیر حاضری، قانونِ سنہ یا کسی بھی وجہ سے دستیاب نہیں تو ملحقہ، قریب ترین یا منطقہ کے تحت کسی بھی ضلعے کا مقامی جیّد زیرِ غور لایا جائے۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو ملحقہ، قریب ترین یا صوبے کے تحت کسی بھی منطقے کا مقامی جیّد زیرِ غور لایا جائے۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو ملحقہ، قریب ترین یا ملک کے تحت کسی بھی صوبے کا مقامی جیّد زیرِ غور لایا جائے۔ حلقے میں غیر مقامی جیّد کی شمولیّت کو سات۔ب۔ا۔ تسخیرِ حلقہ کہتے ہیں۔ صرف وہی غیر مقامی جیّد تسخیرِ حلقہ کے لیے زیرِ غور لایا جائے جس کا مقامی حلقہ سیریابی حاصل کر چکا ہو۔ غیر مقامی جیّد کی شمولیّت کی صورت میں، مستقبل میں کسی بھی حوالے

سے اسے مختص کردہ ضلعے کا مقامی تصوّر کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں، ایک ملک کا جیّد دوسرے ملک کے ضلعے کو تسخیر نہیں کر سکتا۔

### سات۔پ۔۔۔جدول: حلقہ سیریابی

| ع ش | جیّدوں کی تعداد | سیریابی |
|---|---|---|
| ۱ | ۰ | غیر سیریاب |
| ۲ | ۱ | جزوی سیریاب |
| ۳ | ۲ | سیریاب |

### سات۔ت۔۔۔قدم رکھنا

سات۔ت(۱)۔۔۔قدم بری کا مطلب بالا منصب کی جانب ترقّی پذیر ہونا ہے۔ اگر جیّد انتخاب یا موضوعی امتحان کے نتیجے میں قدم بری کرے تو اسے

سات۔ت(۱۔ا)۔۔۔حلقہ قدم بری

اور ایسے جیّد کو جیّدِ حلقہ کہتے ہیں۔ اگر جیّد انتخاب یا موضوعی امتحان کے بغیر قدم بری کرے تو اسے

سات۔ت(۱۔ب)۔۔۔ سلیس قدم بری

اور ایسے جیّد کو جیّدِ سادہ کہتے ہیں۔

سات۔ت(۲)۔۔۔قدم زیری

سے مراد زیریں منصب کی جانب تنزّل پذیر ہونا ہے، اور

سات۔ت(۳)۔۔۔قدم بدری

سے مراد جدیدی نظام سے نکل کر ذیلی۔جدیدیّت میں شامل ہونا ہے۔ اگر جیّد استعفیٰ دے دے تو وہ ذیلی۔جدیدیّت میں شامل ہوئے بغیر جدیدی نظام سے نکل جائے گا۔ ایسی صورت میں وہ اس قابل نہیں ہو گا کہ مستقبل کے کسی جدیدی نظام کا حصّہ بن سکے۔

سات۔ٹ۔۔۔تغیرِ منصب

کی تین اقسام ہیں، یعنی، منصب پُری، منصب بدلی اور منصب نظمی۔

سات۔ٹ(۱)۔۔۔منصب پُری

کا مطلب ہے کہ جیّد قدم بر ہو یا کسی بھی وجہ سے اس کا منصب خالی ہو جائے تو اس منصب کو روِش حلقہ میں اس جیّد سے ایک درجہ کم جیّد پُر کرے گا۔

سات۔ٹ(۲)۔۔۔منصب بدلی

کا مطلب ہے کہ اگر جیّد قدم زیر ہو تو وہ اپنی روِش حلقہ کے ایک درجہ کم جیّد کے منصب کو پُر کرے گا اور اس کے منصب کو اسی کے روِش حلقہ کا ایک درجہ کم جیّد پُر کرے گا۔

سات۔ٹ(۳)۔۔۔منصب نظمی

کا مطلب ہے کہ اگر جیّد قدم زیر ہو اور کسی بھی وجہ سے اس کی روِش حلقہ میں ایک درجہ کم جیّد اس کے منصب کو پُر کرنے سے قاصر ہو تو منصب بدلی نہیں ہو سکتی۔ ایسی صورت میں اس روِش حلقہ سے تعلق رکھنے والے تمام جیّد ایک قدم زیر ہوں گے تاکہ قدم زیر ہونے والے جیّد کا نظم کیا جا سکے۔ منصب نظمی کی صورت میں اگر ملکی صدر قدم زیر ہو تو اس کا نظم حسبِ ذیل طریق پر کیا جائے:


ملکی صدر
وزیرِاعظم۔ا
وزیرِاعظم۔ل
وزیرِاعظم۔م
وزیرِاعظم۔م کے روشِ
حلقہ سی تعلق رکھنے
والا وزیرِ صوبہ
وزیرِ منطقہ
وزیرِ ضلع
وزیرِ ماندہ

عالمی نظام کی صورت میں وہ ملک، برِصغیر اور براِ اعظم جہاں سے صدر قدم بر ہوا ہو، اس کے روشِ حلقہ کا حصّہ ہوں گے۔

` ایک وزیرِ ماندہ بذریعۂ سلیس قدم بری وزیرِ ضلّع کے منصب کو، یا وزیرِ ضلّع، وزیرِ منطقہ کے منصب کو پُر کر سکتا ہے۔ البتّہ، وزیرِ صوبہ کے منصب کو صرف وہی جیّد بذریعۂ سلیس قدم بری پُر کر سکتا ہے جس نے ضلعی اور مناطقی سطح پر انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہو۔ بصورتِ دیگر، وزیرِ صوبہ کے منصب کو ملحق، قریب ترین یا صوبے کے کسی بھی منطقے سے تعلق رکھنے والا وہ وزیرِ منطقہ پُر کرے گا جس نے انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہو۔ اسے سات۔ث۔۔۔حلقہ کج روی کہتے ہیں۔ ایسی صورت میں روشِ حلقہ، بجائے حلقۂ راست، حلقۂ کج کی جانب رخ کرے گا۔ اگر کسی بھی وجہ سے پورے صوبے میں ایسا کوئی بھی جیّد موجود نہ ہو تو صوبائی سطح پر، بمطابقِ ج۔قابلیّت، سب سے زیادہ نمبر لینے والے دو وزرائے منطقہ، ضمنی انتخاب میں حصّہ لیں گے اور کامیابی حاصل کرنے والا بحیثیّتِ وزیرِ صوبہ قدم بر ہو گا۔ وزیرِ اعظم بننے کے لیے جیّد کا ضلعی، مناطقی اور صوبائی سطح پر انتخاب میں کامیابی حاصل کرنا ضروری ہے۔ اگر کسی بھی وجہ سے وزیرِ اعظم۔م کے روشِ حلقہ میں ایسا وزیرِ صوبہ موجود نہ ہو تو ملحق، قریب ترین یا ملک کے کسی بھی صوبے سے تعلق رکھنے والے وزیرِ صوبہ کو زیرِ غور لایا جائے۔ اگر کسی بھی وجہ سے پورے ملک میں بھی کوئی موجود نہ ہو تو ملکی سطح پر، بمطابقِ ج۔قابلیّت، سب سے زیادہ نمبر لینے والے پانچ وزرائے صوبہ، ضمنی انتخاب میں حصّہ لیں گے اور کامیابی حاصل کرنے والا بحیثیّتِ وزیرِ اعظم۔م قدم بر ہو گا۔

وزیرِ اعظم۔ا بحیثیّتِ ملکی صدر قدم بر ہو سکتا ہے بشرطیکہ اس نے ضلعی، مناطقی، صوبائی انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہو اور بعد ازاں، ملکی سطح پر صدر کے بعد، ج۔قابلیت کے مطابق، دوسرا نمبر حاصل کیا ہو۔ اگر ایسا وزیرِ اعظم۔ا موجود نہ ہو تو ملکی سطح پر وزرائے اعظم کے درمیان ضمنی انتخاب کرایا جائے گا اور کامیابی حاصل کرنے والا بحیثیّتِ ملکی صدر قدم بر ہو گا۔یہی وجہ ہے کہ ضلعی اور مناطقی سطح پر انتخابات سات۔ج۔۔۔غیر لازم؛ جبکہ، صوبائی اور ملکی سطح پر لازم ہیں۔ حلقہ قدم بری کے لیے تمام انتخابات لازم ہیں۔

عالمی سطح پر اگر ایک ماتحت صدر ا بحیثیّتِ معاون صدر قدم بر ہو جائے تو اس کے منصب کو وزیرِ اعظم۔ا ب بذریعۂ سلیس قدم بری پُر کرے گا، بشرطیکہ وہ انتخاب میں ا کے بعد دوسرے نمبر پر ہو۔ اگر ا بحیثیّتِ نائب صدر قدم بر ہو جائے تو اس کے منصب کو ب پُر نہیں کر سکتا کیونکہ وہ جیّدِ سادہ ہے۔ اس لیے ا کے منصب کو اس کے ملک سے ملحقہ یا قریب ترین ملک یا اس کے برِصغیر کے تحت کسی بھی ملک سے تعلق رکھنے والا ماتحت صدر ج جو کہ جیّدِ حلقہ ہو، پُر کرے گا۔ اگر ا بحیثیّتِ عالمی صدر قدم بر ہو جائے تو اس کے منصب کو ج پُر نہیں کر سکتا اس لیے کہ وہ جیّدِ سادہ ہے۔ اس لیے ا کے منصب کو اس کے برِصغیر سے ملحقہ یا قریب ترین برِصغیر یا اس کے برِاعظم کے تحت کسی بھی برِصغیر کا معاون صدر جو کہ جیّدِ حلقہ ہو، پُر کرے گا۔ علاوہ ازیں، نظام میں، خواہ وہ ملکی ہو، صغیری ہو، اعظمی ہو یا عالمی ہو ہادیٔ احمر ہمیشہ جیّدِ حلقہ ہی ہو گا۔ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ نائب صدر تبھی صدر بنے گا جب وہ جیّدِ حلقہ ہو۔

**سات۔ چ۔۔۔** "کسی بھی برِصغیر" جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، کو بذریعۂ بادست قرعہ اندازی منتخب کیا جا سکتا ہے۔ یہی قاعدہ کسی بھی صوبے، کسی بھی منطقے وغیرہ پر بھی لاگو ہے۔ مزید برآں، جیسا کہ پہلے بھی بیان کیا جا چکا ہے، ان وضاحتی تحاریر میں جہاں کہیں انتخاب میں دقّت ہو وہاں قانونِ قرعہ کے اطلاق کو زیرِ غور لایا جا سکتا ہے۔

عالمی سطح پر یہ ممکن ہے کہ ایک نائب صدر کی میعاد کے دوران اس کے روشِ حلقہ سے تعلق رکھنے والے معاون صدر کی میعاد ختم ہو جائے۔ ایک اور معاون صدر جو کہ موضوعی امتحان۔ دوئم کے نتیجے میں قدم بر ہو گا ضروری نہیں کہ نائب صدر کے ملک سے تعلق رکھتا ہو۔ اس لیے نائب صدر کی روشِ حلقہ اُس معاون صدر کے حلقے کی جانب کج روی اختیار کرے گی جو کہ اُس وقت اُس برِصغیر کی نمائندگی کر رہا ہو گا جہاں سے نائب صدر قدم بر ہوا تھا۔

ساتـحـ۔۔ـجدول: انتخاب

| جیّد | سلیس قدم بری کے لیے انتخابات میں کم سے کم کامیابی کی ضرورت | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ضلّع | منطقہ | صوبہ | ملک |
| وزیرِضلّع | ✗ | - | - | - |
| وزیرِمنطقہ | ✗ | ✗ | - | - |
| وزیرِصوبہ | ✓ | ✓ | ✗ | - |
| وزیرِ اعظم | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ |
| صدر | ✓ | ✓ | ✓ | جـقابلیت کے مطابق صدر کے بعد دوسرا نمبر۔ لائحۂ کثیرالجماعت کی صورت میں وزرائے اعظم کی سطح پر انتخابات میں کامیابی (۹) |

ساتـخـ۔۔ـ حلقہ / جیّد ارتباط: خلیے میں جیّد قدم بر یا زیر نہیں ہوتا؛ وہ تو محض اپنے حلقے کا نمائندہ ہے۔ دراصل حلقہ، یعنی زمین کا ٹکڑا، قدم بر یا زیر ہو کر جادہ پیمائی کرتا ہے اور جیّد اسی مناسبت تنظیم کرتے ہیں۔ جادہ، جیّدِ حلقہ کی قدم بری پر ترقّی پذیر اور اُس کی میعاد کے اختتام پر تنزُّل پذیر ہوتا ہے۔

اگر نائب صدر بحیثیّتِ عالمی صدر قدم بر ہو جائے تو اس کے نتیجے میں تخلیق شدہ خالی مناصب کو بحسابِ روشِ حلقہ، درج ذیل طور پر پُر کیا جائے:

| ع ش | خالی منصب | قدم بر ہونے والا |
|---|---|---|
| ١ | عالمی صدر | نائب صدر |
| ٢ | نائب صدر | معاون صدر |
| ٣ | معاون صدر | ماتحت صدر |
| ۴ | ماتحت صدر | وزیرِ اعظم۔ا |
| ۵ | وزیرِ اعظم۔ا | وزیرِ اعظم۔ل |
| ٦ | وزیرِ اعظم۔ل | وزیرِ اعظم۔م |
| ٧ | وزیرِ اعظم۔م | وزیرِ صوبہ |
| ٨ | وزیرِ صوبہ | وزیرِ منطقہ |
| ٩ | وزیرِ منطقہ | وزیرِ ضلّع |
| ١٠ | وزیرِ ضلّع | وزیرِ ماندہ |

اسی طرح، اگر معاون صدر قدم زیر ہو، اپنے روش حلقہ سے تعلق رکھنے والے ماتحت صدر سے منصب بدلی کرے اور بوقتِ قدم زیری اس کی صدارت کے اختتام میں پانچ مہینے رہتے ہوں تو نیا معاون صدر اس عہدے پر صرف پانچ مہینے ہی گزارے گا۔ بعد ازاں وہ قدم بدر ہو جائے گا کیونکہ اس عہدے پر معاون صدر کے نہیں بلکہ حلقے کے پانچ مہینے مزید رہتے ہیں۔ جیدّ اپنے حلقے کے سود و زیاں کا وارث ہے۔۔۔ضربِ آقا۔

سات۔د۔۔۔دستیابی: ماتحت صدر پانچ، معاون صدر سات، نائب صدر نو اور عالمی صدر پندرہ سال تک حاضرِ خدمت رہتا ہے۔ ماتحت سے بالا صدور کی قدم بری کا انحصار، منجملہ، دستیابی پر ہے۔ اگر ماتحت صدر کی میعاد پوری ہو جائے؛ جبکہ، معاون صدر کی میعاد ابھی پوری نہ ہوئی ہو تو ماتحت صدر قدم بدر ہو جائے گا۔ ماتحت صدر، بشرطِ اہلیّت، معاون صدر کی میعاد کے اختتام پر ہی قدم بر ہو سکتا ہے۔ اُس وقت یہ امر اہمیت کا حامل نہیں کہ ماتحت صدر پنجسالہ میعاد پوری کر چکا ہے یا نہیں۔ اس قاعدے کا اطلاق بقیہ صدور کی مدّت پر بھی ہو گا۔

بوجہِ جدیدیّت، جیدّ کو ورثے میں ملنے والے سود یا زیاں غیر متوقّع ہیں۔ یہ غیر متوقّع استعداد تقدیر ہے اور تقدیر کیا ہے۔۔۔ضربِ آقا۔



دستِ قدرت

## سات۔ڈ۔۔۔جدول: فیصد قابلیّت

| ع ش | دائرۂ اختیار | قابلیّت |
|---|---|---|
| | | حصّہ اوّل ۔ حلقہ فیصد قابلیّت |
| ۱ | ضلعے سے ملک تک— خُرد سال | ج۔ قابلیّت:<br>ا۔ معروضی: ۵۰ فیصد<br>ب۔ سماجی: ۵۰ فیصد |
| ۲ | ضلعے سے ملک تک۔کلاں سال | ج۔ قابلیّت:<br>ا۔ معروضی: ۵۰ فیصد<br>ب۔ سماجی:<br>I. ضلعی انتخاب میں کامیابی پر ۱۰ فیصد،<br>II. مناطقی انتخاب میں کامیابی پر ۱۰ فیصد مزید،<br>III. صوبائی انتخاب میں کامیابی پر ۱۰ فیصد مزید،<br>IV. وزیرِ اعظم بننے پر ۱۰ فیصد مزید، اور<br>V. ملکی انتخاب میں کامیابی پر ۱۰ فیصد مزید۔ |
| ۳ | ضلعے سے ملک تک— کثیرالجماعت جدیدیّت | ج۔ قابلیّت:<br>ا۔ معروضی: ۵۰ فیصد<br>ب۔ سماجی:<br>I. ضلعی انتخاب میں کامیابی پر ۱۰ فیصد،<br>II. مناطقی انتخاب میں کامیابی پر ۱۰ فیصد مزید،<br>III. صوبائی انتخاب میں کامیابی پر ۱۰ فیصد مزید ،<br>IV. وزیرِ اعظم کی سطح پر ملکی انتخاب میں کامیابی پر ۱۰ فیصد مزید، اور<br>V. صدر کی سطح پر ملکی انتخاب میں کامیابی پر ۱۰ فیصد مزید۔ |
| ۴ | بِرصغیر (ذیلی۔خطّہ یا جوزا / کامل خطّہ) | موضوعی۔ قابلیّت:<br>موضوعی امتحان۔اوّل میں سب سے زیادہ نمبر |
| ۵ | براِعظم (خطّہ یا جوزا / کامل عالمی خطّہ) | موضوعی۔ قابلیّت:<br>موضوعی امتحان۔دوئم میں سب سے زیادہ نمبر |

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | دنیا | موضوعی۔ قابلیّت:<br>موضوعی امتحان۔سوئم میں سب سے زیادہ نمبر |
| حصّہ دوئم۔ایوان فیصد قابلیّت | | |
| ١ | ایوانِ زیر | خرد سال جدیدیّت کے لیے بمطابقِ عدد شمار ١ اور کلاں سال جدیدیّت کے لیے بمطابقِ عدد شمار ٢ یا ٣، جیسی بھی صورت ہو۔ |
| ٢ | ایوانِ نیم، بین اور بالا | I. ٥٠ فیصد علاقائی قابلیّت: بمطابقِ عدد شمار ١، ٢ یا ٣، جیسی بھی صورت ہو۔<br>II. ٥٠ فیصد عالمی قابلیّت: ٢٥ فیصد موضوعی امتحان اوّل اور مزید ٢٥ فیصد موضوعی امتحان دوئم میں سب سے زیادہ نمبر لینے پر۔ کم نمبر لینے پر صفر۔ |

معروضی قابلیّت متفرِق ہے؛ جبکہ، سماجی قابلیّت ساکن۔ معروضی امتحان میں ٢٧٠٠ / ١٣٥٠ کا مطلب ہے ٥٠ فیصد نمبر۔ چونکہ، معروضی امتحان کُل کا ٥٠ فیصد ہے اس لیے فیصد قابلیّت ٢٥ = ٢ / ٥٠ فیصد ہوگی۔ اگر نمبر ١٣٥٠ سے زیادہ ہوں تو فیصد قابلیّت ٢٥ سے زیادہ اور اس کے برعکس اگر نمبر ١٣٥٠ سے کم ہوں تو فیصد قابلیّت ٢٥ سے کم ہوگی۔ لیکن سماجی قابلیّت ساکن ہے، یعنی، جو انتخاب جیتے گا اسے، مثال کے طور پر، ١٠ فیصد ملیں گے اور ہارنے والے کو صفر۔

مثال کے طور پر، ١٥ وزرائے ضلع، وزیرِ منطقہ کے منصب کے لیے مقابلے میں ہیں۔ ان میں سے وہ دو جیّد مناطقی انتخاب میں حصّہ لینے کے لیے منتخب ہوں گے جن کی ج۔قابلیّت سب سے زیادہ ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ ان ١٥ جیّدوں کی سماجی قابلیّت تو برابر ہے اس لیے، جن دو کی معروضی قابلیّت سب سے زیادہ ہے وہی انتخاب میں حصّہ لینے کے لیے منتخب ہوں گے۔ اسی طرح، اگلے مرحلے میں مثال کے طور پر، ١٥ وزرائے منطقہ، وزیرِ صوبہ کے منصب کے لیے مقابلے میں ہیں۔ ان میں سے بھی وہ دو جیّد صوبائی انتخاب میں حصّہ لینے لیے منتخب ہوں گے جن کی ج۔قابلیّت سب سے زیادہ ہے۔ اگلے مرحلے میں مثال کے طور پر، ١٥ وزرائے صوبہ، وزرائے اعظم اور ماتحت صدر کے مناصب کے لیے مقابلے میں ہیں۔ ان میں سے بھی وہ پانچ جیّد ملکی انتخاب میں حصّہ لینے کے لیے منتخب ہوں گے

جن کی ج۔قابلیّت سب سے زیادہ ہے۔ بالاختصار، سماجی قابلیّت قدم بری کے لیے لازمی ہے؛ جبکہ، معروضی قابلیّت قدم بری کے امکان کو بڑھاتی ہے۔ ملکی سطح کے بعد، محض موضوعی امتحان۔ اوّل، دوئم اور سوئم ہی معنیٰ رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر ۱۵ ماتحت صدور، معاون صدر کے منصب کے لیے مقابلے میں ہیں تو سبھی موضوعی امتحان۔اوّل میں حصّہ لیں گے اور سب سے زیادہ نمبر لینے والا قدم بر ہوگا۔

## آٹھ۔ انتخابی مہم

آٹھ۔ا۔ا۔انتخابی مہم ج۔ا (حصّۂ اوّل): لائحۂ قدم بر برائے ترتیبِ زیر کے تحت منتخب کردہ ج۔ا کے لیے اضلاع، بمطابق حلقہ قابلیّت، ہنگامی جدیدی نظام کا وزیرِاعظم۔ل مختص کرے گا؛ دفعہ (۳)۵۔ بعد از اختصاص، جیّد متعلقہ ضلعی حلقوں سے، نظام کے اخراجات پر، انتخاب میں شمولیّت اختیار کریں گے۔ اس بابت کیے گئے اخراجات دائرۂ عام میں ہوں گے۔ ایک حلقے کے شہری کسی دوسرے حلقے کے جیّد کے انتخاب کے لیے حقِ رائے دہی استعمال نہیں کر سکتے۔ اسی طرح ایک حلقے کا جیّد کسی دوسرے حلقے کے انتخاب میں شرکت اختیار نہیں کر سکتا۔

اس عمل کے دورانیے کا انصرام ایسے طور پر کیا جائے کہ تیسری سہ ماہی کے پہلے مہینے میں معروضی پرچے، دوسرے اور تیسرے مہینے میں بالترّتیب، انتخابی مہم اور انتخابات کا انعقاد ہو؛ دفعہ (۲) ٦ ۔ آخری سہ ماہی رعایتی مدّت ہے جس کا تصرُّف معیّنہ دورانیے میں اہداف کی بے حصولی کی صورت میں کیا جا سکتا ہے؛ دفعہ ۷۔

معروضی اور سماجی قابلیّت کی بنیاد پر جیّدوں کی حتمی فہرستِ قابلیّت تیار کی جائے گی، ہر دو کا وزن ۵۰ % ہو گا۔ مثال کے طور پر اگر کسی جیّد نے ۲۷۰۰ میں سے ۱۳۵۰ نمبر لیے ہیں تو یہ ۵۰ % ہے اور اس کے نمبر ۵۰ ہیں۔ چونکہ، معروضی پرچہ کُل کا ۵۰ % ہے اسلیے اس کے نمبر ۲۵ = ۲ / ۵۰ ہوئے۔ اگر وہ انتخاب میں ناکام ہوا ہو تو ان نمبروں میں اضافہ نہیں کیا جائے گا۔ اگر وہ انتخاب میں کامیابی حاصل کر لے تو اس کے نمبر ۷۵ = ۵۰+۲۵ ہوئے۔

آٹھ۔ب۔۔۔انتخابی مہم ج۲ اور بعد ازاں

آٹھ۔ب(ا)۔۔۔وزرائے خطّہ: ملک کے اندر وزرائے خطّہ کا انتخاب ج اور حلقہ قابلیّت کے مطابق ہو گا۔ انتخاب کا انعقاد، بمطابقِ لائحۂ ستّر۔تیس، چار الگ سطوح پر ہو گا۔ ابتداءً، ہر سطح پر انتخاب میں کامیابی قدم بری کے لیے لازمی ہے۔ بعد ازاں، قدم بری بمطابقِ جدولِ انتخاب سات۔ح کی جائے گی۔

انتخاب میں شمولیّت کے لیے ایک ضلّع دو جیّدوں کو، بمطابق حلقہ قابلیّت، مختص کیا جائے۔ جو انتخاب میں نا کام ہو وہ وزیرِ ماندہ کی جانب قدم زیر اور جو کامیاب ہو وہ وزیرِ ضلّع کی جانب حلقہ قدم بر ہو گا۔ اگر دو سے زیادہ جیّد اہل ہوں تو ضلع اُن دو کو مختص کیا جائے جن کی معروضی قابلیّت سب سے زیادہ ہو۔ بقایا مختلف ضلع کو تسخیر کریں سات۔ب۔

اس کے بعد دو وزرائے ضلّع جن کا تعلّق ایک منطقہ سے ہو، اور جن کی ج۔قابلیّت سب سے زیادہ ہو، مناطقی سطح پر انتخاب میں حصّہ لیں گے۔ جو انتخاب میں کامیابی حاصل کرے گا وہ وزیرِ منطقہ کی جانب حلقہ قدم بر ہو گا اور اس کے منصب کو وزیرِ ماندہ، بمطابق حلقہ قابلیّت، بذریعۂ سلیس قدم بری پُر کرے گا۔

اس کے بعد دو وزرائے منطقہ، جن کا تعلّق ایک صوبے سے ہو، اور جن کی ج۔قابلیّت سب سے زیادہ ہو، صوبائی سطح پر انتخاب میں حصّہ لیں گے۔ جو انتخاب میں کامیابی حاصل کرے گا وہ وزیرِ صوبہ کی جانب حلقہ قدم بر ہو گا اور اس کے منصب کو بمطابقِ روشِ حلقہ، وزیرِ ضلّع بذریعۂ سلیس قدم بری پُر کرے گا۔

اس کے بعد پانچ وزرائے صوبہ، جن کا تعلّق ایک ملک سے ہو، اور جن کی ج۔قابلیّت سب سے زیادہ ہو، ملکی سطح پر انتخاب میں حصّہ لیں گے۔ جو انتخاب میں کامیابی حاصل کرے گا وہ بحیثیّتِ صدر منتخب ہو جائے گا اور اُس کے بعد، ج۔قابلیت کے مطابق، بقیہ چار وزرائے صوبہ میں سے تین بحیثیّتِ وزرائے اعظم۔ا، ل اور م حلقہ قدم بر ہوں گے۔ ان کے مناصب، بمطابقِ روشِ حلقہ، وزرائے منطقہ بذریعۂ سلیس قدم بری پُر کریں گے۔ پانچواں وزیرِ صوبہ قدم بر نہیں ہو گا۔

ضلّع، منطقہ اور صوبہ تین الگ قطعہ ہائے حلقہ ہیں۔ اگر ایک وزیرِ خطّہ ان تینوں حلقوں میں کامیابی حاصل کر لیتا ہے تو اس کی سماجی قابلیّت ۳۰=۱۰+۱۰+۱۰ ہو گی۔ چوتھا قطعۂ حلقہ ملک ہے۔ ج۔قابلیّت کے مطابق پہلے پانچ وزرائے صوبہ، ملکی سطح پر انتخاب میں حصّہ لیں گے اور ان کے مابین صدر، اور وزرائے اعظم۔ا، ل اور م کے مناصب کی تقسیم بمطابقِ اعدادِ حصولِ رائے ہو گی۔ تاہم، اُن کی سماجی قابلیّت حسبِ ذیل ہو گی:

| انتخاب میں نمبر | منصب | سماجی قابلیّت |
|---|---|---|
| ۱ | صدر | ۳۰+۲۰ = ۵۰ % |
| ۲ | وزیرِاعظم۔ا | ۳۰+۱۰ = ۴۰ % |
| ۳ | وزیرِاعظم۔ل | ۳۰+۱۰ = ۴۰ % |
| ۴ | وزیرِاعظم۔م | ۳۰+۱۰ = ۴۰ % |
| ۵ | وزیرِ صوبہ رہے گا | ۳۰ % |

سلیس قدم بر یا زیر ہونے کو جھولنا کہتے ہیں اور یہ خلیے میں معمول کی بات ہے۔ جھول نیچے زیادہ اور اوپر کم ہوتا ہے۔ سابقہ وزیرِ صوبہ، حالات کے مطابق، بحیثیّتِ وزیرِ منطقہ یا ضلّع خدمات انجام دے گا۔ آخرتاً، جہاں ضرورت ہو، حلقہ کج روی اختیار کی جا سکتی ہے۔

آٹھ۔ب(۲)۔۔۔ضابطہ وزرا: ملک میں ضابطہ وزرا کا انتخاب بمطابق معروضی قابلیّت ہو گا۔ چاروں سطوح پر وزرائے خطّہ کے انتخاب کے بعد، وزرائے ماندہ، بمطابق معروضی قابلیّت، ملکی (ضابطہ) وزرا کے مناصب کو پُر کریں

گے۔ ملکی وزرا کے لیے وزارتوں کا تعیّن صدر کرے گا۔ یہ منصب بغیر انتخاب کے پُر کیے جاتے ہیں اور ان کی تعداد کا تعیّن متعلقہ ایوان کی متعلقہ مجلس خلیے کی ضرورت کے لحاظ سے کرتی ہے شق ۱۸ (ا۔ا)۔ ملکی وزیر کو متعلقہ صدر عہدے سے ہٹا سکتا ہے اور اس کے منصب کو دوسرا ملکی وزیر، صدر کی ترجیح کے مطابق یا وزیرِ ماندہ، معروضی قابلیّت اور صدر کی ترجیح کے مطابق پُر کر سکتا ہے۔ بعد از شمولیّت، نہ تو ضابطہ وزیر، وزیرِ خطّہ کے منصب کو اور نہ ہی وزیرِ خطّہ، ضابطہ وزیر کے منصب کو پُر کر سکتا ہے۔

خطّہ اور ضابطہ وزرا کی شمولیّت کے بعد، بقیہ وزرا یا تو ماندہ رہیں گے یا پھر صدر کی رضا سے اپنے فرائض انجام دیں گے۔ مستقبل میں، خلیے کی ضرورت کے مطابق، وزیرِ ماندہ بحیثیّتِ وزیرِ خطّہ یا ضابطہ قدم بر ہو سکتا ہے۔ البتّہ، اس بات کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے کہ اگر کوئی وزیرِ ماندہ صدر کی رضا سے فرائض انجام دے رہا ہو اور اس دوران اُسے خلیے کی ضرورت کے مطابق، بحیثیّتِ وزیرِ خطّہ یا ضابطہ قدم بر ہونا پڑے تو صدر اُس کا رستہ نہ روکے اور کسی دوسرے وزیرِ ماندہ کو اُس وزیرِ ماندہ کے فرائض سونپ دے۔

اگر ضرورت ہو تو صدر بمطابق معروضی قابلیّت، دستیاب گروہ میں سے اضافی ۹۹ وزرائے ماندہ کے دستے کو شامل کر سکتا ہے۔ مزید بر آں، صدر، خلیے کی ضرورت کے مطابق ۹۹ وزرائے ماندہ کے جتنے چاہے اُتنے دستے شامل کر سکتا ہے۔ اس طور پر شامل دستے کے وزرا کو جیّد تصوّر کیا جائے۔

آٹھ۔پ۔۔۔انتخابی مہم ج۔ا (حصّۂ دوئم): ہنگامی جدیدی نظام کے ممبران کی تقرّری بذریعۂ انتخاب نہیں کی جاتی؛ جبکہ، ج اکی تقرّری کے لیے انتخاب کا انعقاد محض ضلعی سطح پر کیا جاتا ہے اور ہر ضلع انفرادی حیثیّت میں ایک قطعۂ حلقہ ہے۔ وزرائے خطّہ کی چاروں سطوح کے مناصب اور صدر کے منصب کو بذریعۂ ج اور حلقہ قابلیّت پُر کیا جاتا ہے۔ جس جیّد کی قابلیّت زیادہ ہوگی وہ بالا منصب کو پُر کرے گا۔

۵۰ فیصد تک معروضی قابلیّت اور بقیہ ۵۰ فیصد سماجی قابلیّت ہے۔ مثال کے طور پر اگر ایک جیّد کی معروضی قابلیّت ۱۰ ہے اور وہ انتخاب میں کامیابی حاصل کر لیتا ہے تو اس کے کُل نمبر ہوئے ۶۰ = ۵۰+۱۰۔ جو جیّد انتخاب میں ناکام ہو جائے وہ وزیرِ ضلع نہیں بن سکتا۔ انتخاب میں کامیابی حاصل کرنے والے جیّد، مناصب کو حسبِ ذیل طور پُر کریں گے:

| ع ش | منصب | طریقۂ کار |
|---|---|---|
| ۱ | صدر | بالا ترین ج۔قابلیّت۔ اگر ایک سے زیادہ جیّدوں کی قابلیّت برابر ہے تو بذریعۂ بادست قرعہ اندازی ایک جیّد منتخب کیا جائے۔ اس قاعدے کا اطلاق بقایا سطوح پر بھی ہو گا |
| ۲ | وزرائے اعظم۔ ا، ل اور م | ج ا۔قابلیّت میں بالتّرتیب، دوسرا، تیسرا اور چوتھا نمبر |
| ۳ | وزرائے صوبہ | مثال کے طور پر پانچ وزرائے صوبہ ہیں تو بمطابق ج۔۱ قابلیّت اگلے ۵ جیّد وزرائے صوبہ ہوں گے۔ ان کے مابین صوبوں کی تقسیم حلقہ قابلیّت کے مطابق ہو گی۔ |
| ۴ | وزرائے منطقہ | مثال کے طور پر پانچ صوبوں میں سے ہر صوبے کے تحت ۷ مناطق ہیں تو ملک میں کُل ۳۵ = ۵x۷ مناطق ہوئے۔ اس لیے بمطابق ج۔۱۔قابلیّت اگلے ۳۵ جیّد وزرائے منطقہ ہوں گے۔ ان کے مابین مناطق کی تقسیم حلقہ قابلیّت کے مطابق ہو گی۔ |
| ۵ | وزیرِ ضلّع | مثال کے طور پر ۵ صوبوں کے تحت ۳۵ مناطق میں سے ہر منطقے کے تحت ۵ ضلعے ہیں تو ملک میں کُل ۱۷۵=۵ x ۵x۷ اضلاع ہوئے۔ اس لیے بمطابق ج ا۔قابلیّت اگلے ۱۷۵ جیّد وزرائے ضلّع ہوں گے۔ ان کے مابین ضلعوں کی تقسیم حلقہ قابلیّت کے مطابق ہو گی۔ |

وزرائے خطّہ کی شمولیّت کے بعد، ملکی وزرا کے مناصب، معروضی قابلیّت اور صدر کی ترجیح کے مطابق پُر کیے جائیں گے۔ جو بچ جائیں وہ وزیرِ ماندہ ہوں گے۔

## نو۔ لائحۂ کثیرالجماعت

کلاں سال جدیدیّت، جس میں جوزا / کامل۔خِطّے کا رقبہ ۴۰۵۰۰۰ مربّع کلومیٹر سے زیادہ ہو، میں جیّدوں کی قدم بری لائحۂ کثیرالجماعت کے تحت ہوتی ہے۔ جدیدیّت کی استقامت کے بعد اس لائحے کا جلد از جلد انعقاد مرغوب عمل ہے۔ اس لائحے کے تحت قائم شدہ جدیدیّت کو کثیرالجماعت جدیدیّت کہتے ہیں۔ ایک ملک کی صورت میں جیّد تمام مناصب کو ایک ہی وقت میں پانچ سال تک پُر کرتے ہیں۔ البتّہ، برِصغیریا اس سے بالا نُظُم کی صورت میں، جب صدر مُناسِب سمجھے، مَناصِب کو سالانہ بنیاد پر ذیلی جدول میں دیے گئے طریقۂ کار کے تحت پُر کیا جائے۔

لائحہ اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ ایک مختلطُ الجماعت ملکی نظام خدمات کی انجام دہی کرے۔ کِبار، بالا مناصب اور صِغار، زیریں مناصب کو پُر کریں گے۔ اگر کسی بھی وقت جیّد کی قدم بری / زیری کی ضرورت ہو تو حاضرِ خدمت جماعتوں کو زیرِ غور لایا جائے؛ ان میں وزرائے ماندہ بھی شامل ہیں۔ جیّد اُس منصب سے انتخاب میں شمولیّت اختیار کرے گا جس پر وہ انتخاب کے موقع پر فائز ہو۔ (غیر) لازم انتخاب کا قاعدہ لاگو ہے۔ اگر ضرورت ہو تو ضمنی انتخاب منعقد کیا جائے۔

**نو۔ا۔۔جدول:** لائحۂ کثیرالجماعت: ذیلی جدول برِصغیر میں ج٦ کی درجہ وار تفریط کے بابت بتاتا ہے۔ لائحۂ کثیرالجماعت کے انعقاد کے وقت جدیدی نظام کلاں سال ہو گا۔ کثیرالجماعت جدیدیّت میں ہر سطح پہ سالانہ بنیاد پر انتخاب کا انعقاد ہو گا۔

پہلے سے نافذ خلیے کو مزید پانچ سال تک برقرار رکھا جائے گا۔ مجلِس۔انیا خلیہ صدر ج٦ کی قدم بدری کے وقت مرتّب کرے گی۔ اس کے بعد نیا خلیہ ہر پانچ سال بعد مرتّب کیا جائے گا۔ اگر ضرورت ہو تو وزرائے خطّہ نو مرتّب خلیے کے مطابق قدم بدر ہو جائیں گے۔

| ع ش | منصب | جماعت | مُبَدِّل | عرصہ | تبصرات |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | سال اوّل | | |
| ۱ | وزرائے ماندہ | ج٦ | ج٧ | ۵ | درجہ وار تفریط کے پہلے سال، جو کہ ج٦ کے پانچویں سال کا اختتام ہو گا، وزرائے ماندہ اور ضلّع کی جگہ ج٧ بمطابق معروضی امتحان اور انتخاب لے گی۔ ج٦ کے وزرائے ماندہ اور ضلّع قدم بدر ہو جائیں گے۔ ج٧ کے جیّدوں کی تعداد وزرائے ضلع کی تعداد کے دو گنا ہو گی۔ |
| ۲ | وزرائے ضلّع | ج٦ | ج٧ | ۵ | |
| ۳ | وزرائے منطقہ | ج٦ | - | - | - |
| ۴ | وزرائے صوبہ | ج٦ | - | - | - |
| ۵ | وزرائے اعظم | ج٦ | - | - | - |
| ٦ | صدر | ج٦ | - | - | - |
| ٧ | ملکی وزرا | ج٦ | ج٧ | ۵ | ج٧ وزرائے ماندہ، بمطابق معروضی قابلیّت، بحیثیَّتِ ملکی وزرا منتخب ہوں گے؛ ان کی تعداد کا تعیّن متعلقہ ایوان کی متعلقہ مجلس کرے گی۔ ان میں وزارتوں کی تقسیم صدر کرے گا۔ اگر ملکی وزیر، صغیری وزیر کی جانب قدم بر ہوتا ہے تو اس کے منصب کو وزیرِ ماندہ بمطابق معروضی قابلیّت پُر کرے گا۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سال دوئم | | | | | |
| ١ | وزرائے ماندہ | ج۷ | ج۸ | ١ | ج۷ وزرائے ماندہ قدم بدر ہو جائیں گے اور ان کی جگہ ج۸ بمطابق معروضی امتحان لے گی۔ |
| ٢ | وزرائے ضلّع | ج۷ | ج۸ | ١ | ج۷ وزرائے ضلّع جو ج۷ مناطقی انتخاب میں کامیابی حاصل کریں، وزرائے منطقہ کی جانب قدم بر ہو جائیں گے۔ بقایا قدم بدر ہو جائیں گے۔ وزرائے ضلّع کے مناصب کو ج۸ ضلعی انتخاب میں کامیابی حاصل کرنے والے وزرائے ماندہ ج۸ پُر کریں گے۔ |
| ٣ | وزرائے منطقہ | ج٦ | ج۷ | ٦ | ج٦ مناطقی وزرا قدم بدر ہو جائیں گے۔ |
| ۴ | وزرائے صوبہ | ج٦ | - | - | - |
| ۵ | وزرائے اعظم | ج٦ | - | - | - |
| ٦ | صدر | ج٦ | - | - | - |
| ۷ | ملکی وزرا | ج۷ | - | - | - |
| سال سوئم | | | | | |
| ١ | وزرائے ماندہ | ج۸ | ج۹ | ١ | ج۸ وزرائے ماندہ قدم بدر ہو جائیں گے اور ان کی جگہ ج۹ بمطابق معروضی امتحان لے گی۔ |
| ٢ | وزرائے ضلّع | ج۸ | ج۹ | ١ | ج۸ وزرائے ضلّع جو ج۸ مناطقی انتخاب میں کامیابی حاصل کریں، وزرائے منطقہ کی جانب |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | قدم بر ہو جائیں گے۔ بقایا قدم بدر ہو جائیں گے۔ وزرائے ضلّع کے مناصب کو ج۹ ضلعی انتخاب میں کامیابی حاصل کرنے والے وزرائے ماندہ ج۹ پُر کریں گے۔ |
| ۳ | وزرائے منطقہ | ج۷ | ج۸ | ۲ | ج۷ وزرائے منطقہ جو ج۷ صوبائی انتخاب میں کامیابی حاصل کریں، وزرائے صوبہ کی جانب قدم بر ہو جائیں گے۔ بقایا قدم بدر ہو جائیں گے۔ |
| ۴ | وزرائے صوبہ | ج٦ | ج۷ | ۷ | ج٦ صوبائی وزرا قدم بدر ہو جائیں گے۔ |
| ۵ | وزرائے اعظم | ج٦ | - | - | - |
| ٦ | صدر | ج٦ | - | - | - |
| ۷ | ملکی وزرا | ج۷ | - | - | - |
| | | | سال چہارم | | |
| ۱ | وزرائے ماندہ | ج۹ | ج۔۱۰ | ۱ | ج۹ وزرائے ماندہ قدم بدر ہو جائیں گے اور ان کی جگہ ج۔۱۰ بمطابق معروضی امتحان لے گی۔ |
| ۲ | وزرائے ضلّع | ج۹ | ج۔۱۰ | ۱ | ج۹ وزرائے ضلّع جو ج۹ مناطقی انتخاب میں کامیابی حاصل کریں، وزرائے منطقہ کی جانب قدم بر ہو جائیں گے۔ بقایا قدم بدر ہو جائیں گے۔ وزرائے ضلّع کے مناصب کو ج۔۱۰ ضلعی انتخاب میں کامیابی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | حاصل کرنے والے وزرائے ماندہ ج۔۱۰ پُر کریں گے۔ |
| ۳ | وزرائے منطقہ | ج۸ | ج۹ | ۲ | ج۸ وزرائے منطقہ جو ج۸ صوبائی انتخاب میں کامیابی حاصل کریں، وزرائے صوبہ کی جانب قدم بر ہو جائیں گے۔ بقایا قدم بدر ہو جائیں گے۔ |
| ۴ | وزرائے صوبہ | ج۷ | ج۸ | ۳ | سب سے زیادہ قابلیّت والے ۵ وزرائے صوبہ ج۷ وزیرِ اعظم کی سطح پر ج۷ ملکی انتخاب میں حصّہ لیں گے۔ انتخاب میں کامیابی حاصل کرنے والا وزیرِ اعظم۔ا منتخب ہو گا اور وزیرِ اعظم۔ل اور م کا انتخاب میں دوسرا اور تیسرا نمبر ہو گا۔ بقایا قدم بدر ہو جائیں گے |
| ۵ | وزرائے اعظم | ج٦ | ج۷ | ۸ | ج٦ وزرائے اعظم قدم بدر ہو جائیں گے۔ |
| ٦ | صدر | ج٦ | - | - | - |
| ۷ | ملکی وزرا | ج۷ | - | - | - |
| سال پنجم | | | | | |
| ۱ | وزرائے ماندہ | ج۔۱۰ | ج۔۱۱ | ۱ | ج۔۱۰ وزرائے ماندہ قدم بدر ہو جائیں گے اور ان کی جگہ ج۔۱۱ بمطابق معروضی امتحان لے گی۔ |
| ۲ | وزرائے ضلّع | ج۔۱۰ | ج۔۱۱ | ۱ | ج۔۱۰ وزرائے ضلّع جو ج۔۱۰ مناطقی انتخاب میں کامیابی حاصل |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | کریں، وزرائے منطقہ کی جانب قدم بر ہو جائیں گے۔ بقایا قدم بدر ہو جائیں گے۔ وزرائے ضلّع کے مناصب کو ج۔۱۱ ضلعی انتخاب میں کامیابی حاصل کرنے والے وزرائے ماندہ ج۔۱۱ پُر کریں گے۔ |
| ۳ | وزرائے منطقہ | ج۹ | ج۔۱۰ | ۲ | ج۹ وزرائے منطقہ جو ج۹ صوبائی انتخاب میں کامیابی حاصل کریں، وزرائے صوبہ کی جانب قدم بر ہو جائیں گے۔ بقایا قدم بدر ہو جائیں گے۔ |
| ۴ | وزرائے صوبہ | ج۸ | ج۹ | ۳ | سب سے زیادہ قابلیّت والے ۵ وزرائے صوبہ ج۸ وزیرِ اعظم کی سطح پر ج۸ ملکی انتخاب میں حصّہ لیں گے۔ انتخاب میں کامیابی حاصل کرنے والا وزیرِ اعظم۔ا منتخب ہو گا اور وزیرِ اعظم۔ل اور م کا انتخاب میں دوسرا اور تیسرا نمبر ہو گا۔ بقایا قدم بدر ہو جائیں گے |
| ۵ | وزرائے اعظم | ج۷ | ج۸ | ۴ | تین وزرائے اعظم ج۷ صدارتی سطح پر ملکی انتخاب ج۷ میں حصّہ لیں گے۔ کامیابی حاصل کرنے والا صدر کی جانب قدم بر ہو گا اور بقایا وزرائے اعظم ج۷ قدم بدر ہو جائیں گے۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | صدر ج۷ کے لیے نیا خلیہ مجلسِ۱ مرتّب کرے گی۔ |
| ٦ | صدر | ج٦ | ج۷ | ۹ | نائب صدر ج٦ قدم بدر ہو جائے گا۔ نائب صدر ج۷، موضوعی امتحان اوّل میں تبھی حصّہ لے سکتا ہے اگر اس کی میعاد کے دوران صغیری صدر کی میعاد ختم ہو جائے، بصورتِ دیگر وہ قدم بدر ہو جائے گا۔ یہی کُلیہ بعد ازاں آنے والے صدور پر بھی لاگو ہو گا۔ |
| ۷ | ملکی وزرا | ج۷ | - | - | - |
| سال ششم | | | | | |
| ۱ | - | - | - | - | سال اول کے تحت دیا گیا طریقۂ کار از سر نو نافذالعمل ہو جائے گا۔ |
| ۲ | ملکی وزرا | ج۷ | ج۔۱۲ | ۵ | علاوہ ازیں، پانچ سال خدمت کے بعد ملکی وزرا قدم بدر ہو جائیں گے اور ان کی جگہ ج۔۱۲ وزرا لیں گے۔ طریقۂ کار، پہلے سال کے عدد شمار ۷ کے تحت دیا گیا ہے |

نو۔ب۔۔۔جوہرِ مُبدِّل

| سال | تبدیلی | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ضابطہ وزیر | وزیرِ ماندہ | وزیرِ ضلع | وزیرِ منطقہ | وزیرِ صوبہ | وزیرِ اعظم | صدر |
| ۱ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ |
| ۲ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ |
| ۳ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ |
| ۴ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ |
| ۵ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |

نو۔پ۔۔۔جماعتوں کا اشتراک: اگر ملکی صدر لائحۂ کثیر الجماعت کے خاتمے کو ضروری سمجھے تو وہ جماعتوں کا اشتراک کر سکتا ہے۔ مختلف جماعتوں کے جیّدوں کو ملکی صدر ایک جماعت میں مشترک کرے گا اور میعاد سے قطع نظر، وہ مزید پانچ سال خدمت کریں گے۔ مشترکہ جماعت کے جیّد، ماسوا ضرورت کے مطابق قدم بری اور زیری کے، اپنے مناصب پر عرصہ پانچ سال کے لیے منجمد رہیں گے۔ اس کے بعد، یا تو مشترکہ جماعت کی جگہ کوئی دوسری جماعت لے گی یا لائحۂ کثیر الجماعت ازسرِنو متعارف کرایا جائے گا۔

وہ ملکی صدر جو لائحۂ کثیر الجماعت متعارف کرائے، اپنے میعادِ خدمت میں اُس کا خاتمہ نہیں کر سکتا اور جو اس کا خاتمہ کرے وہ اسے متعارف نہیں کرا سکتا۔ علاوہ ازیں، وہ ملکی صدر جو لائحۂ کثیر الجماعت متعارف کرائے یا اس کا خاتمہ کرے، موضوعی امتحان اوّل میں شمولیّت اختیار کرنے کا اہل نہیں ہو گا۔ اگر کسی ناگہانی وجہ سے یہ دونوں اقدام یا ان میں سے کسی کوئی ایک قدم اٹھانا ناگزیر ہو تو صدر قدم بدر ہو جائے گا۔

دس۔ موضوعات

قانون سازی کے لیے ایوان، زیریں قانون ساز اداروں کے درمیان موضوعات کی تقسیم کرے گا۔ مثال کے طورپر، برِصغیر کی صورت میں ایوانِ نیم اور ایواناتِ زیر کے درمیان موضوعات کی تقسیم کا فیصلہ ایوانِ نیم کرے گا۔ اس کے بعد، ایوانِ زیر اور محافل کے درمیان موضوعات کی تقسیم کا فیصلہ ایوانِ زیر کرے گا۔ مزیدیہ کہ، صدر اپنے دائرۂ اختیار میں کسی بھی موضوع کے بابت قانون سازی کر سکتا ہے۔ دس۔ا۔ب۔ البتّہ، ترجیحاً، ایوان کو قانون سازی کرنی چاہیے؛ جبکہ، صدارتی ضابطے کا اجرا ہنگامی صورتِ حال کے لیے ہی محفوظ ہونا چاہیے۔ کچھ امثال ذیلی جدول میں حوالے کے لیے مندرج ہیں:

| ضابطہ موضوعات | | خطّہ موضوعات |
|---|---|---|
| صغیری | ملکی | |
| دفاع | سڑکیں | مقامی تہذیب |
| خارجہ امور | اقتصاد | پولیس |
| اقتصاد | تعلیم | مقامی انتظامیہ |
| داخلہ | صحت | صفائی |
| در / بر آمدات | داخلہ | لسان |
| جنگ، امن معاہدے | - | برادرانہ خدمات |
| صحت | - | - |
| تعلیم | - | - |

برصغیر میں ایوانِ زیر جنگ، امن یا خارجہ امور کے بارے میں قانون سازی اس لیے نہیں کر سکتا کیونکہ اس کا اثر برِصغیر کے باقی ممالک پر بھی ہو گا اور یہ اقوالِ خمسہ کے پہلے قول کی روح کے خلاف ہے۔

دس۔ب۔۔۔زیریں ترتیبِ زمانہ کی صورت میں صدر، خطّہ اور ضابطہ موضوعات کی فہرست جاری کرے گا دفعہ (۲) ۴۔ ضابطہ موضوعات، ترجیحاً، سابقہ وفاقی اور صوبائی موضوعات ہوں؛ جبکہ، خطّہ موضوعات، ترجیحاً، سابقہ مقامی حکومت سے تعلّق رکھنے والے موضوعات ہوں۔

گیارہ۔ وزیرِاعظم۔م بحیثیّتِ فوطہ دار

آمدن کی پیداوار، وصولی اور تقسیم، قانون کے مطابق، وزیرِ اعظم۔م کا ماتحت نظام کرے گا۔ اس نظام کا آمدن صرف کرنے سے کوئی تعلّق نہیں کیونکہ یہ اختیار متعلقہ عاملانہ یا قانون ساز نظام کا ہے۔ یہ نظام محصولات کا فقط رکھوالا، پاسبان، تقسیم کنندہ اور ثبت کنندہ ہے۔ گیارہ۔ا۔۔۔ ایوانِ نیم، بَین اور بَر کی صورت میں یہ فریضہ مجلسِ۔م کا وہ مضافی جیّد بارہ انجام دے گا جس کی ایوان فیصد قابلیّت سب سے زیادہ ہو۔

بجز اُن اداروں کے جن کا تعیّن وزیرِاعظم۔م آمدن کے حصول کے لیے کرے، کوئی بھی ادارہ اس فعل کا اہل نہیں کہ وہ کسی بھی طرح کے (غیر) نفع بخش عمل میں شراکت دار ہو یا ایسی کاروائی کرے جس کا ذکر اس ادارے کے بابت قانون میں واضح طور پر مذکور نہ ہو۔

بارہ۔ ایوان پُر کرنا

ایوان کو ایوان قابلیّت کے مطابق پُر کیا جاتا ہے جو کہ جدولِ فیصد قابلیّت سات۔ڈ کا حصہ دوئم ہے۔ ملک میں ایوانِ زیر، برِصغیر میں ایواناتِ زیر اور ایوانِ نیم، برِاعظم میں ایواناتِ زیر اور ایوانِ بَین اور دنیا میں ایواناتِ زیر، تین ایواناتِ بَین اور ایوانِ بر ہوتے ہیں۔

ایوانِ زیر میں جیدّوں کی تعداد ۱۵۰ سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ مثال کے طور پر ۲۰۰ وزرائے خطّہ اور اعظم (ملکی وزرا اور صدر ایوانِ زیر کا حصّہ نہیں ہوتے) میں سے زیادہ ایوان فیصد قابلیّت رکھنے والے محض ۱۵۰ جیدّ ایوان میں شامل ہوں گے۔ انھیں بارہ۔ا۔۔۔مضافی جیدّ کہا جاتا ہے شق (۲) ۱۱ ۔ اوپر کے ۱/۳ یعنی اوپر کے ۵۰، مجلسِ۔جغرافیائی، درمیان کے ۵۰، مجلسِ۔نظریاتی اور نیچے کے ۵۰، مجلسِ۔اقتصادی میں شمولیّت اختیار کریں گے۔

اگر جیدّوں کی کُل تعداد ۱۵۰ سے کم ہو تو، اسی طریقۂ کار پر ۱۲۰ یا ۹۰ جیدّوں کو ایوانِ زیر میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ اگر وزرائے خطّہ کی تعداد ۹۰ سے کم ہو تو وزرائے ماندہ کو، بمطابقِ معروضی قابلیّت، ایوان میں شامل کیا جا سکتا ہے تاکہ تعداد ۹۰ کے برابر ہو جائے۔ اگر اس کے باوجود تعداد ۹۰ کے برابر نہ ہو تو ۹۹ وزرائے ماندہ کا اضافی دستہ ملکی صدر شامل کرے۔ اس کے علاوہ، وزیرِ اعظم۔ا، مجلسِ۔ا، وزیرِ اعظم۔ل، مجلسِ۔ل اور وزیرِ اعظم۔م، مجلسِ۔م کا حصّہ ہوں گے۔ اور اگر وزرائے اعظم ایوانِ نیم کا حصّہ بنتے ہیں تو وہ، ایوان فیصد قابلیّت سے قطع نظر، اوپر بیان کردہ مجالِس میں ہی شامل ہوں گے۔

بارہ۔ا(۱)۔۔۔**جدول**: ایوانِ زیر میں اضافہ

| ع ش | وزرائے خطّہ کی تعداد | مضافی جیدّ |
|---|---|---|
| ۱ | ۱۵۰ سے زیادہ | ۱۵۰ |
| ۲ | ۱۲۰-۱۵۰ | ۱۲۰ |
| ۳ | ۹۰-۱۲۰ | ۹۰ |
| ۴ | ۹۰ > | ۹۰؛ بشمول وزرائے ماندہ |

ایوانِ نیم کی صورت میں ہر ملک سے برابر تعداد میں سب سے زیادہ ایوان فیصد قابلیّت رکھنے والے وزرائے خطّہ / اعظم اور نائب صدور کا انتخاب کیا جائے گا۔ اس کے بعد وہ ایوانِ نیم میں اس طریقے سے شامل ہوں گے کہ

برِصغیر میں موجود ہر ملک کے نمائندوں کی تعداد ہر مجلسِ میں برابر ہو۔ انہیں بارہ۔ب۔۔۔ مضافی جیدّ کہا جائے گا۔ مزید برآں، ایوانِ نیم میں بھی جیدّوں کی تعداد ۱۵۰، ۱۲۰ یا ۹۰ ہو۔

ذیلی جدول، پانچ ممالک پر مشتمل برِصغیر کے ایواناتِ زیر میں جیدّوں کی شمولیّت کو واضح کرتا ہے۔ یہ بھی واضح کرتا ہے کہ ایوانِ نیم میں تمام ممالک کے جیدّوں کی تعداد برابر ہوگی، قطع نظر اس بات سے کہ انفرادی حیثیّت میں ایک ملک کے ایوانِ زیر میں جیدّوں کی تعداد کتنی ہے۔ پانچ ممالک کے ۱۵۰ جیدّوں میں سے ہر ملک کے ۱۰ سب سے زیادہ ایوان فیصد قابلیّت رکھنے والے جیدّ (کُل ۵۰) مجلسِ۔ا کا حصّہ ہوں گے، درمیانے ۱۰ مجلسِ۔ل اور نیچے کے ۱۰ مجلسِ۔م کا حصّہ ہوں گے۔



طابقِ نیم

بارہ۔ب(۱)۔۔۔جدول: ایوانِ نیم میں اضافہ

| مُمالک | جیّدوں کی تعداد | ایواناتِ زیر کے مضافی جیّد | ایوانِ نیم کے مضافی جیّد |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۰۰ | ۱۵۰ | ۳۰ |
| ۲ | ۱۳۰ | ۱۲۰ | ۳۰ |
| ۳ | ۱۱۰ | ۹۰ | ۳۰ |
| ۴ | ٦۰ | ۹۰ | ۳۰ |
| ۵ | ۱۵۵ | ۱۵۰ | ۳۰ |

خِطّے/ برِاعظم کے ایوانِ بَین میں صرف معاون اور نائب صدور ہی شمولیّت اختیار کرتے ہیں۔ ہر برِصغیر سے مضافی جیدوں کی تعداد برابر اور ۳ پر قابلِ تقسیم ہو گی۔ اگر یہ تعداد ۳ پر قابلِ تقسیم نہ ہو تو اس کو کم کیا جائے تاکہ ۳ پر قابلِ تقسیم ہو جائے۔ جو معاون صدور بچ جائیں وہ مجلِس۔م میں شامل ہوں گے۔ جیّد کا منصب جو کہ اس کے بالا ایوانات کی جانب قدم بری کی وجہ سے خالی ہو جائے، کو متعلقہ نظام سے تعلق رکھنے والا دوسرا جیّد بمطابق ایوان فیصد قابلیّت یا معروضی قابلیّت (وزرائے ماندہ کی صورت میں) پُر کرے گا۔ جیّد ایک وقت میں کسی بھی ایوان میں محض ایک ہی منصب کو پُر کر سکتا ہے۔

۷۵ ممالک اور ۵ برِصغیر پر مشتمل برِاعظم کی صورت میں، ۸۰ جیّد (۷۵ معاون اور ۵ نائب صدور) ایوانِ بَین میں شامل ہوں گے۔ اس تعداد کو ۷۵ تک کم کیا جائے گا تاکہ یہ تین پر قابلِ تقسیم ہو جائے۔ جیّدوں کو ایوان میں اس طرز پر شامل کیا جائے گا کہ ہر برِصغیر سے تعلق رکھنے والے جیّدوں کی تعداد ایک مجلس میں ۵ ہو (ہر برِصغیر سے ایوان میں ۱۵)۔ مطلب یہ کہ، تمام برِصغیر کے جیّدوں کی تعداد ایک مجلس میں ۲۵ اور ایوان میں ۷۵ ہو گی۔ سب سے کم ایوان فیصد قابلیّت رکھنے والے ۵ جیّد مجلِس۔م میں شامل ہو جائیں گے۔ ایوانِ بَین کی صورت میں فقط معاون اور نائب صدور ہی بارہ۔پ۔۔۔ مضافی جیّد ہیں۔

ایوانِ بر میں صرف معاون اور نائب صدور ہی شمولیّت اختیار کرتے ہیں۔ ہر براِعظم سے مضافی جیدوں کی تعداد برابر اور ۳ پر قابلِ تقسیم ہو گی۔ اگر یہ تعداد ۳ پر قابلِ تقسیم نہ ہو تو اس کو کم کیا جائے تا کہ ۳ پر قابلِ تقسیم ہو جائے۔ جو معاون صدور بچ جائیں وہ مجلسِ۔م میں شامل ہوں گے۔

۶۷۵ ممالک، ۴۵ برِصغیر اور ۳ براِعظم پر مشتمل دنیا کی صورت میں، ۴۸ جیّد (۴۵ معاون اور ۳ نائب صدور) ایوانِ بَر میں شامل ہوں گے۔ اس تعداد کو ۴۵ تک کم کیا جائے گا۔ جیدوں کو ایوان میں اس طرز پر شامل کیا جائے گا کہ ہر براِعظم سے تعلق رکھنے والے جیدوں کی تعداد ایک مجلس میں ۵ ہو (ہر براِعظم سے ایوان میں ۱۵)۔ مطلب یہ کہ، تمام براِعظموں کے جیدوں کی تعداد ایک مجلس میں ۱۵ اور ایوان میں ۴۵ ہو۔ سب سے کم ایوان فیصد قابلیّت رکھنے والے ۳ جیّد مجلسِ۔م میں شامل ہوں گے۔ ایوانِ بَر کی صورت میں فقط معاون اور نائب صدور ہی بارہ۔ت۔۔۔ مضافی جیّد ہیں۔

اس کے علاوہ تینوں براِعظم میں ایک ایک ایوانِ بَین بھی ہو گا۔ ایک براِعظم میں ۱۵ برِصغیر اور ہر برِصغیر میں ۱۵ ممالک ہوں گے۔ مطلب یہ کہ ایک براِعظم میں ۱۵ معاون اور ۲۲۵ ماتحت صدور ہوں گے۔ اس لیے ایک ایوانِ بَین میں ۲۴۰ جیّد شامل ہوں گے۔ اس تعداد کو ۲۲۵ تک کم کیا جائے گا۔ جیدوں کو ایوان میں اس طرز پر شامل کیا جائے گا کہ ہر برِصغیر سے تعلق رکھنے والے جیدوں کی تعداد ایک مجلس میں ۵ ہو (ہر برِصغیر سے ایوان میں ۱۵)۔ مطلب یہ کہ، تمام برِصغیر کے جیدوں کی تعداد ایک مجلس میں ۷۵ اور ایوان میں ۲۲۵ ہو گی۔ سب سے کم ایوان فیصد قابلیّت رکھنے والے ۱۵ جیّد مجلس۔م میں شامل ہو جائیں گے۔ عالمی نظام کے تحت ایوانِ بَین کی صورت میں فقط ماتحت اور معاون صدور ہی بارہ۔ٹ۔۔۔ مضافی جیّد ہیں۔



## بارہ۔ث۔۔۔جدول: ایوان پُر کرنا

| وزرائے ماندہ / خطّہ | وزرائے اعظم | ماتحت صدور | معاون صدور | نائب صدور | صدر |
|---|---|---|---|---|---|
| ایوانِ زیر | | | | | |
| ✓ | ✓ | - | - | - | ✗ |
| ایوانِ نیم | | | | | |
| ✓ | ✓ | - | - | ✓ | ✗ |
| ایوانِ بَین، اعظمی نظام کے تحت | | | | | |
| ✗ | ✗ | - | ✓ | ✓ | ✗ |
| ایوانِ بَین، عالمی نظام کے تحت | | | | | |
| ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ |
| ایوانِ بَر | | | | | |
| ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ |

تیرہ۔ جداول: نردبانِ مسوّدہ۔۔۔ مسوّدہ منظوری

مسوّدے سے مراد قانون سازی کی غرض سے یا عاملانہ فرمان کی مخالفت کرنے کے لیے مسوّدہ ہے۔

تیرہ۔ا۔۔۔ ایوانِ زیریانیم میں مسوّدہ منظوری: مجلس میں مسوّدے کی منظوری کے لیے ۱۵۰ جیدوں پر مشتمل ایوانِ زیریانیم میں جیدّوں کی تعداد

| مسوّدہ | مجلسِ۔م | مجلسِ۔ل | مجلسِ۔ا | کُل / ۱۵۰ |
|---|---|---|---|---|
| م | ۲۶=۱+(۵۰/۲) | ۱۴=۱+(۵۰/۴) | ۱۴ | ۵۴ |
| ل | - | ۲۶ | ۱۴ | ۴۰ |
| ا | - | - | ۲۶ | ۲۶ |




تیرہ۔ب۔۔۔ ایوانِ بَین میں مسوّدہ منظوری: مجلس میں مسوّدے کی منظوری کے لیے ۸۰ جیدوں پر مشتمل ایوانِ بَین میں جیدّوں کی تعداد

| مسوّدہ | مجلسِ۔م | مجلسِ۔ل | مجلسِ۔ا | کُل / ۸۰ |
|---|---|---|---|---|
| م | (۳۰/۲)+۱=۱٦ | (۲۵/۴)+۱=۷ | ۷ | ۳۰ |
| ل | - | (۲۵/۲)+۱=۱۴ | ۷ | ۲۱ |
| ا | - | - | (۲۵/۲)+۱=۱۴ | ۱۴ |




**تیرہ۔پ۔۔۔** ایوانِ بَر میں مسوّدہ منظوری: مجلس میں مسوّدے کی منظوری کے لیے ۴۸ جیدوں پر مشتمل ایوانِ بر میں جیدّوں کی تعداد

| مسوّدہ | مجلسِ۔م | مجلسِ۔ل | مجلسِ۔ا | کُل / ۸۰ |
|---|---|---|---|---|
| م | (۳۰/۲)+۱=۱٦ | (۲۵/۳)+۱=۷ | ۷ | ۳۰ |
| ل | - | (۲۵/۲)+۱=۱۳ | ۷ | ۲۱ |
| ا | - | - | (۲۵/۲)+۱=۱۳ | ۱۳ |




ایوان میں جیدّوں کی تعداد جتنی کم ہو، وہ اُتنا ہی طاقتور ہو گا۔

**چودہ۔** ذیلی۔جدیدیّت

بعد از تکمیلِ میعاد، جیدّ اپنی خدمت کی میعاد کے برابر عرصے تک ذیلی۔جدیدیّت میں شامل ہو گا۔ بشرطیکہ یہ عرصہ کسی بھی صورت پانچ سال سے زیادہ نہ ہو شق (۲)۳۴۔ جیدّ، ذیلی۔جدیدیّت میں دخول کو رد کر سکتا ہے لیکن ایسی صورت میں وہ استعفیٰ دے گا، مطلب یہ کہ، وہ مستقبل میں کسی جدیدی نظام کے کسی بھی منصب کو پُر کرنے کا اہل نہیں ہو گا۔

تین سالہ دورِ خدمت میں ج۔ ا کا کام، منجملہ، ہر سطح پر تعلیم اور صحت کے اداروں کی تشکیل ہے۔ کم سے کم ایک بنیادی صحت اور تعلیم کا ادارہ ضلعی سطح پر، ثانوی، مناطقی سطح پر اور ترتیری، صوبائی سطح پر ہونا چاہیے۔ اسی طرح ملکی سطح پر بھی ایک صحت اور تعلیم کا ادارہ ہونا چاہیے۔ علاوہ ازیں، ملک میں ایک ذیلی۔جدیدی ادارہ ہونا چاہیے جہاں دو سال کی مدّت تک لاحقہ جماعت کی تعلیم و تربیّت سابقہ جماعت کرے گی۔

بعد از تکمیلِ میعاد، جیدّ (بشمولَ وزرائے ماندہ) ان اداروں میں اعلیٰ ترین انتظامی مناصب کو، بمطابق حلقہ قابلیّت، پُر کریں گے اور ان کی مراعات حاضرِ خدمت جیدّوں کے برابر ہوں گی۔ مثال کے طور پر، وزیرِ ضلّع، ضلعی سطح پر بنیادی تعلیم کے ادارے کی سربراہی کو ترجیح دے اور اسی ضلعے کا وزیرِ ماندہ بنیادی صحت کے ادارے کی سربراہی کرے۔ وزیرِ اعظم، ملکی سطح پر تعلیم یا صحت کے ادارے کی سربراہی کو ترجیح دے اور صدر، ذیلی۔جدیدی ادارے کی سربراہی کو ترجیح دے۔

(ذیلی۔) جیدّ کی میعاد کے دوران یا اس کے بعد، اگر لاحقہ جماعت خلیہ مرتّب کرے، تو (ذیلی۔) جیدّ کا ضلّع زمین کے اُس خِطّے کو تصوّر کیا جائے جہاں سے اُس نے انتخاب میں شمولیّت اختیار کی تھی۔ اگر وہ خطّہ مختلف ضلعوں میں تقسیم ہو چکا ہو تو جیدّ کا ضلّع زمین کے اس خِطّے کو تصوّر کیا جائے جہاں اُس کا گھر ہو۔ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو قانونِ قرعہ کا اطلاق کیا جائے۔ اگر وہ خطّہ کُلّی طور پر کسی دوسرے ملک میں ضم ہو چکا ہو تو جیدّ کا تعلق بھی اُس دوسرے ملک سے ہی ہو گا۔ بایں وجہ وہ دوسرے ملک کی ذیلی۔جدیدیّت کا حصّہ بن جائے گا۔

بحیثیّتِ ذیلی۔جیدّ اپنی میعاد کی تکمیل کے بعد وہ پھر سے بطورِ شہری اپنی ذمّہ داریاں سنبھال لیں گے۔ وہ، قانونِ سنہ سے قطع نظر، بطیبِ خاطر، جدیدی نظام کے تحت منصب کے لیے باقی شہریوں سے مقابلہ کرنے کے لیے اہل ہوں گے شق (۵) ۳۴۔ صدر اور وزرائے اعظم، حسبِ آئین، لائحۂ قدم بر برائے ترتیبِ زیر میں حصّہ نہ لینے کے مستحق قرار پائیں گے۔ علاوہ ازیں، ذیلی۔جیدّوں کو، جو کہ اب شہری ہیں، قطعاً یہ اجازت نہیں ملنی چاہیے کہ وہ ایسے عوامی یا نجّی شعبوں کی سربراہی کریں یا ان میں شمولیّت اختیار کریں جن کا تعلّق بلا یا بالواسطہ جدیدیّت سے ہو۔

ہنگامی جدیدی نظام، ذیلی۔ جدیدیّت میں شمولیّت اختیار نہیں کر سکتا۔ البتّہ، وہ ج ۲ میں شمولیّت اختیار کر سکتا ہے۔ ہنگامی جدیدی نظام ذیلی۔جدیدیّت میں شامل نہیں ہوتا۔ ج۔ ۱، تین سالہ خدمت کے بعد، ذیلی۔جدیدیّت میں عرصہ پانچ سال کے لیے شامل ہو جائے گی شق (۲) ۳۴ کی شرطیہ عبارت۔ ج۔ ۱ وہ واحد جماعت ہے جس کے

جیّد، ذیلی۔جدیدیّت میں اپنی خدمت کی میعاد سے زائد عرصہ گزاریں گے۔ ج۳ کی تشکیل ج۲ کی خدمت کے تیسرے سال میں ہوگی۔ ج۲ کی بقایا دو سالہ مدّت میں ج۳ کی تعلیم و تربیّت ذیلی۔جدیدی ادارے میں ج۔۱ کرے گی۔

ج۔۱ کے جیّد ج۴ میں شمولیّت اختیار کر سکتے ہیں بشرطیکہ وہ اہل ہوں۔ ج۲ کے دورانِ خدمت ج۔۱ ذیلی۔جیّد ہوں گے۔ ج۳ کے دورانِ خدمت ج۔۱ بحیثیّتِ شہری تصوّر کیے جائیں گے۔ اس عرصے میں اگر ج۔۱ جیّد اہل ہو جاتا ہے تو وہ ج۴ میں شامل ہو جائے گا۔ ہر جیّد شمولیّت سے پہلے عرصہ دو سال کے لیے ذیلی۔جدیدی ادارے میں تعلیم و تربیّت حاصل کرے گا۔ استثنیٰ محض ج۔۱ اور ۲ کو حاصل ہے۔

ج۳، ج۲ کی مدّت کے تیسرے سال کے آخر میں منتخب ہوگی اور پانچویں سال کے آخر میں شمولیّت اختیار کرے گی۔ ج۳ کے منتخب جیّدوں کی تعلیم وتربیّت، شمولیّت سے پیشتر، عرصہ دو سال کے لیے ذیلی۔جدیدی ادارے میں ج۔۱ کرے گی۔ اس لیے ج۳ جدیدیّت کی وہ پہلی جماعت ہے جس کی تعلیم و تربیّت ذیلی۔جدیدی ادارے میں ہوگی۔ اس کے بعد یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

چودہ۔ا۔۔جدول: ذیلی۔جدیدیّت اور لاحقہ جماعتوں میں دوبارہ شمولیّت

| جماعت | شمولیّت زیرِ | تربیّت با | دوبارہ شمولیّت زیرِ |
|---|---|---|---|
| ج۔۱ | - | - | ج۴ |
| ج۲ | ج۔۱ | - | ج۵ |
| ج۳ | ج۲ | ج۔۱ | ج۶ |
| ج۴ | ج۳ | ج۲ | ج۷ |
| ج۵ | ج۴ | ج۳ | ج۸ |

لائحۂ کثیر الجماعت کے اطلاق کے بعد، متفرق لاحقہ جماعتوں کے جیدوں کی تربیّت متفرق سابقہ جماعتوں کے جید کریں گے۔ اگر جید پانچ سال سے کم مدت کے لیے حاضرِ خدمت رہے تو اس کی دوبارہ شمولیت جلد بھی ہو سکتی ہے۔



اشتراک

**پندرہ۔** تنوّع اور انطباق۔۔۔ج۔اشتراک

*تنوّع تقدّس ہے، اس کی قدر کرو۔* ایک ملک میں تمام جیّد مقامی ہوتے ہیں۔ وہ کبھی بھی ایسا قدم نہیں اٹھائیں گے جو ملکی مفاد کے سراسر خلاف ہو۔ البتّہ، یہ حالت اس وقت تبدیل ہوگی جب رقبہ ۴.۰ ملین مربّع کلومیٹر سے بڑھ جائے گا۔ *انطباق اتّحاف ہے جو اُٹھاتا ہے۔* تہاذیب کو مجبور کیا جائے کہ وہ ایسی روش پر ترقّی کریں کہ ان کی شناخت کا وہ پہلو وقت کے ساتھ ختم ہو جائے جو ہم آہنگی سے متصادم ہو۔

اس توازن کو اقوالِ خمسہ کے پانچ اقوال برقرار رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں، قانونِ مجالسِ ثلاثہ، ترجیحی طرزِ حکومت ہے اور جہاں تک ممکن ہو ایوان کو مشترکہ اجلاس سے اجتناب کرنا چاہیے۔ اوّلاً اصطکاک ناگزیر ہے لیکن وقت کے ساتھ یہ تناو کم ہو جائے گا۔

کیا تم نے کبھی جڑوں کے بغیر درخت دیکھا ہے؟ آنکھیں کھولو، جو کچھ تمہیں درکار ہے وہ مفت مہیّا کیا جا چکا ہے۔ دنیا دکان نہیں ہے اور بایں وجہ اسے دکاندار چلا بھی نہیں سکتے۔ حکم کے بغیر ترقّی *ہاتھ پر ریت جمانا* ہے۔ اس وقت تمہیں جو کچھ نظر آ رہا ہے اور جو کچھ تم محسوس کر سکتے ہو وہ محض ایک سراب ہے؛ اس کا کوئی وجود ہی نہیں۔ وقت آگیا ہے کہ ترجیحات کی ترتیب درست کی جائے۔ *زمین اور آئین کے سہارے کے بغیر تزئین فقط ہوس ہے۔*

تہذیب یا تو اپنا رقبہ بڑھائے بغیر ترقّی پذیر ہوگی یا اشتراک کرے گی اور اپنا رقبہ بڑھانے کے بعد ترقّی پذیر ہوگی۔ ج۔اشتراک دو طرح کا ہوتا ہے: (۱) ج۔انضمام، اشتراک بَرضا اور (۲) ج۔آبادی، اشتراک بزور۔

پندرہ۔ا۔۔۔ج۔انضمام محض جدیدی ممالک ہی کر سکتے ہیں۔ اس سے مراد بغیر جنگ و جدل کے قطعۂ جدیدیّت کے رقبے میں اضافہ ہے۔ مزید برآں، ج۔انضمام محض کلاں سال ج۔یافتہ ممالک کے درمیان ہی ہوتا ہے۔ اگر ایک ملک ج۔یافتہ؛ جبکہ، دوسرا غیرج۔یافتہ ہو تو اُنکے درمیان ج۔آبادیّت ہو سکتی ہے۔ ج۔انضمام کی چار اقسام ہیں:

۱۔ معیّن ج۔انضمام،
۲۔ بے طرف ج۔انضمام،
۳۔ باطرف ج۔انضمام، اور
۴۔ ج۔اضافہ۔

پندرہ۔ا(۱)۔۔۔معیّن ج۔انضمام اس وقت وقوع پذیر ہوتا ہے جب موجودہ نظامِ جہاں کا ایک ملک جس کا رقبہ کامل ذیلی۔خِطّے سے زیادہ ہو، جدیدیّت کا انتخاب کرے۔ ایسی صورت میں متعدّد جوزا / کامل۔خِطّے آئین کے مطابق ضم ہو جائیں گے اور ایک قطعۂ جدیدیّت تشکیل دیں گے۔

مثال کے طور پر اگر ایک موجودہ ملک جس کا رقبہ ۹۰۰۰۰ مربّع کلومیٹر ہو، تو بعد از انتخابِ جدیدیّت، تین ممالک / جوزا ذیلی۔خطّے بنائے گا اور ہر تین کا رقبہ ۳۰۰۰۰ ہو گا۔ یہ تین ممالک، بعد از معیّن ج۔انضمام، ایک برِصغیر / ذیلی۔خطّہ تشکیل دیں گے۔

جب موجودہ نظامِ جہاں کے دو مختلف جدیدی ممالک ج۔انضمام کا انتخاب کریں تو وہ بے یا باطرف ہو گا۔

پندرہ۔ا(۲)۔۔۔بےطرف ج۔انضمام میں صرف ایک بےطرف قطعہ ہوتا ہے۔ ایک معیّن یا بےطرف ج۔انضمام شدہ قطعۂ جدیدیّت کو بالاختصار بےطرف قطعہ کہتے ہیں۔ معیّن اور بے طرف ج۔انضمام کے مابین فرق یہ ہے کہ معیّن، موجودہ نظامِ جہاں میں پہلے سے موجود ملک اور بے طرف، موجودہ نظامِ جہاں کے دو مختلف ممالک کے درمیان وقوع پذیر ہوتا ہے۔

اگر بےطرف قطعے کا ایک حصّہ مرکزی زمین سے الگ ہو تو اسے مرکزی اور خارج بےطرف قطعوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ وہ آئین کے تحت وحدت کے ساتھ اپنے فرائض کی انجام دہی کریں گے۔ خارج بےطرف قطعے کا رقبہ مرکزی بےطرف قطعے کے رقبے سے کم ہوتا ہے۔ اس طرز کا انضمام ترجیحاً برابر حکم اور کم تنازعہ خِطّوں میں ہونا چاہیے۔

مثال کے طور پر ا کا رقبہ ۱.۲ اور ب کا ۰.۴ ملین مربّع کلومیٹر ہے۔ بعد از ج۔انضمام، بےطرف قطعے کا رقبہ ۱.۶ ہو جائے گا۔ خلیے کے مطابق، قبلاً، ا میں ایک صدر، ایک ایوانِ نیم، ۳ نائب صدور اور ۳ ایواناتِ زیر تھے؛ جبکہ، ب میں ایک صدر اور ایک ایوانِ زیر تھا۔

پندرہ۔ا(۲۔ا)۔۔۔سالِ اوّل: وہ جدیدی نظام نافذ رہے گا جو ج۔انضمام سے پہلے فعال تھا۔ محض نئے ہادیٔ احمر کا انتخاب، عرصہ پانچ سال کے لیے،بمطابقِ جدولِ مساوی پندرہ۔ا(۳۔پ) ہو گا ۔ ج۔انضمام سے متعلقہ تنازعات میں ہادیٔ احمر کا فیصلہ حتمی تصوّر کیا جائے گا۔ اسی بنا پر بوقتِ انضمام منتخب شدہ ہادیٔ احمر کو قاضیٔ اصلاح بھی کہتے ہیں۔

ا کے تین نائب صدور ، صدر کو جوابدہ ہوں گے جو قاضیٔ اصلاح کو جوابدہ ہو گا۔ اسی طرح ب کا صدر بھی قاضیٔ اصلاح کو جوابدہ ہو گا۔

آخرتاً، سالِ اوّل میں دونوں مجالِس۔ا، یعنی، ا کے ایوانِ نیم اور ب کے ایوانِ زیر کی مجلِس۔ا کے نمائندے، جو دونوں مجالس سے برابر تعداد میں ہوں گے، خلیہ مرتّب کریں گے۔

پندرہ۔ا(۲۔ب)۔۔۔سالِ دوئم: سالِ اوّل کے دوران مرتّب کردہ خلیہ نافذ کیا جائے۔ 1.6 کے رقبے میں ۰.۳۲ کے پانچ جوزا ذیلی۔خِطّے ہوں گے۔ اس لیے پہلے ممالک کی تعداد چار تھی؛ جبکہ، اب پانچ ہے۔ مزید برآں، بمطابقِ ارتقا، ۱۰۰۰ کے خانوں والا خلیہ مرتّب کیا جائے گا۔ اِس لیے خلیے کو پُر کرنے کے لیے زیادہ جیّد درکار ہوں گے۔

ملکی نظام: جیّدوں کی تعداد برِصغیر میں موجود ضلعوں کی تعداد کے دوگنہ ہونی چاہیے۔ مثال کے طور پر اگر پانچوں ممالک میں ضلعوں کی تعداد ۱۵۰=۳۰+۳۰+۳۰+۳۰+۳۰ ہو تو منتخب جیّدوں کی تعداد ۳۰۰ ہونی چاہیے۔ اِن کے انتخاب کے لیے سب سے پہلے، دستیاب گروہ میں حلقہ اور ج۔ قابلیّت کے مطابق، ٦٠ جیّد ہر ملک میں شامل کیے جائیں گے۔ اگر ضرورت پڑے تو حلقہ اور معروضی قابلیّت کے مطابق وزرائے ماندہ بھی شامل کیے جا سکتے ہیں۔ اس کے بعد سب سے زیادہ ج۔قابلیّت والے جیّد کو بطورِ نائب صدر منتخب کیا جائے گا۔ دوسرے، تیسرے اور چوتھے ج۔قابلیّت والے جیّدوں کو، بالتّرتیب، بطورِ وزیرِ اعظم۔ا، ل اور م منتخب کیا جائے گا۔ ج قابلیّت میں اگلے ۵ یا اس سے زائد جیّد وزرائے صوبہ ہوں گے۔ ان کے مابین صوبوں کی تقسیم حلقہ قابلیّت کے مطابق ہوگی۔ ج قابلیّت میں اگلے جیّد، مناطق کی تعداد کے مطابق، وزرائے منطقہ ہوں گے۔ ان کے مابین مناطق کی تقسیم حلقہ قابلیّت کے مطابق ہوگی۔ ج قابلیّت میں اگلے جیّد، ضلعوں کی تعداد کے مطابق، وزرائے ضلع ہوں گے۔ ان کے مابین ضلعوں کی تقسیم حلقہ قابلیّت کے مطابق ہوگی۔ معروضی قابلیّت کے مطابق اگلے جیّد، ضابطہ وزارتوں کی تعداد کے مطابق، ضابطہ وزرا ہوں گے۔ ان کے مابین وزارتوں کی تقسیم نائب صدر کی مرضی کے مطابق ہوگی۔ جو بچ جائیں گے وہ وزرائے ماندہ ہوں گے۔

صغیری نظام: ہادئ احمر کا انتخاب چونکہ عرصہ پانچ سال کے لیے کیا جاتا ہے اس لیے وہ تبدیل نہیں ہو گا۔ پانچوں ممالک کے نائب صدور ہادئ احمر کو جوابدہ ہوں گے۔ علاوہ ازیں، ہادئ احمر، پانچوں ممالک کے ملکی ضابطہ وزرا میں سے کسی کو بھی بطورِ صغیری وزیر منتخب کر سکتا ہے۔ اس صورت میں ملکی وزیر بطورِ صغیری وزیر قدم بر ہو گا اور اس کی جگہ اگلا وزیرِ ماندہ، معروضی قابلیّت اور نائب صدر کی مرضی کے مطابق لے گا۔

ایوانات: پانچ ایواناتِ زیر اور ایک ایوانِ نیم میں جیدوں کی شمولیّت سات۔ڈ حصّۂ دوئم ایوان فیصد قابلیّت کے مطابق ہو گی۔

ذیلی۔جیّد: وہ وزرا جو پہلے سے ذیلی۔جدیدیّت کا حصہ ہوں گے، بمطابقِ حلقہ اور ج۔قابلیّت، ذیلی۔جدیدیّت کا حصّہ رہیں گے۔ ایسی صورت میں اُن کے عرصۂ خدمت کا شمار اُس دن سے نہیں کیا جائے گا جب وہ ذیلی۔جدیدیّت میں شامل ہوئے بلکہ سالِ اوّل کے پہلے دن سے کیا جائے گا۔

پندرہ۔ا(۲۔پ)۔۔۔سالِ سوئم: نئی جماعت کو بمطابق امتحان اور انتخاب منتخب کیا جائے گا۔ ان کی تعلیم و تربیّت ذیلی۔جدیدی ادارے میں عرصہ دو سال تک دونوں سابقہ ممالک کے ذیلی۔جیّد کریں گے۔

پندرہ۔ا(۳)۔۔۔باطرف ج۔انضمام: باطرف قطعۂ جدیدیّت میں دو یا زیادہ باطرف قطعے ہوتے ہیں جو خودمختاری سے قاضئ اصلاح کے تحت خدمات انجام دیتے ہیں۔ باطرف قطعات کی سرحدیں مشترک ہو سکتی ہیں یا ان کی سرحدیں مشترک نہیں ہو سکتیں؛ مرکزی اور خارج باطرف قطعات۔ اگر ایک باطرف قطعہ ہر طرف سے دوسرے، بڑے، باطرف قطعے کی اندر سمویا گیا ہو تو اسے محصور باطرف قطعہ کہتے ہیں۔



اس طرز کا انضمام ترجیحاً مختلف حکم اور زیادہ تنازعہ خِطّوں میں ہونا چاہیے۔ مثال کے طور پر ا کا رقبہ ۱.۲ اور ب کا رقبہ ۰.۴ ہے۔ باطرف ج۔انضمام کے بعد یہ رقبہ ۱.٦ ہو جائے گا۔ بعد از سالِ اوّل، ایک بے طرف قطعے میں اس رقبے کے اندر ۰.۳۲ کے پانچ جوزا ذیلی۔خِطّے ہوں گے۔ نظام میں صدر، ایوان نیم، پانچ نائب صدور اور پانچ ایواناتِ زیر شامل ہوں گے۔ البتّہ، ایک باطرف قطعۂ جدیدیّت میں اس رقبے کے اندر دو باطرف قطعے ہوں گے؛ ا کا رقبہ ۱.۲ جبکہ ب کا رقبہ ۰.۴ ہو گا۔ ا میں صدر، ایک ایوانِ نیم، تین نائب صدور اور تین ایواناتِ زیر ہوں گے؛ جبکہ، ب میں صدر اور ایک ایوانِ زیر ہو گا۔ ا اور ب کے صدور قاضئ اصلاح کو جوابدہ ہوں گے۔

باطرف ج۔انضمام کے ضوابط کے مطابق، ا کے ایوانِ نیم اور ب کے ایوانِ زیر کی حیثیّت برابر ہے۔ یہ انتظام باطرف قطعات کو ایک دوسرے سے محفوظ رکھتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر ا اور ب کے لوگوں کا اعتقاد مختلف ہے۔ اور اگر قاضئ اصلاح کا تعلق ا سے ہے اور وہ ایسا فرمان صادر کرتا ہے جو ب کے اعتقاد کے برخلاف ہو تو ب کا ایوانِ زیر اس فرمان کو دو تہائی اکثریّت سے منسوخ کر دے گا۔ ایسی صورت میں ا کا ایوانِ نیم یا قاضئ اصلاح اُسے روک نہیں سکتے۔ اسی طرح باطرف قطعات کے اساسی ادارے بھی خودمختاری سے اپنے دائرۂ اختیار میں خدمات انجام دیں گے۔ باطرف قطعات کے درمیان واحد رابطہ قاضئ اصلاح ہے۔

باطرف قطعۂ جدیدیّت میں باطرف قطعات، جغرافیائی اور انتظامی لحاظ سے، حسبِ آئین، خودمختاری کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ قاضئ اصلاح کا انتخاب جدولِ مساوی کے مطابق کیا جاتا ہے۔ باطرف قطعات کے بالاترین ایوانات خودمختاری کے ساتھ اپنے دائرۂ اختیار میں خدمات کی انجام دہی کرتے ہیں۔

باطرف قطعوں میں لائحۂ کثیرالجماعت کا اطلاق نہیں کرنا چاہیے۔ اگر اطلاق پہلے ہی ہو چکا ہے تو جماعتوں کا اشتراک کرنا چاہیے۔

پندرہ۔ا(۳۔ا)۔۔۔تسخیرِ ساعت گرد

کا مطلب ہے باطرف قطعات کے جغرافیائی خطّوں کا قدم وار اختلاط ۔ دورانِ تسخیر بڑا جغرافیائی خطّہ ا، بہ طرزِ ساعت گرد، چھوٹے جغرافیائی خطے ب کا ۲۰ فیصد رقبہ تسخیر کر لیتا ہے۔ جبکہ، ب ، بہ طرزِ ساعت گرد، ا کا اتنا رقبہ تسخیر کر لیتا ہے جو ب کے ۲۰ فیصد رقبے کے برابر ہو۔

نتیجتاً تمام (غیر) اساسی ادارے جو مسخّر ملک میں گزشتہ پنجسالہ عرصے میں فعال تھے، تسخیر کُنندہ ملک کے تحت خدمات کی انجام دہی پر فائز ہو جائیں گے۔ قریبُ التسخیر پارۂ زمین پر (غیر) اساسی اداروں کے بنیادی نظام اور اُن کے عملے کی تعداد کو متعلقہ باطرف قطعہ پنجسالہ عرصے کے دوران بے جا تبدیل نہ کرے۔ مثالی طور پر اس طرز کی تبدیلیاں متعلقہ ملک تسخیر کے فوراً بعد کرے۔ مطلب یہ کہ، یہ تبدیلیاں پہلے، چھٹّے، گیارہویں، سولہویں، اکّیسویں اور چھبّیسویں سال کے شروع میں کرنی چاہییں۔ البتہ، اگر کسی بھی وجہ سے یہ تبدیلی پنجسالہ مدّت کے دوران کرنا ضروری ہو تو بعد از تسخیر، تسخیر کُنندہ، حاضر یا گزشتہ میں سے کسی بھی نظام کا انتخاب اپنے لیے کر سکتا ہے۔ گھڑی اپنی گردش تیس سالہ عرصے میں مکمّل کرتی ہے، بعد ازاں، خطّہ بے طرف ہو جاتا ہے۔

ذیلی خاکوں میں ۳۰۰۰۰ مربع کلومیٹر کا رقبہ دکھایا گیا ہے۔ اس میں سے ا (سرخ) کا رقبہ ۲۰۰۰۰ مربع کلومیٹر؛ جبکہ، ب (نیلے) کا رقبہ ۱۰۰۰۰ مربع کلومیٹر ہے۔

سال ۵-۱: ا اور ب با طرف قطعات ہیں، اس لیے، ہر دو کا اپنا صدر ہو گا جو کہ ہادیٔ احمر، جس کا انتخاب جدولِ مساوی کے مطابق کیا جائے گا، کو جوابدہ ہو گا۔

سال ۱۰-۶: ۲۰ فیصد ا تا ب تسخیر اور ۲۰۰۰۰ مربع کلومیٹر ب تا ا تسخیر۔ یہ رقبہ ب کے ۲۰ فیصد کے برابر ہے۔

سال ۱۵-۱۱: %۴۰=۲۰+۲۰ ا تا ب تسخیر اور ۴۰۰۰۰ مربع کلومیٹر ب تا ا تسخیر۔

سال ۲۰-۱۶: %۶۰=۲۰+۲۰+۲۰ ا تا ب تسخیر اور ۶۰۰۰۰ مربع کلومیٹر ب تا ا تسخیر۔

سال ۲۵-۲۱: %۸۰=۲۰+۲۰+۲۰+۲۰ ا تا ب تسخیر اور ۸۰۰۰۰ مربع کلومیٹر ب تا ا تسخیر۔

سال ۳۰-۲۶: سو فیصد تسخیر۔

سال ۳۱ اور بعد ازاں: بے طرف ج۔انضمام۔

آخرتاً، قاضیٔ اصلاح، اور با طرف قطعات کے صدور کی صلاح سے کسی بھی وقت با طرف ج۔انضمام کو بے طرف ج۔انضمام سے تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ اس عمل کو ایوان مشترکہ اجلاس کی دو۔تہائی اکثریّت سے منسوخ کر سکتا ہے۔

پندرہ۔ا(۳۔ب)۔۔۔**خاکہ**: سال وار




سال ۱۔۵




سال ۶۔۱۰




سال ۱۱۔۱۵




سال ۱۶۔۲۰

Cressetbook.com




سال ٣٠ـ٢٦




سال ٢٥ـ٢١

پندرہ-ا(٣-ب)---**خاکہ**: جوہر



پندرہ۔ا(۳۔پ)۔۔۔جدولِ: مساوی برائے انتخابِ قاضئ اصلاح

| ع ش | حسبِ حاکم | حسبِ تابع |
|---|---|---|
| ١ | خارج خُرد | خارج خُرد |
| ٢ | خارج کلاں | خارج کلاں |
| ٣ | حاکمِ نو | تابع نو |
| ۴ | حاکم نیم | محصور تابع نیم |
| ۵ | حاکم ناب | ۔ |
| ٦ | حاکم | ۔ |

I. اگر ایک عدد شمار سے تعلّق رکھنے والی تہاذیب باطرف ج۔انضمام کا انتخاب کریں تو صدور موضوعی امتحان میں شمولیّت اختیار کریں گے۔

II. اگر مختلف عدد شمار سے تعلّق رکھنے والی تہاذیب باطرف ج۔انضمام کا انتخاب کریں تو بالا عدد شمار تہذیب کا جیدّ پہلے پانچ سال کیلئے بحیثیّتِ قاضئ اصلاح منتخب ہو گا۔ بعد ازاں صدور موضوعی امتحان میں شمولیّت اختیار کریں گے۔

پندرہ۔ا(۴)۔۔۔ج۔اضافہ اس وقت ہوتا ہے جب زیادہ رقبے والی تہذیب، ١٠٠٠٠ مربّع کلومیٹر سے کم رقبے والی تہذیب کا اضافہ کرے۔ اس طرز کا ج۔انضمام ہمیشہ بے طرف ہوتا ہے اور صدر، عرصہ دس سال کے لیے، زیادہ رقبے والی تہذیب کا مقامی ہونا چاہیے۔ اس عرصے کے بعد مضافی تہذیب جدیدیّت میں برابری کی سطح پر قدم رکھے گی۔

پندرہ۔ا(۵)۔۔۔ج۔انضمام اور توسیع: ج۔انضمام، چاہے وہ کسی بھی قسم کا ہو، کے نتیجے میں سابقہ نظام کی میعادِ خدمت میں پانچ سال کا اضافہ ہو جائے گا۔ اس میعاد کا حساب پہلے سال کے پہلے دن سے لگایا جائے گا۔ مثال کے طور پر اگر ا اور ب ضم ہوتے ہیں تو ان کے اقتدار کی میعاد سے قطع نظر، دونوں کو مزید پانچ سال خدمت کا موقع ملے گا۔ قاضئ اصلاح بھی پانچ سال کے لیے منتخب ہو گا۔ پندرہ۔ا(۵۔ا)۔۔۔مزید برآں، عمرِ بازنشستگی یا انقضائے یثاق سے قطع نظر، بعد از ج۔انضمام اساسی عہدیداران کی میعاد میں پانچ سال کا اضافہ ہو جائے گا۔

مزید، اس امر کی وضاحت ضروری ہے کہ اگر، مثال کے طور، پر رقبہ ۰.۹ ملین مربّع کلومیٹر ہے تو اس میں تین نائب صدور اور ایک صدر ہوں گے۔ بے طرفی کی صورت میں نائب صدر پانچ اور صدر سات سالہ مدت کے لیے حاضرِ خدمت رہے گا۔ البتہ، با طرفی کی صورت میں سارے صدور پانچ سالہ مدت کے لیے حاضرِ خدمت رہیں گے۔ اسی طرح صغیری وزرا بھی پانچ سالہ مدت کے لیے حاضرِ خدمت رہیں گے۔ بالاِختصار، باطرفی کی صورت میں صغیری نظام پانچ سالہ مدت کے بعد مکمّل طور پر تبدیل ہو جائے گا۔

پندرہ۔ا(۵۔ب)۔۔۔کثیرالجماعت جدیدیّت کی صورت میں مختلف جماعتوں کے جیّدوں کو صدر، عرصہ پانچ سال کے لیے، ایک جماعت میں مشترک کرے گا۔ اگر ضرورت محسوس کی جائے تو بعد از ج۔انضمام، صدور، صرف ایک مرتبہ کے لیے اشتراکِ جماعت کے بعد بھی موضوعی امتحان اوّل میں شمولیّت اختیار کر سکتے ہیں۔

پندرہ۔ب۔۔۔ج۔آبادیّت حاکمِ ناب / حاکم کے کسی (غیر) جدیدی خارج کو طاقت کے استعمال کے ساتھ (بغیر) تسخیر کرنے کو کہتے ہیں۔ ج۔آبادیّت کا مقصد حاکمِ ناب / حاکم کے جمود کو توڑنا اور خوارج کے حکم کو بڑھانا ہے۔ اس بات کی اہمیّت کو سمجھنے کے لیے ایک نظریاتی سرحد کو عبور کرنا لازم ہے۔ حاکمِ ناب / حاکم کو یہ اجازت بچّے کی دیکھ بھال کرنے کے لیے ملی ہے؛ بدسلوکی کرنے کے لیے نہیں۔ خوارج کو بھی بیتِ بنّوں کی غیر جانبدار درجہ بندی تسلیم

کرنی چاہیے کیونکہ وہ اسمائے عمومی فراہم کرتی ہے۔ کمی کو پورا کرنے کے لیے اوّلاً اُس کی موجودگی کا احساس پیدا کرنا پڑتا ہے۔ ج۔آبادیّت کی صورت میں حاکمِ ناب / حاکم جدیدی ہونگے؛ جبکہ، جوارج (غیر) جدیدی ہو سکتے ہیں۔ ان کی سرحدیں مشترک ہو سکتی ہیں؛ قرین قطعۂ جدیدیّت یا مشترک نہیں ہو سکتیں؛ بعید قطعۂ جدیدیّت۔

خارج کے اندر حاکمِ ناب / حاکم کی کاروائی پر نظر رکھنا حاکمِ ناب / حاکم کے صدر کی ذمّہ داری ہے جو کہ دونوں تہاذیب کا سربراہ، ہادیٔ احمر، ہے۔ خارج نومولود ہے اور حاکمِ ناب / حاکم والدین ہیں۔ نومولود اگرچہ والدین کے رحم و کرم پر ہے لیکن اس کے حقوق ہوتے ہیں۔ قاضیٔ اصلاح کا کام ایک باریک توازن برقرار رکھنا ہے؛ ذرا سی غفلت اور نومولود انتقال کر جائے گا۔ اگر حاکمِ ناب / حاکم، خارج کے حکم کو عرصہ دس سال میں ایک پارہ بھی نہ بڑھا سکے تو وہ دونوں باطرف قطعات بن جائیں گے۔ ایسی صورت میں ج۔آباد کنندہ کے حاضرِ خدمت وزرا اپنی میعاد کے تیسرے سال میں مقامیوں کا امتحان اور انتخاب منعقد کروائیں گے۔

ج۔آبادیّت کے دوران حاکمِ ناب / حاکم، بطیبِ خاطر، خارج کے وسائل کے استحصال کا حق محفوظ رکھتا ہے لیکن ایسے طریقۂ کار پر کہ خارج کو مستقل نقصان نہ پہنچے۔ اس کے بدلے وہ خارج کو جدیدیّت سے متعارف کرائے گا۔

پندرہ۔ب(۱)۔۔۔**جدول**: <u>حقِ ج۔آبادیّت</u>: ج۔آبادیّت حصۂ پنجم، ب۔لو کے مطابق ہونی چاہیے۔ اگر کسی بھی وجہ سے یہ ممکن نہ ہو تو ذیلی جدول میں دی گئی ترتیب کو مدّنظر رکھا جائے:

| ع ش | حقِّ ج۔آبادیّت (ترتیبِ نزولی) |
| --- | --- |
| ۱ | حاکمِ ناب / حاکم جو خارج کے ساتھ مشترکہ سرحد رکھتا ہو یا اس کے قریب ہو |
| ۲ | حاکمِ ناب / حاکم جس نے ماضی قریب میں خارج کو نوآباد کیا ہو۔ |
| ۳ | سب سے زیادہ نمبر لینے والا حاکمِ ناب |
| ۴ | حاکم |

پندرہ۔ب(۲)۔۔۔**جدول**: حدِّ ج۔آبادیّت: جدیدی حاکمِ ناب / حاکم، مندرجہ ذیل جدول کے مطابق، جدیدی یا غیر جدیدی خارِج کی ج۔آبادیّت کا حق محفوظ رکھتا ہے:

| ع ش | درجہ بندی | ج۔آبادیَّت کی حد |
| --- | --- | --- |
| ۱ | خارج خُرد | نظامِ خطّہ، ضابطہ وزرا، وزرائے اعظم، صدور |
| ۲ | خارج کلاں | ضابطہ وزرا، وزرائے اعظم، صدور |
| ۳ | تابع نو | آزادی یا خارج جدیدی قطعہ |

ج۔آباد کنندہ کے جیّد، جو کہ ج۔آباد خطے پر حکومت کریں گے، ج۔آباد کنندہ کے وزرائے ماندہ ہوں گے۔ وہ معروضی قابلیّت کے مطابق ج۔آباد خطے کے صد(و)ر، وزرائے اعظم، وزرائے خطہ، ضابطہ وزرا اور وزرائے ماندہ کے طور پر منتخب ہوں گے۔ اگر ج۔آباد کنندہ میں ایک سے زیادہ ممالک ہوں تو تمام ممالک کے تمام وزرائے ماندہ کی مشترکہ فہرستِ قابلیّت تیار کی جائے گی۔ علاوہ ازیں، وزرائے ماندہ عرصہ پانچ سال کے لیے ہادیٔ احمر کی رضا مندی کے ساتھ ج۔آباد خطے پر حکومت کریں گے۔

پندرہ۔ب(۳)۔۔۔ج۔اتّصال: تابعِ نو بننے کے بعد ج۔آباد تہذیب کا نسب تبدیل ہو جائے گا۔ اگر وہ قرین قطعۂ جدیدیّت ہے تو وہ ج۔اتّصال کرے گا، یعنی، حاکم کا حصّہ بن جائے گا۔ اگر متعدّد بعید قطعہ ہائے جدیدیّت ہیں جن کی سرحدیں آپس میں تو ملتی ہیں لیکن حاکم سے نہیں ملتیں تو وہ درونِ خانہ ج۔اتّصال کریں گے۔ مطلب یہ کہ اگر ایک بعید

جدیدی قطعہ، تابِع نو بن جائے تو وہ گروہ میں سب سے کم حکم والی تہذیب، جسکی سرحد اُس سے ملتی ہو، سے ج۔اتّصال کرے گا۔ یہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کہ پورا قطعہ تابِع نو نہیں بن جاتا۔ بعد ازاں، قطعہ یا تو حاکم کا حصہ بن جائے گا؛ خارج ج۔اتّصال اور اُس کے بعد خارج قطعۂ جدیدیّت کا معرضِ وجود میں آنا، یا حاکم سے آزادی حاصل کر لے گا۔ ذیلی جدول چار بعید قطعہ ہائے جدیدیّت کے درونِ خانہ ج۔اتّصال کی ترتیب کو واضح کرتا ہے:

پندرہ۔ب(۳۔ا)۔۔۔پہلا مرحلہ: سب خارجِ خُرد ہیں۔

| | |
|---|---|
| بعید قطعۂ جدیدیّت نمبر ۱ ۔ خارجِ خُرد | بعید قطعۂ جدیدیّت نمبر ۲ ۔ خارجِ خُرد |
| بعید قطعۂ جدیدیّت نمبر ۳ ۔ خارجِ خُرد | بعید قطعۂ جدیدیّت نمبر ۴ ۔ خارجِ خُرد |

پندرہ۔ب(۳۔ب)۔۔۔دوسرا مرحلہ: بعید جدیدی قطعہ نمبر ۲، تابِع نیم بن گیا۔

| | |
|---|---|
| خارجِ خُرد | تابِع نیم |
| خارجِ خُرد | خارجِ خُرد |

پندرہ۔ب(۳۔پ)۔۔۔تیسرا مرحلہ: بعید جدیدی قطعہ نمبر ۱، تابِع نیم بن گیا۔ بعید جدیدی قطعات نمبر ۲ اور ۴ نے ج۔انضمام کیا جس کے بعد ان کا حکم اندازتاً، خارجِ کلاں ہوا۔

| | |
|---|---|
| تابِع نیم | خارجِ کلاں |
| خارجِ خُرد | |

پندرہ۔ب(۳۔ت)۔۔۔چوتھا مرحلہ: بعید جدیدی قطعات نمبر ۱ اور ۳ نے ج۔انضمام کیا جس کے بعد ان کا حکم اندازتاً، خارجِ کلاں ہوا۔ ج۔انضمام شدہ بعید جدیدی قطعات نمبر۲ اور ۴ کا حکم اندازتاً تابعِ نیم ہو جائے گا۔

| | |
|---|---|
| خارجِ کلاں | تابعِ نیم |

پندرہ۔ب(۳۔ٹ)۔۔۔پانچواں مرحلہ: چوتھے مرحلے کا تابعِ نیم، چوتھے مرحلے کے خارجِ کلاں کے ساتھ ج۔انضمام کرے گا اور پس از ج۔انضمام ان کا حکم اندازتاً، خارجِ کلاں ہو گا۔

| |
|---|
| خارجِ کلاں |

پندرہ۔ب(۳۔ث)۔۔۔چھٹا مرحلہ: پانچویں مرحلے کا خارجِ کلاں، تابعِ نو بن جاتا ہے اور آزادی حاصل کر لیتا ہے۔یہ حاکم کا حصّہ بھی بن سکتا ہے اور اِس صورت میں اسے خارج قطعۂ جدیدیّت کہا جائے گا۔بیان کردہ دونوں صورتوں میں حاکم دوبارہ حاکمِ ناب بن جائے گا، بشرطیکہ وہ مزید قرین / بعید قطعہ ہائے جدیدیّت نہ رکھتا ہو۔

| |
|---|
| حاکمِ نو اور آزادی یا خارج جدیدی قطعہ |

پندرہ۔پ۔۔۔ج۔اتصال اور لائحۂ ستّر۔تیس

اگر ۷۰ % سے زائد علاقہ یا خطہ یا براِعظم، جیسے کہ حصۂ پنجم،ب۔لو میں مذکور ہے، ج۔یافتہ ہو جائے اور بقایا ۳۰ % سے کم، سات سال گزر جانے کے باوجود، غیرج۔یافتہ رہے تو حاکم، بمطابق پندرہ۔ب(۱)۔۔۔جدول: حقِ

ج۔آبادیّت، اُس رقیبے کے کسی بھی ملک کو ج۔آباد کر سکتا ہے۔یہ ج۔آباد شدہ ملک، معینہ مدّت میں بمطابقِ حصۂ پنجم،ب۔لو، حاکم کا حصہ بن جائے گا یا آزادی حاصل کرے گا اور بقایا جدیدی ممالک کے ساتھ انضمام کرے گا۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو وہ حاکم کا باطرف قطعہ بن جائے گا۔

ج۔آبادیّت اور نوآبادیّت کے مابین فرق وہی ہے جو کہ دشنے کی ضرب اور آلاتِ جراحی سے پیدا کردہ زخم میں ہے۔ دونوں ہی زخم لگاتے ہیں لیکن سابق سلیقے سے اور دومی بد نظمی سے؛چیر/اورچاک۔ سابق اسے بوجہِ خلوص اور دومی بوجہِ ہوس لگاتا ہے۔ جدیدیّت کے تحفّظ کے بغیر حُکّام، خوارج کو کھا جائیں گے کیونکہ وہ بنیادی طور پر جارح ہیں۔ اسی طرح حُکّام کے ساتھ خوارج کا بے لگام اختلاط اُن کی ترقّی کی راہ میں حائل ہو سکتا ہے۔ جیدّ کا کام ہے کہ وہ دونوں میں سے ایک بھی ہونے نہ دے۔ *یہ پہلی مرتبہ نہیں کہ ایک خاندان تہذیب کی خاطر جِبِلّت کا گلا گھونٹے گا۔ اور بڑا چھوٹے کی خدمت کرے گا اور کمزور کا ہاتھ طاقتور کی ایڑی کو پکڑے گا۔*



ہم ترازی اور چیدگی



